www.mashriqquetta.com.pk

کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ

ABC CERTIFIED

Daily MASHRIQ QUETTA

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 | ہفتہ 22 شوال 1447ھ 11 اپریل 2026ء صفحات 08 | شمارہ 276

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے

خلیجی ممالک حق کا ساتھ دیں، مذاکرات سے قبل لبنان میں جنگ بندی، منجمد اثاثے بحال کیے جائیں، ایران

تہران (م ڈ) ایران کے نئے سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای نے سوشل ایک پوسٹ میں خلیجی ممالک کے نام ایک اہم اور خصوصی پیغام دیا۔ رساں ادارے کے مطابق ایران کے نئے سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای نے جنوبی ممالک کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ آپ اس وقت ایک...

مراد خصوصاً سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات ہے۔ امریکا اور ایران کے درمیان جنگ بندی کے بعد اہم ترین مذاکرات پاکستان کے دارالحکومت اسلام آباد میں ہفتے کے روز شیڈول ہیں۔ ایران نے مذاکرات کی میز پر بیٹھنے سے قبل لبنان میں جنگ بندی اور اپنے منجمد اثاثوں کی بحالی کو لازمی قرار دیا ہے۔ ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر باقر قالیباف نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری پیغام میں کہا ہے کہ فریقین...... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

تھنک ٹینک یو پاکستان عالمی سطح پر ٹرینڈ کرنے لگا

اسلام آباد: امریکی سیکورٹی ٹیم میں شامل بکتر بند وین نور خان ایئربیس کے باہر کھڑی ہے

ڈیزل 135، پٹرول 12 روپے سستا، وزیراعظم نے اعلان کردیا

ڈیزل کی نئی قیمت 385 روپے اور پیٹرول کی نئی قیمت 366 روپے ہوگی، قیمتوں میں کمی کا اطلاق رات 12 بجے سے ہوگیا

خلیج میں اب امن کی باتیں ہو رہی ہیں، مذاکرات کی میزبانی کا شرف صرف پاکستان نہیں عالم اسلام کیلئے لمحہ فخریہ ہے، شہباز شریف

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے ڈیزل کی قیمت میں 135 اور پیٹرول کی قیمت میں 12 روپے فی لیٹر کمی کا اعلان کردیا۔ وزیراعظم شہباز شریف قوم سے اہم خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ڈیزل کی قیمت میں 135 روپے اور پیٹرول کی قیمت میں 12 روپے فی لیٹر کی کمی کا اعلان کرتا ہوں۔ وزیراعظم نے کہا کہ ڈیزل کی نئی قیمت 385 روپے اور پیٹرول کی نئی قیمت 366 روپے ہوگی۔ ڈیزل ا...... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان اسمبلی: ایران امریکہ جنگ رکوانے کیلئے پاکستانی سفارتکاری کی تعریف، تہنیتی قرارداد منظور

پاکستان پرامن ذمہ دار ملک، وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے سیاسی بصیرت سے امن قائم کرایا

جنگ بندی مذاکرات مستقل امن، باہمی تعاون اور پاکستان کی خارجہ پالیسی کی پرامن ترجیحات کو مزید تقویت فراہم کرینگے

پاکستان کی کوششوں کی دنیا معترف ہے، عالمی رہنماؤں کی جانب سے مبارکباد کے تانتے بندھ گئے، وزراء، اراکین اسمبلی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان اسمبلی نے پاکستان کی جانب سے ایران امریکہ جنگ میں جنگ بندی اور ثالثی کے کردار کو سراہتے ہوئے مشترکہ تہنیتی قرارداد منظور کرلی جمعہ کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے تہنیتی قرارداد پیش...... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

سپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی کی زیر صدارت اجلاس میں ضیا لانگو، شعیب نوشیروانی، عاصم کرد گیلو و دیگر اظہار خیال کر رہے ہیں

صدر ٹرمپ کی جے ڈی وینس کو جنگ سے نکلنے کا راستہ تلاش کرنے کی ہدایت، ایران کیساتھ مذاکرات مثبت رہیں گے، امریکی نائب صدر پرامید

ایرانی و امریکی وفود پاکستان پہنچ گئے، امن مذاکرات آج ہونگے

ایرانی وفد کا استقبال فیلڈ مارشل عاصم منیر، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، وزیر داخلہ محسن نقوی اور اسپیکر قومی اسمبلی نے کیا، وفد میں سیکورٹی سیاسی عسکری اقتصادی اور قانونی امور کے حکام بھی شامل

ایرانی وفد کی قیادت وزیر خارجہ عباس عراقچی اور اسپیکر ایرانی پارلیمنٹ باقر قالیباف جبکہ امریکی وفد کی قیادت نائب صدر کے علاوہ، نمائندہ خصوصی اسٹیو وٹکوف اور صدر ٹرمپ کے داماد جیرڈ کشنر کرینگے

پاکستان کا غیر ملکی مندوبین اور صحافیوں کے لیے بڑا فیصلہ، شرکاء اور صحافیوں کے لیے ویزا پالیسی میں نرمی کا اعلان، تمام مندوبین اور صحافیوں کو پاکستان پہنچنے پر ویزا فراہم کیا جائے گا

وزیراعظم کی زیر صدارت مشاورتی اجلاس، ایران، امریکہ مذاکرات کی میزبانی کے انتظامات کا جائزہ، تیاریوں پر اطمینان کا اظہار، صرف متعلقہ افراد کو ریڈ زون میں داخلے کی اجازت ہوگی، محسن نقوی

اسلام آباد (زاہد احمد خان) امریکا اور ایران کے مذاکرات پاکستان کی ثالثی میں (آج) ہفتہ کو اسلام آباد میں ہوں گے۔ امریکی وفد میں نائب صدر جے ڈی وینس، نمائندہ خصوصی اسٹیو وٹکوف اور صدر ٹرمپ کے داماد جیرڈ کشنر جبکہ ایرانی وفد میں وزیر خارجہ عباس عراقچی اور اسپیکر ایرانی پارلیمنٹ باقر قالیباف شامل ہیں ایران سے امن مذاکرات کے...... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

اسحاق ڈار کو نیدرلینڈز کے وزیر خارجہ کا ٹیلیفون، جنگ بندی کو سراہا

فریقین نے لبنان میں جنگ بندی کی سنگین خلاف ورزیوں پر تشویش کا اظہار کیا

دونوں رہنماؤں سرمایہ کاری کے شعبوں میں تعاون مزید مضبوط بنانے کے عزم

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے نیدرلینڈز کے وزیر خارجہ ٹام بریندسن کا ٹیلی فونک رابطہ ہوا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق دونوں رہنماؤں نے خطے کی تازہ صورتحال پر تبادلہ خیال کیا، نیدرلینڈز کے وزیر خارجہ نے جنگ بندی میں سہولت کاری کیلئے پاکستان کے کردار کو سراہا...... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

خواتین کو بااختیار بنانے کیلئے مربوط اقدامات کر رہے ہیں، وزیراعلیٰ

صوبے کے تاریخی اور ثقافتی ورثے کے تحفظ کیلئے کوشاں ہیں، صوفی بزرگ شاہ قلندر کے مزار کی بحالی کیلئے 18 ملین فنڈ فراہم کیے

ایف سی ساؤتھ نے منصوبے کو اعلیٰ معیار کے مطابق مکمل کرنے میں اہم کردار ادا کیا، میر سرفراز بگٹی، مزار کی بحالی و تزئین کا افتتاح

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے کہا ہے کہ حکومت صوبے کے تاریخی و ثقافتی ورثے کے تحفظ، خواتین کو بااختیار بنانے اور عوامی مسائل کے فوری حل کے لیے مربوط اور عملی اقدامات کر رہی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے بنجگور کے دورے کے دوران مختلف ترقیاتی منصوبوں کے افتتاح اور ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) ہیڈ کوارٹر بنجگور رانجلو میں منعقدہ کھلی کچہری سے خطاب کرتے ہوئے کیا وزیراعلیٰ نے صوفی بزرگ شاہ قلندر کے مزار کی بحالی و تزئین و آرائش کا افتتاح...... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

ایرانی 7.8 ارب ڈالرز کی کرپٹو معیشت کو ترقی کا نیا راستہ مل گیا

ٹینکروں سے فی بیرل 1 ڈالر کے حساب سے فیس وصول کی جارہی ہے

ایران چاہتا ہے کہ یہ ادائیگیاں کرپٹو کرنسی میں کی جائیں، امریکی اخبار

نیویارک (م ڈ) امریکی اخبار کا کہنا ہے کہ ایران آبنائے ہرمز سے گزرنے والے تیل بردار جہازوں پر عائد ٹرانزٹ ٹول کرپٹو کرنسی میں وصول کرنا چاہتا ہے جس کا مقصد پابندیوں اور مالیاتی نگرانی سے بچنا ہے۔ امریکی اخبار کے مطابق ایران کی جانب سے آبنائے ہرمز سے گزرنے والے تیل بردار جہازوں پر کرپٹو کرنسی میں ٹرانزٹ فیس عائد کرنے کے مطالبے نے ملک کی 7.8 ارب ڈالرز کی کرپٹو معیشت اور مرکزی مالیاتی نظام سے باہر کام کرنے والی ریاستوں کے لیے ڈیجیٹل کرنسی کے کردار پر نئی روشنی ڈالی ہے۔ ایران کی آئل، گیس اور...... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

سعودی عرب نے گوادر میں 10 ارب ڈالر کے آئل ریفائنری منصوبے کو حتمی شکل دیدی

وزیراعظم سے سعودی وزیر خزانہ محمد بن عبداللہ الجدعان کی ملاقات، پاکستان کی دیرینہ اقتصادی اور مالی تعاون پر شکریہ ادا کیا

سعودی عرب کے ساتھ تجارت، سرمایہ کاری اور معاشی ترقی شعبوں میں تعاون کو مزید وسعت دینے کے لیے پرعزم ہیں، شہباز شریف

اسلام آباد (شاکر رحمان) سعودی عرب نے گوادر میں 10 ارب ڈالر کی آئل ریفائنری منصوبے کو حتمی شکل دیدی وزیراعظم کی سعودی عرب کے وزیر خزانہ سے اہم ملاقات ہوئی جس میں دونوں ممالک نے تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کا اعادہ کیا جبکہ وزیراعظم نے کہا کہ ولی عہد کی سرپرستی میں دونوں ممالک کے درمیان مضبوط رشتہ مزید مستحکم ہوگا۔ وزیراعظم...... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

1973 کا آئین حقیقی معنوں میں میثاقِ ملی ہے، مولانا فضل الرحمن

آئین کا اسلامی تشخص مذہبی جماعتوں کی دوراندیش قیادت کا مرہون منت ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمن نے کہا ہے کہ 1973 کا آئین حقیقی معنوں میں میثاق ملی ہے۔ 1973 کے متفقہ آئین منظور ہونے کے دن کے حوالے سے اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ آج کے دن 1973 کا آئین متفقہ طور پر منظور ہوا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان باقاعدہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کہلایا۔ انہوں نے کہا کہ یہ قومی وحدت کی علامت کا دن ہے۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ دو تہائی...... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

ہماری پہلی ترجیح انعام نہیں خطے میں پائیدار امن کا قیام ہے، بلاول بھٹو

عالمی برادری کے پاس پلان بی کی گنجائش نہیں ہے، ہمیں ہر صورت پلان اے یعنی امن کو ہی کامیاب بنانا ہوگا

ڈونلڈ ٹرمپ نے جنگ بندی کی توثیق کی ہے، ایران کے 10 نکاتی فارمولے کو مذاکرات کی بنیاد بنایا گیا ہے، انٹرویو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے نوبل امن انعام کی نامزدگی کے سوال اور افواہوں پر جواب دیتے ہوئے کہا ہے کہ ہماری پہلی ترجیح انعام نہیں بلکہ خطے میں پائیدار امن کا قیام ہے۔ برطانوی ٹی وی انٹرویو میں...... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

بھارت کی لبنان میں اسرائیلی حملوں میں ہلاکتوں پر تشویش

شہریوں کا تحفظ اولین ترجیح، صورتحال پر گہری نظر ہے، وزارت خارجہ

ممبئی (م ڈ) انڈیا نے لبنان میں اسرائیلی حملوں کے نتیجے میں ہونے والی 'بڑی تعداد میں شہری ہلاکتوں' پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ انڈین وزارت خارجہ کے ترجمان ر...... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم شہباز شریف سے سعودی وزیر خزانہ ملاقات کر رہے ہیں، فیلڈ مارشل عاصم منیر بھی موجود ہیں

ایران تاریخی شکست کا سامنا کرنا پڑا، امریکی سینٹرل کمانڈ

نیویارک (م ڈ) امریکی فوج کی سینٹرل کمانڈ کے سربراہ ایڈمرل بریڈ کوپر نے کہا ہے کہ ایران کو دہائیوں پر مشتمل تاریخی شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ ایڈمرل بریڈ کوپر کا کہنا ہے کہ امریکا نے آپریشن ایپک...... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

ایران سے منسلک ہیکر گروپ کا امریکہ پر حملے روکنے کا اعلان

تہران (این این آئی) ایران سے منسلک ہیکر گروپ نے امریکا پر حملے روکنے کا اعلان کر دیا ہے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق ایران سے تعلق رکھنے والے ایک ہیکر گروپ نے کہا ہے کہ جنگ بندی کے...... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

دبئی نے غیر ملکی ایئرلائنز کی پروازوں کو محدود کردیا

بھارتی حکومت پروازوں کی بحالی کیلئے دبئی پر دباؤ ڈالے، ایئرلائنز حکام

دبئی (م ڈ) ایران جنگ کے باعث دبئی نے غیر ملکی ایئرلائنز کی پروازوں کو محدود کرتے ہوئے 31 مئی تک ہر ایئرلائن کو اپنے ہوائی اڈوں کے لیے روزانہ صرف...... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

جنگ بندی کے دوران کوئی حملہ نہیں کیا، پاسداران انقلاب

اگر حملے رپورٹ ہوئے تو یہ صیہونی حکومت یا امریکہ کا کام ہے، بیان

تہران (م ڈ) ایرانی پاسداران انقلاب نے کہا ہے کہ جنگ بندی کے دوران کسی ملک کی جانب کوئی حملہ نہیں کیا۔ ایرانی پاسداران انقلاب گارڈز نے ایک بیان میں کہا...... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: ایک ہی خاندان کے 4 گھروں میں بیک وقت کروڑوں کی چوری

چوروں نے تالے توڑ کر 52 کلوگرام چاندی، 39 تولے سونا اور ایک کروڑ 20 لاکھ روپے نقدی سمیت کروڑوں مالیت کا سامان لوٹ لیا

واقعہ پشتون آباد کے علاقے میں پیش آیا، متاثرہ خاندان کے افراد کزن کی شادی میں شرکت کیلئے شادی ہال گئے تھے، مقدمہ درج کرلیا، پولیس

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے علاقے پشتون آباد میں چوری کی ایک سنسنی خیز اور بڑی واردات پیش آئی ہے، جہاں نامعلوم چوروں نے ایک ہی وقت میں ایک ہی خاندان کے چار گھروں کے تالے توڑ کر 52 کلوگرام چاندی، تقریباً 39 تولے سونا اور ایک کروڑ 20 لاکھ روپے نقدی سمیت کروڑوں مالیت کا سامان لوٹ لیا۔ پولیس نے واقعے کا مقدمہ تھانہ پشتون آباد میں نذیر احمد کی مدعیت میں درج کر کے تفتیش شروع کردی ہے۔ تفصیلات...... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر داخلہ ضیا لانگو اسمبلی اجلاس میں تہنیتی قرارداد پیش کر رہے ہیں

پاکستان نے دانشمندانہ سفارتکاری کا مظاہرہ کیا، وزیراعلیٰ

وزیراعظم و فیلڈ مارشل کی قیادت میں ملک کا عالمی تشخص مزید مستحکم ہوا، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان اسمبلی کے پارلیمانی فورم میں امریکہ اور ایران کے درمیان جنگ بندی کے تناظر میں...... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

چین نے ایران کو سفارتی راستہ فراہم کردیا، امریکی حکام کا دعویٰ

چینی وزیر خارجہ نے ہم منصبوں کے ساتھ رابطوں کا سلسلہ شروع کر رکھا ہے، گفتگو

بیجنگ (این این آئی) چین نے ایران کے بحران میں اپنی سفارتی سرگرمیوں کو تیز کر دیا ہے تاکہ ایک بین الاقوامی ثالث کے طور پر اپنا کردار مستحکم کر سکے۔ چینی وزیر خارجہ وانگ ای نے اپنے ہم منصبوں کے ساتھ گہرے رابطوں کا سلسلہ شروع کیا ہے، جس کے...... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

ایران میں تمام بینک و مالیاتی ادارے کھولنے کا اعلان

حملے میں تباہ ہونے والے تاریخی ریلوے برج کو بھی بحال کر دیا گیا

تہران (م ڈ) ایران میں کل سے تمام بینک کھولنے کا اعلان کر دیا گیا۔ علاوہ ازیں ایرانی شہر کاشان میں امریکی اور اسرائیلی حملے میں تباہ ہونے والے تاریخی ریلوے...... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

راولپنڈی: پولیس الرٹ، اہم مقامات پر بھاری نفری تعینات

5 ہزار سے زائد افسران واہلکار فرائض انجام دے رہے ہیں، سی پی او

راولپنڈی (زاہد احمد خان) راولپنڈی پولیس کی جانب سے شہر بھر میں سیکورٹی ہائی الرٹ، غیر ملکی وفود کی آمدورفت کے حوالے سے سیکورٹی کے غیر معمولی...... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

پاک بحریہ کا کامیاب آپریشن، 18 افراد پر مشتمل غیر ملکی عملے کو بحفاظت ریسکیو کر لیا

بنگلا دیش، میانمار، ویتنام اور انڈونیشیا کے شہریوں پر مشتمل تجارتی بحری جہاز سے ہنگامی سگنل موصول ہوئے تھے

پی این ایس حنین نے انتہائی پیشہ ورانہ مہارت اور تجربے کا مظاہرہ کیا اور سرچ اینڈ ریسکیو آپریشن انجام دیا، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (زاہد احمد خان) پاک بحریہ نے شمالی بحیرہ عرب میں کامیاب سرچ آپریشن کرتے ہوئے 18 افراد پر مشتمل غیر ملکی عملے کو بحفاظت ریسکیو کرلیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق پاک بحریہ نے شمالی بحیرہ عرب میں کامیاب سرچ اینڈ ریسکیو آپریشن کیا۔ تجارتی...... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

کراچی: پاک بحریہ کی جانب سے تجارتی بحری جہاز سے موصول ہونیوالے سگنل پر ریسکیو آپریشن کیا جارہا ہے

کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف علاقوں میں بارش، موسم خوشگوار

محکمہ موسمیات کی جانب سے بعض مقامات پر ژالہ باری کا بھی امکان ظاہر کیا گیا ہے

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ اور گردونواح میں ہلکی بارش کے باعث موسم خوشگوار ہوگیا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق ژوب، موسیٰ خیل، قلعہ سیف اللہ، قلعہ عبداللہ، پشین اور کوئٹہ میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش متوقع ہے جبکہ زیارت، لورالائی، بارکھان، تربت...... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

مشرق وسطیٰ میں کشیدگی کے سبب مہنگائی میں مسلسل اضافہ، 28 اشیاء مہنگی

ایک ہفتے کے دوران ڈیزل 54.71، پیٹرول 17.86 فیصد اور ایل پی جی 8.61 فیصد مہنگی ہوئیں

ٹماٹر کی قیمت میں 9.35، آلو 4.13، پیاز 3.84 اور انڈوں کی قیمتوں میں 3.77 فیصد اضافہ ہوا

اسلام آباد (شاکر رحمان) مشرق وسطیٰ میں کشیدگی کے بعد سے پاکستان میں مہنگائی میں اضافے کی رفتار میں مسلسل اضافے کا رجحان جاری ہے، حالیہ ہفتے مہنگائی میں 1.93 فیصد اضافہ ہوا ہے جبکہ پچھلے ہفتے 1.01 فیصد اضافہ ہوا تھا جب کہ حالیہ ہفتے سالانہ بنیاد پر بھی مہنگائی میں اضافے کی رفتار کی شرح بھی...... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

آئین میں اقلیتوں کو مساوی حقوق حاصل ہیں، گورنر بلوچستان

ملکی تعمیر و ترقی میں مسیحی برادری کا کردار ناقابل فراموش ہے، جعفر مندوخیل

کوئٹہ (خ ن) ایسٹر کے تہوار کی مناسبت سے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ایک شاندار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے شرکت کی۔ تقریب کے دوران مسیحی برادری کے ساتھ اظہار یکجہتی کے طور پر کیک کاٹا گیا۔ تقریب میں صوبائی وزیر...... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

حرم زئی، کربلا، سرانان پر مشتمل نیا ضلع پشین فش ہاربر کی بحالی کیلئے قرارداد منظور

بلوچستان اسمبلی میں بلیلی میں قائم بحالی مرکز کو اے این ایف کے حوالے کرنے، فشرمین کالونیوں کیلئے توجہ دلاؤ نوٹسز کو نمٹا دیا گیا

اسپیکر کی رولنگ، آئی جی پولیس نے یارو میں تین افراد کے قتل کی تحقیقاتی رپورٹ ایوان میں جمع کرادی، وزراء و اراکین کی بحث

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس جمعہ کو اپنے مقررہ وقت سے ایک گھنٹے کی تاخیر سے اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی صدارت میں تلاوت کلام پاک سے شروع ہوا اجلاس میں پشین کی تحصیل حرم...... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

93 فیصد پاکستانی جنگ بندی کوششوں کے حامی، گیلپ سروے

8 اپریل کے بعد پاکستان سے متعلق عالمی تاثرات 71 فیصد مثبت ہیں، اپسوس سروے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستانی عوام نے بھی حکومت کی جنگ بندی کی کوششوں کی بھرپور حمایت کر دی جس کے مطابق 93 فیصد پاکستانی عوام جنگ بندی کی حکومتی کوششوں کے حامی جبکہ 80 فیصد شہری امن کے قیام کے لئے پرامید ہیں۔ گیلپ سروے میں بتایا گیا کہ 82 فیصد پاکستانی عوام جنگ بندی کیلئے حکومتی کوششوں سے واقف ہیں، سروے...... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان سے 21 لاکھ 68 ہزار سے زائد واپس چلے گئے

کوئٹہ (این این آئی) افغانیوں کا پاکستان سے انخلا جاری ہے، 21 لاکھ 68 ہزار سے زائد واپس چلے گئے۔ نادرا ذرائع کے مطابق روزانہ کی بنیاد پر 500 سے 600 افراد چمن ہولڈنگ کیمپ پہنچ رہے ہیں...... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

فوج نے نماز کے دوران حملہ نہ کرنے کا فیصلہ کیا تھا، بھارتی آرمی چیف

سب کا خدا ایک ہی ہے، 'آپریشن سندور' کے دوران حملوں کا وقت تبدیل کیا

کولکتہ (م ڈ) انڈیا کے آرمی چیف جنرل اُپندر دویدی کا کہنا ہے کہ 'آپریشن سندور' کے دوران انڈین فوج نے نماز کے دوران حملہ نہ کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔ ایک انٹرویو کے دوران ایک سوال کے جواب میں جنرل دویدی کا کہنا تھا کہ 'آپریشن کے دوران ایک موقع...... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

شمالی کوریا کا کلسٹر بم وار ہیڈ سے لیس بیلسٹک میزائل کا تجربہ

پیانگ یانگ (آئی این پی) شمالی کوریا نے اپنی جوہری صلاحیتوں کو مزید مضبوط بناتے ہوئے کلسٹر بم وار ہیڈ سے لیس بیلسٹک میزائل کا تجربہ کیا ہے۔ عالمی میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ ہواسانگ 11- بیلسٹک میزائل...... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

آئین ریاست و عوام کے مابین عمرانی معاہدہ ہے، وزیراعلیٰ

73 کے متفقہ آئین کی منظوری وفاق کی مضبوطی کی علامت ہے، پیغام

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یوم دستور کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ 10 اپریل 1973 کو متفقہ آئین کی منظوری پاکستان کی تاریخ کا ایک اہم سنگ میل ہے، جو قومی یکجہتی، جمہوری استحکام اور وفاق کی مضبوطی کی روشن...... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

یوم دستور پاکستان قومی اتفاق رائے کی علامت ہے، سینیٹر روبینہ خالد

1973 کا آئین شہید ذوالفقار علی بھٹو کا تاریخی کارنامہ ہے، چیئرپرسن بی آئی ایس پی

آئین پاکستان ہر شہری کے بنیادی حقوق، انصاف اور مساوات کی ضمانت فراہم کرتا ہے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد نے کہا ہے کہ یوم دستور پاکستان قومی اتفاق رائے، جمہوری تسلسل اور عوامی...... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر



تہران: سابق ایرانی وزیر خارجہ کمال خرازی کی نماز جنازہ ادا

کمال خرازی امریکی و اسرائیلی حملے میں اہلیہ سمیت شہید ہوگئے تھے

تہران (م ڈ) ایران کے سابق وزیر خارجہ کمال خرازی کی نماز جنازہ تہران میں ادا کر دی گئی، جس میں بڑی تعداد میں لوگ...... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

خانوزئی: افغان مہاجرین کیخلاف آپریشن شروع، 100 گھر مسمار

ایس پی عنایت کاکڑ کی قیادت میں کیے مشترکہ آپریشن میں افغان مہاجرین کو 24 گھنٹے کی مہلت دی گئی تھی، جو ختم ہو چکی

کاریزات میں تقریباً 60 ہزار افغان مہاجرین مقیم ہیں، متعدد مہاجرین اپنے سامان سمیت علاقہ چھوڑنے لگے، ذرائع

کوئٹہ (اے این این) وفاقی اور صوبائی حکومت کی احکامات کے مطابق بلوچستان کے علاقے تحصیل خانوزئی میں غیر قانونی طور پر افغان مہاجرین کے خلاف گرینڈ آپریشن شروع کر دیا گیا ایس پی عنایت کاکڑ کی قیادت میں کیے گئے اس مشترکہ آپریشن میں افغان مہاجرین کو 24 گھنٹے کی مہلت دی گئی تھی، جواب ختم ہو چکی ہے۔ مہلت ختم ہونے کے فوراً بعد انتظامیہ نے کارروائی شروع کر دی اور اب تک 100 سے زائد غیر قانونی گھروں کو مسمار کر دیا گیا ہے۔ ایک سرکاری رپورٹ کے مطابق، کاریزات علاقے...... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

مارچ 2026 میں ترسیلات زر 3.8 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں

رواں مالی سال میں ترسیلات زر 41 ارب ڈالر سے تجاوز کرنے کی توقع ہے

بیرون ملک مقیم پاکستانی مسلسل ملکی معیشت کی ترقی میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) کامیاب سفارتکاری اور پائیدار معاشی اصلاحات کی بدولت پاکستان کی ترسیلات زر میں نمایاں اضافہ دیکھا گیا ہے۔ مشیر وزیر خزانہ خرم شہزاد نے ایک بیان میں کہا ہے کہ مارچ 2026 میں ترسیلات زر 3.8 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں...... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

گیس فراہمی کا نیا شیڈول، امور خانہ داری متاثر، عوام کو مشکلات

دن بھر وقفے وقفے سے گیس کی بندش نے مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا، ایل پی جی 550 روپے فی کلو سے زائد میں فروخت ہونے لگی

ایل پی جی دکاندار من مانیاں کرنے لگے، حکومت نے نرخ 304 روپے مقرر کر رکھا ہے، مہنگے داموں فروخت کر کے عوام کو لوٹا جارہا ہے

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں بارش اور سردی کا سلسلہ جاری ہے تاہم شہری گیس کی عدم فراہمی اور غیر ضروری بندش کی وجہ سے روز مرہ کے امور کی انجام دہی اور خواتین کو امور خانہ داری میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے ضلعی انتظامیہ اور...... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: ڈی سی مہر اللہ بادینی بچی کو قطرے پلا کر پولیو مہم کا افتتاح کر رہے ہیں

گیس کی لوڈشیڈنگ نئے اوقات کار کسی صورت قبول نہیں، پشتونخوا میپ

مریضوں کی دوا کی طرح صبح، دوپہر، شام گیس دینے کا غیر منطقی نظام مسترد کرتے ہیں

گیس کمپنی کی بدانتظامی، کرپشن اور مراعات کا بوجھ براہ راست غریب عوام پر ڈالا جا رہا ہے

مزید پابندیاں عائد کرکے عوام کی مشکلات میں کیا جانے والے اضافے کی مذمت کرتے ہیں، صوبائی بیان

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ سوئی سدرن گیس کمپنی کا گیس کی لوڈشیڈنگ اور نئے اوقات کار کسی صورت قابل قبول نہیں۔ عوام کو کسی مریض کے دوا کی طرح صبح، دوپہر، شام گیس دینے کا غیر منطقی نظام مسترد کرتے ہیں۔ پہلے ہی رات 9 بجے سے صبح 7 بجے تک گیس بند رہتی ہے، اور اب مزید پابندیاں عائد کرکے عوام کی مشکلات میں اضافہ کیا جارہا ہے۔ جب کوئٹہ شہر میں گیس عوام کو میسر نہیں تو صوبے کے دیگر اضلاع کی صورتحال کا اس سے بخوبی اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ وہاں کے عوام کن مشکلات سے دوچار ہوں گے۔ ضلع کوئٹہ کے تحصیل کچلاغ، تحصیل سریاب، تحصیل سٹی اور تحصیل صدر کے تمام علاقوں میں گیس پریشر کی کمی و بندش کے ناروا اقدامات کو ترک کیا جائے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ گیس کی قلت سے زیادہ مسئلہ بدانتظامی، کرپشن اور مراعات کا ہے، جس کا بوجھ براہ راست غریب عوام پر ڈالا جارہا ہے۔ عوام کے خون پسینے کی کمائی سے چلنے والے ادارے اگر عوام کو ہی بنیادی سہولت سے محروم کریں تو یہ ناانصافی کی انتہا ہے۔ حکومت کی اس معاملے پر خاموشی نہایت افسوسناک اور قابل مذمت ہے۔ اگر سوئی سدرن گیس کمپنی یا کسی بھی ادارے پر حکومتی عملداری نہیں تو خودمختاری کے دعوے کھوکھلے نظر آتے ہیں۔ گھریلو صارفین، ہوٹلز، بیکریز اور تمام شہریوں کو درپیش مشکلات کا فوری ازالہ ضروری ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ سوئی سدرن گیس کمپنی کے حکام کو صوبائی حکومت اپنے فیصلوں کا پابند بنائے لیکن سوئی سدرن گیس کمپنی نے حکومتی احکامات اور عوام کے مطالبات کی دھجیاں اڑا دی ہیں۔ بیان میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ گیس کے موجودہ اوقات کار کا فیصلہ فوری واپس لیا جائے اور صبح سے رات 12 بجے تک مسلسل گیس کی مکمل پریشر کے ساتھ فراہمی یقینی بنائی جائے۔

اراکین صوبائی اسمبلی ملک نعیم خان بازئی اور میر عبید اللہ گورگیج ملاقات کے موقع پر بات چیت کر رہے ہیں

سریاب کے عوام کو مسلسل نظرانداز کیا جارہا ہے، یوسف وقار شاہوانی

نہ گیس ہے اور نہ ہی بجلی کی صورتحال تسلی بخش ہے، ترجمان جمعیت علماء اسلام

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) سریاب کے عوام کے ساتھ جاری ناانصافیوں اور بنیادی سہولیات کی عدم فراہمی پر جمعیت علماء اسلام سریاب کے ترجمان یوسف وقار شاہوانی نے شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سریاب کے عوام کو مسلسل نظرانداز کرنا کسی بھی صورت قابل قبول نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک طرف شدید گرمی اور سردی کے موسم میں عوام پہلے ہی مشکلات کا شکار ہیں، اور دوسری جانب گیس کی نئی لوڈشیڈنگ کا سلسلہ شروع کردینا کھلی زیادتی ہے۔ سریاب میں نہ گیس میسر ہے اور نہ ہی بجلی کی صورتحال تسلی بخش ہے، جس کے باعث روزمرہ زندگی مفلوج ہو کر رہ گئی ہے۔ یوسف وقار شاہوانی نے اپنے بیان میں مزید کہا کہ: "گیس کی طویل اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے گھریلو نظام کو تباہ کردیا ہے۔ خواتین کو کھانا پکانے میں شدید مشکلات پیش آرہی ہیں، طلباء اپنی تعلیم پر توجہ دینے سے قاصر ہیں، اور مزدور طبقہ ذہنی اذیت کا شکار ہے۔ یہ سب کچھ حکومت کی نااہلی اور عوام دشمن پالیسیوں کا نتیجہ ہے۔" انہوں نے خبردار کیا کہ اگر فوری طور پر گیس اور بجلی کی فراہمی کو یقینی نہ بنایا گیا تو جمعیت علماء اسلام سریاب عوام کے ساتھ مل کر بھرپور احتجاجی تحریک چلانے پر مجبور ہوگی، جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ اداروں اور حکام پر عائد ہوگی۔ آخر میں انہوں نے مطالبہ کیا کہ سریاب میں فوری طور پر گیس کی لوڈشیڈنگ ختم کی جائے بجلی کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنایا جائے عوامی مسائل کے حل کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں انہوں نے کہا کہ سریاب کے عوام اب مزید خاموش نہیں رہیں گے اور اپنے حقوق کے حصول کے لیے ہر فورم پر آواز بلند کریں گے۔

ٹریفک کی روانی کو بہتر بنانے کیلئے تجاوزات ختم کرائی جائیں، ڈی سی کوئٹہ

مرکزی شاہراہوں پر قائم تجاوزات کے خلاف آپریشن کو مزید تیز کیا جائے اجلاس میں ہدایت

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت ائیرپورٹ روڈ پر تجاوزات کے خلاف آپریشن کے حوالے سے نیشنل ہائی وے اتھارٹی (این ایچ اے) کے افسران کے ساتھ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) محمد انور کاکڑ، این ایچ اے کے افسران، اسسٹنٹ کمشنر سٹی، اسسٹنٹ کمشنر صدر، اسسٹنٹ کمشنر کچلاک اور اسسٹنٹ کمشنر سریاب نے شرکت کی۔ اجلاس میں این ایچ اے کی مرکزی شاہراہوں پر قائم ناجائز تجاوزات کے خلاف آپریشن کے حوالے سے تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ متعلقہ افسران نے ڈپٹی کمشنر کو ائیرپورٹ روڈ پر تجاوزات کی موجودہ صورتحال اور مجوزہ کارروائیوں کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ شاہراہوں کو تجاوزات سے پاک کرنے کے لیے مربوط اور موثر اقدامات کیے جائیں تاکہ ٹریفک کی روانی کو بہتر بنایا جاسکے اور شہریوں کو سہولیات فراہم ہوں۔

جاپان کے اعزازی قونصل جنرل سید ندیم عالم شاہ اور مشیر سرمایہ کاری بورڈ سید فیروز شاہ کراچی میں تعینات جاپان کے قونصل جنرل ہتوری مسارو سے ملاقات کر رہے ہیں

10 اپریل کا دن آئینی تاریخ میں سنگِ میل کی حیثیت رکھتا ہے، نورالدین کاکڑ

قائد شہید ذوالفقار علی بھٹو کی قیادت میں قوم کو 1973 کا متفقہ آئین ملا، صدر پی پی کوئٹہ سٹی

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کوئٹہ سٹی کے صدر نورالدین کاکڑ نے 10 اپریل کے موقع پر اپنے بیان میں کہا کہ یہ دن پاکستان کی آئینی و جمہوری تاریخ میں سنگِ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ جب ذوالفقار علی بھٹو کی قیادت میں قوم کو 1973 کا متفقہ آئین ملا، جس نے ملک کو ایک واضح جمہوری، اسلامی اور وفاقی راستہ فراہم کیا۔ انہوں نے کہا کہ شہید بھٹو کی قیادت میں نہ صرف آئین تشکیل پایا بلکہ ریاستی خودمختاری، عوامی حقوق اور ادارہ جاتی توازن کو بھی مضبوط بنیادیں فراہم کی گئیں۔ ان کی پالیسیوں نے پاکستان کو عالمی سطح پر ایک باوقار اور خوددار ریاست کے طور پر متعارف کروایا۔ نورالدین کاکڑ نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی ہمیشہ آئین اور جمہوریت کی محافظ رہی ہے۔ آصف علی زرداری کے دور میں 18 ویں آئینی ترمیم کے ذریعے نہ صرف پارلیمانی نظام کو بحال کیا گیا بلکہ صوبوں کو حقیقی خودمختاری دی گئی، جو وفاق کے استحکام کیلئے نہایت اہم قدم تھا۔ انہوں نے کہا کہ بعد ازاں 26 ویں اور 27 ویں آئینی ترامیم کے ذریعے جمہوری ڈھانچے کو مزید مضبوط بنایا گیا اور آئین کی بالادستی کو یقینی بنانے کیلئے مؤثر اقدامات کیے گئے، جو اس بات کا واضح ثبوت ہیں کہ پاکستان پیپلز پارٹی آئین کی حقیقی وارث ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج پاکستان پیپلز پارٹی، بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں ملک میں جمہوریت کے تسلسل، آئین کی بالادستی اور عوامی حقوق کے تحفظ کیلئے پرعزم ہے اور ہر قسم کی غیر آئینی اقدام کے خلاف ڈٹ کر کھڑی رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی شہید بھٹو کے نظریے پر عمل پیرا ہے ہوئے ایک مضبوط، جمہوری اور خوشحال پاکستان کی جدوجہد جاری رکھے گی۔

بی آر اے کی ٹیکس قوانین پر عملدرآمد کیلئے مانیٹرنگ مہم جاری

ٹیم نے پوائنٹ آف سیل سسٹم کی درست انٹیگریشن کو یقینی بنانے کیلئے جائزہ لیا

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن اور بلوچستان ریونیو اتھارٹی کے چیئرپرسن کی ہدایات پر شہر بھر میں ٹیکس قوانین پر عملدرآمد کیلئے مانیٹرنگ سرگرمیاں جاری ہیں۔ اسی سلسلے میں آج بی آر اے کی مانیٹرنگ ٹیم فور برادرز پیزا (Brothers Pizza4) (آغا روڈ) پر تعینات رہی، جہاں ٹیکس قوانین کی تعمیل اور پوائنٹ آف سیل سسٹم کی درست انٹیگریشن کو یقینی بنانے کیلئے جائزہ لیا گیا۔ اتھارٹی نے تمام ٹیکس دہندگان کو ہدایت کی ہے کہ وہ اپنے POS سسٹمز کو مکمل طور پر فعال رکھیں، فروخت کی درست رپورٹنگ یقینی بنائیں اور مقررہ مدت کے اندر ریٹرن فائلنگ اور ٹیکس ادائیگی کریں تاکہ کسی بھی قانونی کارروائی سے بچا جاسکے۔

کوئٹہ ٹریفک پولیس نے ون ویلنگ کرنے والے نوجوانوں کیخلاف کارروائی شروع کردی

زمین پر جھوٹا دعویٰ کرنے والے سے تحفظ دیا جائے، میراں جان ترین

آصف نامی شخص کی سنگین نتائج کی دھمکیاں دینے کا نوٹس لیا جائے، پریس کانفرنس

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے رہائشی حاجی میراں جان ترین نے گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے اپیل کی ہے کہ آصف نامی شخص کی جانب سے میری زمین پر جھوٹا دعویٰ کرنے اور سنگین نتائج کی دھمکیاں دینے کا نوٹس لیتے ہوئے اس کے خلاف کارروائی کرکے انصاف دلایا جائے۔ یہ بات انہوں نے جمعہ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ محمد آصف سریاب کا رہائشی ہے جو ارباب کرم خان روڈ پر حاجی لالہ خان اسکیم کے نام سے خوربی بی بنت محمد نور کاکڑ سے زمین خریدی جس کی تمام رقم ادا کردی گئی اور فرد انتقال حاجی لالہ خان کے نام پر ٹرانسفر ہونے کے بعد قبضہ دیا گیا کہ وہ اسکیم کے رقبہ کی راضی خریدی گئی تھی۔ جہانگیر مرحوم اور حاجی حمید کے لڑکے سے خریدی گئی جس کی ٹرانسفر اور قبضہ لالہ خان کے نام ہے۔ انہوں نے کہا کہ محمد آصف نے حاجی لالہ خان ولد حاجی مولا قوم بادیزئی اور خوربی بی بنت محمد نور کے خلاف جھوٹا دعویٰ دائر کیا ہے اور مذکورہ بالا اراضی میرے باپ دادا کا حق بنتی ہے اس حوالے سے موصوف کے پاس کوئی دستاویزی ثبوت نہیں اس نے عدالت عالیہ بلوچستان اور عدالت عظمیٰ سپریم کورٹ آف پاکستان دعویٰ دائر کر رکھا ہے جبکہ آصف نے سول عدالت میں میرے خلاف میر اختیار خاص نہ ہونے کے حوالے سے درخواست جمع کرائی تھی جسے سول عدالت نے خارج کردیا ہے انہوں نے کہا کہ اگر آصف کے پاس حاجی لالہ خان سے 2 ایکڑ کی قیمت وصول کرنے کا ثبوت ہے تو پیش کرے تو پوری قیمت حاجی لالہ خان کے سامنے پیش کرنے کو تیار ہوں انہوں نے گورنر بلوچستان اور وزیراعلیٰ سے اپیل کی کہ آصف کو جھوٹا دعویٰ کرنے کے خلاف کارروائی کرکے مجھے انصاف دلایا جائے۔

نصرت ہومیو پیتھک میڈیکل کالج کوئٹہ کے طلبہ کا اعزاز

نبیل خان نے 349 نمبر لیکر پہلی محمد اسامہ خان نے 341 نمبر لیکر دوسری پوزیشن لی

کوئٹہ (پ ر) ڈی ایچ ایم ایس سال اول کے سالانہ امتحانات میں نصرت ہومیو پیتھک میڈیکل کالج کوئٹہ کے طلبہ نبیل خان ولد عبدالمنان نے 349 نمبر لیکر پہلی محمد اسامہ خان ولد عزیز اللہ نے 341 نمبر لیکر دوسری اور بی بی عائشہ بنت عبدالسلام نے 340 نمبر لیکر تیسری پوزیشن حاصل کی انہوں نے اپنی کامیابی کو والدین کی دعاؤں اور اساتذہ کی محنت کا نتیجہ قرار دیا۔

جشن جون ایلیا کا اعلان، کوئٹہ میں ادبی تقاریب کی بہار

وادی کوئٹہ نوروز کے بعد موسمی اعتبار سے اپنا رنگ یوں بدلتی ہے کہ وادی کا منظر ہی بدل جاتا ہے۔ اس مرتبہ کوئٹہ کا ادبی منظر اس حوالے سے منفرد ہے کہ نمازی تھا کہ اب کی بار کوئٹہ مشاعروں، ادبی محافل، ادبی مجالس میں مذاکرے ومباحثے اہل ذوق کی توجہ کا مرکز رہے۔ اور خوش آئند امر یہ ہے کہ جواں فکر شاعر اور جون ایلیا کے پرستار اور عقیدت مند غلام علی جون نے جشن جون ایلیا منانے کا اعلان کردیا ہے۔ اس تقریب کی صدارت شہرت یافتہ شاعر افتخار عارف کرینگے۔ جشن جون ایلیا کے موقع پر مذاکرہ اور بیت بازی کا ایونٹ بھی ہوگا۔ کوئٹہ میں گزشتہ ہفتہ رفتہ ادب کا سورج اپنی پوری آب وتاب کے ساتھ تابانیاں رکھتا رہا۔ نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی کی سرپرستی میں ہونے والے محفل مشاعرہ میں بیرون شہر سے نامور شعراء نے شرکت کی۔ یہ مشاعرہ معروف شاعر عباس تابش کی زیر صدارت نوری نصیر خان کلچرل کمپلیکس کے آڈیٹوریم میں ہوا۔ مشاعرے کو نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی، ڈائریکٹر خانہ فرہنگ ایران ابوالحسن میری، ڈائریکٹر کلچر داؤد ترین سمیت مقامی شعراء بڑی تعداد میں رونق بخشی۔ مشاعرے میں پاکستان کے معروف شعراء عباس تابش، خالد ندیم شانی، شکیل جاذب، لطیف ساجد، مبشر سعید، جہاں آراء تبسم، منیب مغل، غلام علی جون، محسن چنگیزی، خرم آفاق، سرور جاوید، عرفان احمد بیگ، تسنیم صنم، اعجاز امر، احمد وقاص، مصطفیٰ شاہد، طالب حسین، کامران قمر، سلام عاصی، جہانگیر کاوش، مجید وکل، غزالہ بٹ، عظیم انجم ہاشمی، فیض محمد شیخ، مسعود جمالی اور ذوالفقار رضا سمیت دیگر نے اپنا کلام سنایا۔ اس مشاعرے کا سہرا نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی کے سر جاتا ہے۔ انھوں نے مشاعرے کے اختتام پر اپنے خطاب میں ملک بھر سے آنے والے شعراء کو بلوچستان آمد پر اہل بلوچستان کی جانب سے خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ ہمارے خطے میں طویل عرصہ سے ایک گھٹن اور جمود کی کیفیت ہے اور جمود زوال کی نشانی ہوتی ہے، ارتقاء اور جمود کے ٹکراؤ میں ارتقاء کو جیتنا ہوگا۔

ہفتہ کو کوئٹہ کی خوبصورت ہنہ جھیل کے کنارے ادبی محفل سجی اور شعراء نے اپنا کلام سنایا۔ ملک بھر سے آئے ہوئے مہمانوں کو ابوالحسن میری کی طرف سے خانہ فرہنگ ایران کوئٹہ آنے کی دعوت دی گئی اس تقریب میں ایک مکالماتی نشست کا اہتمام کیا گیا تھا۔ حالیہ دنوں میں احمد وقاص کاشی کا دوسرا شعری مجموعہ "چپ کا شور" شائع ہوگیا ہے جس کی تقریب رونمائی عنقریب متوقع ہے۔ ایک اور شعری مجموعہ "اکتفا" کے علاوہ معروف شاعر محسن شکیل کا شعری مجموعہ "گداز" بھی اسی ہفتہ منصہ شہود پر آرہا ہے۔ 16 شعری مجموعوں کی شاعرہ محترمہ صدف غوری کا تازہ کلام "سنگ صدف" شائع ہوگیا ہے۔ جس کی تقریب رونمائی بلوچستان رائٹرز گلڈ (برگ) کے زیر اہتمام اسی ماہ برگ دارالمطالعہ میں منعقد کی جائے گی۔

خان محمد کاکڑ کے بیٹے احمد خان شہید کی تدفین کلی عمر خان میں کردی گئی

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوامیپ کے رہنما، سابق امیدوار برائے صوبائی اسمبلی خان محمد کاکڑ کے فرزند مفتی احمد خان مہترزئی جو گزشتہ روز کراچی سے کوئٹہ جاتے ہوئے وندر چیک پوسٹ کے قریب شہید ہوگئے کی نماز جنازہ، تجہیز و تدفین کے مراسم کوئٹہ کلی عمر خان میں ادا کردی گئی۔ وہ حاجی مشتاق مہترزئی، حاجی شہزاد مہترزئی، حاجی عمران مہترزئی، محمد اکرام مہترزئی کے بھائی اور محمد یوسف مہترزئی (کاکڑ صاحب) کے بھتیجے تھے۔ نماز جنازہ میں پشتونخوامیپ کے ڈپٹی چیئرمین عبدالرؤف لالا، مرکزی ایڈیشنل مالیات سیکرٹری آغا سید لیاقت علی، صوبائی سینئر نائب صدر وضلع کوئٹہ کے سیکرٹری سید شراف آغا، صوبائی سیکرٹری رابطہ گل خلجی، ضلع ایگزیکٹیوز، ضلع کمیٹی، تحصیل صدر کے رہنماؤں، کارکنوں سمیت زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ فاتحہ خوانی کلی عمر خان میں حاجی خان محمد مہترزئی کے گھر کے ساتھ مسجد میں جاری ہے۔ دریں اثناء پشتونخوامیپ کے مرکزی وصوبائی ایگزیکٹیوز، ضلع کوئٹہ اور ضلع لورالائی کے ضلعی کمیٹیوں کے تعزیتی بیان میں پارٹی رہنما، اور صوبائی اسمبلی کے سابق امیدوار خان محمد کاکڑ کے فرزند شہید مفتی احمد خان مہترزئی اور لورالائی کے رہنما حاجی عبدالستار اتمانخیل کی وفات پر تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے شہید مفتی احمد خان مہترزئی کی درجات کی بلندی، حاجی عبدالستار اتمانخیل کی مغفرت اور دونوں خاندانوں کے پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمانے کی دعا کی ہے۔

پولیس میں تقرر وتبادلوں کا اعلامیہ جاری

کوئٹہ (آن لائن) سینٹرل پولیس آفس بلوچستان کے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق اے آئی جی سیکورٹی ڈی آئی جی ملک محمد اصغر عثمان کو ایس ایس پی کرائم انویسٹی گیشن ونگ کوئٹہ تعینات کیا جبکہ ایس ایس پی سیریس کرائم انویسٹی گیشن ونگ کوئٹہ ڈاکٹر محمد سمیع ملک کو اے آئی جی سیکورٹی تعینات کردیا گیا

ڈائریکٹر کیو ڈی اے سید انور شاہ کی ہمشیرہ انتقال کرگئیں

کوئٹہ (پ ر) کوئٹہ ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے ڈائریکٹر سید انور شاہ اور ایسوسی ایٹ پروفیسر بلوچستان یونیورسٹی سید اعجاز علی شاہ کی ہمشیرہ کا گزشتہ دنوں لاہور میں انتقال ہوگیا کوئٹہ میں فاتحہ خوانی اتوار 21 اپریل کو صبح 10 سے شام 6 بجے تک میاں اسماعیل مسجد وفاروڈ نزد طوغی روڈ میں ہوگی

کوئٹہ ڈھاڈر سیکشن پر عارضی طور پر ٹریفک بند رہے گی، ڈی سی کچھی

سڑک کی توسیع اور بہتری کے تحت بعض مقامات پر چٹانوں کی کٹائی جائے گی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ڈپٹی کمشنر ضلع کچھی کے دفتر سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ عوام الناس کو بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ نیشنل ہائی وے اتھارٹی کی جانب سے کوئٹہ ڈھاڈر سیکشن (N-65) پر سڑک کی توسیع اور بہتری کے منصوبے کے تحت بعض مقامات پر چٹانوں کی کٹائی کے لیے کنٹرولڈ بلاسٹنگ کی جارہی ہے۔ اس سلسلے میں عوامی حفاظت کو مدنظر رکھتے ہوئے کنٹرولڈ بلاسٹنگ کے عمل کے دوران عارضی طور پر ٹریفک بند رہے گی۔

گیس لوڈشیڈنگ نیا شیڈول صارفین کے حقوق پر ڈاکہ ہے، نذر بڑیچ

طے شدہ معاہدہ کے تحت بلاتعطل گیس فراہم کرنا کمپنی کی ذمہ داری ہے، پامیر کنزیومر سوسائٹی

لوڈشیڈنگ سے ہونے والے کسی بھی حادثے کی ذمہ دار سوئی سدرن گیس کمپنی پر عائد ہوگی، چیف کوآرڈینیٹر

کوئٹہ (آن لائن) پامیر کنزیومر سوسائٹی کے چیف کوآرڈینیٹر نذر بڑیچ، سینئر ڈپٹی کوآرڈینیٹر حاجی سلیم ناصر، سردار حبیب بڑیچ، جعفر خان کاکڑ، عجب خان ناصر، بلال احمد خان ودیگر رہنماؤں نے سوئی سدرن گیس کمپنی کی جانب سے جاری کردہ گیس لوڈشیڈنگ کو یکسر مسترد کرتے ہوئے صارفین کو بلاتعطل گیس فراہم کرنا گیس کمپنی کی ذمہ داری ہے۔ انھوں نے کہا ہے کہ گیس لوڈشیڈنگ صارفین کے حقوق پر ڈاکہ ہے گیس کنکشن لگاتے ہوئے گیس کمپنی کے اور صارفین کے درمیان طے شدہ معاہدہ کے بھی خلاف ہے۔ اس طرح کے بے رحمانہ لوڈشیڈنگ سے اموات اور شدید خطرات کا سماں ہوسکتا ہے۔ رات کو ایک مرتبہ لوڈشیڈنگ سے سینکڑوں حادثات ہوئے ہیں۔ اب تین گنا لوڈشیڈنگ بڑھانے سے حادثات بڑھنے کا خطرہ ہیں۔ انھوں کہا ہے کہ غیر قانونی اور ظالمانہ لوڈشیڈنگ سے ہونے والے کسی بھی حادثے کا ذمہ دار سوئی سدرن گیس کمپنی پر عائد ہوگی۔ انھوں مطالبہ کیا ہے کہ صارفین کو بلاتعطل گیس کی فراہمی کو یقینی بنائیں تاکہ صارفین سکھ کا سانس لے سکیں

عقیل احمد بلوچ ڈپٹی کمشنر آواران تعینات

کوئٹہ (این این آئی) حکومت بلوچستان نے عقیل احمد بلوچ کو ڈپٹی کمشنر آواران تعینات کردیا۔ حکومت بلوچستان کے ایک نوٹیفکیشن کے مطابق ڈپٹی کمشنر آواران حزرت نذیر بلوچ کا تبادلہ کرکے انہیں محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی رپورٹ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے جبکہ ڈپٹی سیکرٹری فوڈ عقیل احمد بلوچ کو ڈپٹی کمشنر آواران تعینات کردیا گیا ہے۔

کوئٹہ: آل پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک ورکرز یونین کے مرکزی جوائنٹ صدر و صوبائی چیئرمین محمد رمضان اچکزئی سے مزدور رہنما عابد بٹ، فدا محمد، ملک افتخار اور سید آغا محمد ودیگر مزدور مسائل پر بات چیت کر رہے ہیں

فیصلہ سازی کے عمل میں اقلیتوں کی مؤثر نمائندگی یقینی بنائی جائے، اقلیتی رہنما

کوئٹہ (پ ر) آئینی عدالت کے حالیہ فیصلے پر اقلیتی مذہبی وسیاسی رہنماؤں نے گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ اس حوالے سے کوئٹہ کے ڈینئل میموریل میتھوڈسٹ چرچ میں مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے رہنماؤں نے مشترکہ پریس ریلیز جاری کی۔ پریس ریلیز جاری کرنے والوں میں ریورنڈ پادری گمن بشیر، ریورنڈ قادر سیمن شاکر، پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے سابق ایم پی اے و مرکزی کمیٹی کے رکن ولیم برکت، نیشنل پارٹی کے صوبائی سیکرٹری برائے انسانی حقوق وصدر اقلیتی فورم پاکستان انیل غوری، پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما عظمت انجم، سکھ کمیونٹی کے صدر سردار جنید سنگھ، ہندو پنچایت کے جوائنٹ سیکرٹری سدیر کمار، اقلیتی فورم پاکستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری جوئیل عیسٹن ڈپٹی جنرل سیکرٹری شہباز گل، صوبائی جوائنٹ سیکرٹری عرفان اسلم، اقلیتی فورم پاکستان کوئٹہ کے صدر روبنیل ارسلان شامل ہیں۔

بلوچستان کی خواتین سماج کی رکاوٹوں کو عبور کرکے آگے بڑھ رہی ہیں

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کی باہمت بیٹیاں کسی سے کم نہیں، ایک اور بیٹی نے ہمت اور استقامت کی نئی مثال قائم کردی۔ شبانہ ارشاد ترین نے اپنی محنت اور لگن سے پولیس فورس میں نمایاں مقام حاصل کرکے صوبے کی دیگر خواتین کے لیے مشعل راہ بن گئی ہیں۔ ایس پی ٹریفک شبانہ ارشاد ترین نے اپنے کیریئر کا آغاز بحیثیت اسپکٹر کے عہدے سے کیا اور مسلسل محنت، لگن اور عزم کے ساتھ ترقی کرتے ہوئے ایس پی کے عہدے تک پہنچ گئیں۔ ان کا کہنا ہے کہ ان کی کامیابی نہ صرف ان کی ذاتی جدوجہد کا نتیجہ ہے۔

پروفیسر مجیب اللہ ترین، پروفیسر رضوانہ ترین کی والدہ انتقال کرگئیں

کوئٹہ (پ ر) پروفیسر صدیق اللہ مرحوم ڈاکٹر اسد اللہ خان انجینئر نصر اللہ خان ترین پروفیسر مجیب اللہ ترین اور پروفیسر رضوانہ ترین کی والدہ کی فاتحہ خوانی ہفتہ 11 اور اتوار 12 اپریل کو بی ایم سی ڈاکٹرز کالونی کوئٹہ کی مسجد میں ہوگی

کیلاش ناتھ کوہلی، ولیم برکت کی سردار نثار علی ہزارہ سے اہلیہ کی وفات پر تعزیت

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان پبلک سروس کمیشن کے چیئرمین کیلاش ناتھ کوہلی، سابق ایم پی اے ولیم برکت، امام جمعہ علامہ حسنین حسینی، سید داؤد آغا، نادر علی ہزارہ، ڈاکٹر نوروز، سردار داؤد خلجی، سرور علی، احمد علی بیگ، حاجی واحد، حاجی یاسین، غلام حسین چنگیزی ہزارہ قبیلے کے معتبرین اور دیگر سردار نثار علی ہزارہ کی اہلیہ کی وفات پر سردار محمد علی اور سردار حیدر عباس سے مختلف مکتبہ فکر کے لوگوں نے فاتحہ خوانی اور اظہار تعزیت کی۔

پی بی 44 میں اربوں کے فنڈز کرپشن کی نذر ہو چکے ہیں، عطاء محمد بنگلزئی

فارم 47 کے مسلط جعلی نمائندگی نے اسے تباہی میں دھکیل دیا ہے، رہنما این پی

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی کمیٹی کے ممبر و ضلع صدر کوئٹہ حاجی عطاء محمد بنگلزئی نے حالیہ بارشوں کے بعد پی بی 44 کی ناگفتہ صورت حال پر سخت ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ پی بی 44 صرف بارشوں سے نہیں ڈوبا بلکہ بدعنوانی، نااہلی اور فارم 47 کے سہارے مسلط جعلی نمائندگی نے اسے تباہی میں دھکیل دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی بی 44 کے عوام پانی میں ڈوب کر اذیت کا شکار ہیں جبکہ فارم 47 کا نام نہاد نمائندہ کرپشن کے گند میں اس قدر ڈوبا ہوا ہے کہ اسے عوام کی چیخیں سنائی نہیں دے رہیں۔ یہ شخص عوام کا نمائندہ نہیں بلکہ وسائل کا لٹیرا اور عوامی مینڈیٹ پر ڈاکہ ڈالنے والا کردار ہے۔ حاجی عطاء محمد بنگلزئی نے کہا کہ اربوں روپے کے فنڈز پی بی 44 کے لیے جاری ہوئے، مگر زمینی حقیقت یہ ہے کہ پی بی 44 کھنڈر بن چکا ہے۔ نہ نکاسی آب کا نظام ہے، نہ سڑکیں، نہ کوئی بنیادی سہولت۔ یہ واضح ہوگیا ہے کہ فنڈز کرپشن کی نذر ہو چکے ہیں اور ایک منظم لوٹ مار کا بازار گرم رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ محض نااہلی نہیں بلکہ ایک مجرمانہ عمل ہے۔ جس نے عوام کے وسائل کو خود کے بینک بیلنس منتقل کیا، اور حلقے اور عوام کو تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا ہے۔ فارم 47 کے ذریعے مسلط نمائندہ اور اس کے سہولت کار عوام کے مجرم ہیں اور ان کا احتساب ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ فارم 47 کی جعلی نمائندے نے عوام کے مینڈیٹ کو چرانے کے بعد اب عوامی فنڈز کو بھی چرانے میں مصروف ہے۔ اس لیے فوری طور پر شفاف تحقیقات کو بروئے کار لاتے ہوئے لوٹی گئی رقم کی واپسی اور ذمہ دار عناصر کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔

درسی کتب فراہمی کیلئے تمام وسائل بروئے کار لا رہے ہیں، ڈاکٹر گلاب خان

درسی کتب کی عدم فراہمی کی خبروں پر سخت نوٹس، ڈائریکٹر ٹیکسٹ بک بورڈ کا ہنگامی دورہ

درسی کتب کی ترسیل میں سست روی برداشت نہیں ہوگی، ذمہ داروں کیخلاف کارروائی ہوگی

کوئٹہ (یو این اے) ڈائریکٹر بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ ڈاکٹر گلاب خان خلجی نے صوبے کے مختلف علاقوں خصوصاً کوئٹہ میں درسی کتب کی عدم فراہمی کی خبروں کا سخت نوٹس لیتے ہوئے صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ درانی کی ہدایات پر سرکاری کتب اسٹور کا ہنگامی دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے درسی کتب کی سکولوں اور صوبے کے دیگر اضلاع میں ترسیل کے عمل کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ڈاکٹر گلاب خان خلجی نے کتب کی ترسیل میں سست روی پر سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو واضح ہدایات جاری کیں کہ طلبہ کو درسی کتب کی بروقت فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ اس حوالے سے کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی اور ذمہ داروں کیخلاف کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی سیکرٹری ثانوی تعلیم بلوچستان لعل جان جعفر کی سربراہی میں درسی کتب کی بروقت اشاعت مکمل کی گئی ہے اور انہیں تعلیمی اداروں تک پہنچانے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ ڈائریکٹر ٹیکسٹ بک بورڈ نے واضح کیا کہ بعض تعلیمی اداروں میں کتب کی عدم فراہمی کی وجہ کام کا دباؤ اور ٹرانسپورٹ کے مسائل تھے۔

ون ویلنگ کرکے اپنی و دوسروں کی زندگی خطرے میں نہ ڈالیں، مرزا بلال حسن

ایس ایس پی کی ہدایت پر ون ویلرز خلاف کارروائیاں 50 موٹر سائیکلیں بند کردیں

عوامی شکایات پر ائیرپورٹ روڈ، کچلاک بائی پاس، ہنہ کچھ موڑ روڈ پر کارروائیاں کی گئی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ایس ایس پی ٹریفک پولیس کوئٹہ مرزا بلال حسن کی ہدایت پر ٹریفک پولیس کوئٹہ نے ائیرپورٹ روڈ، کچلاک بائی پاس کے علاقوں میں ون ویلنگ کرنے والے نوجوانوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 50 سے زائد موٹر سائیکلیں متعلقہ تھانوں میں بند کرکے ان کے خلاف قانونی کارروائی شروع کردی۔ ایس ایس پی ٹریفک کوئٹہ مرزا بلال حسن نے کہا کہ ٹریفک پولیس ٹریفک قوانین پر عملدرآمد یقینی بنانے، ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے کے لئے اپنی ذمہ داری احسن طریقے سے نبھا رہی ہے عوام کی جانب سے پولیس کو شکایات موصول ہو رہی تھی کہ کوئٹہ کے مختلف علاقوں جس میں ائیرپورٹ روڈ کچلاک بائی پاس، ہنہ کچھ موڑ اور اسی طرح کوئلہ پور، دشت کے علاقوں میں نوجوان موٹر سائیکلوں پر خطرناک طریقے سے ون ویلنگ کرتے ہیں اس دوران وہ حادثات کا شکار ہو کر موت کے منہ میں جا رہے ہیں اور متعدد نوجوانوں کے زخمی ہونے کی بھی اطلاعات ملتی ہیں خطرناک ون ویلنگ کی وجہ سے شہریوں کو بحفاظت ڈرائیونگ کرنے میں شدید مشکلات درپیش آتی ہیں ٹریفک پولیس کی جانب سے گزشتہ روز ائیرپورٹ روڈ، کوئلہ پھاٹک اور کچلاک بائی پاس سمیت دیگر علاقوں میں ون ویلنگ کرنے والے 60 سے زائد موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانوں میں بند کرکے ان کے خلاف 115 کے تحت کارروائی کا آغاز کردیا گیا ہے۔

کوئٹہ: چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سینئر ممبر وطن یار بازئی ایم این اے سردار علی جان حزاری سے ملاقات کر رہے ہیں

شہریوں کو روزانہ پندرہ گھنٹے گیس سے محروم کرنا زیادتی ہے، عبدالنعیم رند

نئے شیڈیول کی آڑ میں شہریوں کو گیس سے محروم کرنے کی ظالمانہ اعلان قابل مذمت ہے

کوئٹہ (آن لائن) نائب امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا حافظ نور علی، ڈاکٹر عطاء الرحمان اور امیر جماعت اسلامی کوئٹہ عبدالنعیم رند نے کہا کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے شہریوں کو روزانہ پندرہ گھنٹے گیس سے محروم کرنا زیادتی ہے وفاقی وصوبائی حکومت 15 گھنٹے گیس لوڈشیڈنگ سے نجات دیں بصورت دیگر بھرپور احتجاج کیا جائیگا۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ گیس فراہمی کے نئے شیڈیول کی آڑ میں لاکھوں شہریوں کو گیس سے محروم کرنے کی ظالمانہ پالیسی کی بھرپور مذاہمت کی جائیگی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان اور چیف جسٹس اس ظلم کا فوری نوٹس لیں۔ سوئی گیس حکام کی جانب سے گیس فراہمی کے نئے اوقات کار کو نہیں مانتے۔ روزانہ 15 گھنٹے گیس نہ ہونے سے شہریوں وعوام تاجروں اور مسافروں کو شدید دشواری کا سامنا ہے۔ عوام امور خانہ داری سمیت نظام زندگی کی مشکلات میں اضافہ بالخصوص گھریلو امور بری طرح متاثر ہوئے ہیں۔ خواتین اور ملازمت پیشہ افراد، ہسپتال ہوٹلز کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ حکومت وعدالت لاکھوں عوام کی مشکلات پریشانیوں کو دیکھتے ہوئے سابقہ گیس لوڈشیڈنگ شیڈول روزانہ 6 گھنٹے رات 10 بجے سے صبح 6 بجے تک بحال کیا جائے۔ کوئٹہ میں روزانہ 15 گھنٹے گیس لوڈشیڈنگ کے ذمہ دار حکومت وگیس حکام ہے۔ اگر حکومت نے عوامی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے گیس لوڈشیڈنگ میں کمی نہیں کی تو جماعت اسلامی شہریوں عوام و دیگر پارٹیوں سے ملکر احتجاج کو وسعت دیکر گیس حکام کی زیادتیوں کے خلاف بھرپور تحریک چلائیگی۔

وفاقی محتسب کا حکم تاجر کا 17 سال سے بلاک شناختی کارڈ جاری

قلعہ سیف اللہ، لورالائی، ژوب کے نادرا آفس سیکڑوں چکر لگائے، تاجر

کوئٹہ (آن لائن) وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار درانی تاجر کا 17 سال سے بلاک شناختی کارڈ 4 ماہ میں کھلوا دیا گیا۔ درخواست گزار درانی تاجر نے بتایا کہ پچھلے 17 سال سے ان کا شناختی کارڈ بغیر کسی وجہ کے بلاک کردیا گیا تھا۔ قلعہ سیف اللہ، لورالائی، ژوب کے نادرا آفسز میں شناختی کارڈ کے حصول کے لیے گئے لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ متعدد بار کمیٹیوں میں پیش ہوئے لیکن مسئلہ حل نہ ہوسکا۔ بالآخر مجبور ہو کر انہوں نے انصاف کے حصول کے لیے وفاقی محتسب کوئٹہ کے دفتر میں درخواست جمع کرائی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کرکے کیس کی فوری سماعت شروع کردی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ لہٰذا وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کا شناختی کارڈ فوری طور پر بحال کیا جائے۔ احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمے نے درخواست گزار کا شناختی کارڈ بحال کردیا۔ اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔

کوئٹہ: صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو بلوچستان اسمبلی میں میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

ضلع سازی کمیٹی میں تینوں تحصیلوں کو برابر نمائندگی دی جائے، رحیم کاکڑ

ضلع کاریزات کے قیام کی مخالفت نہیں کی موجودہ طریقہ کار پر شدید تحفظات ہیں

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما و سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ، میرداد ایس ایڈووکیٹ، احمد شاہ ایڈووکیٹ، عمر فاروق ایڈووکیٹ، عبداللہ ایڈووکیٹ، ڈاکٹر رستم، ڈاکٹر خوشحال، ڈاکٹر منصور، سردار احمد اور سردار بہلول خان نے ایک مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ انہوں نے بھی ضلع کاریزات کے قیام کی مخالفت نہیں کی، تاہم اس کے موجودہ طریقہ کار پر شدید تحفظات اور اختلاف موجود ہے۔ رہنماؤں نے موقف اختیار کیا کہ ضلع سازی کے لیے بنائی گئی کمیٹی میں تینوں تحصیلوں کو برابری کی نمائندگی نہیں دی گئی، جو کہ محض خانہ پوری کے سوا کچھ نہیں ہے۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ ضلعی ہیڈکوارٹر کہاں قائم ہوگا؟ کیا یہ ہوا میں بنے گا؟ دوسرا اہم مسئلہ ضابطہ اخلاق کا ہے، جو نہ پہلے طے کیا گیا اور نہ ہی اب تک کوئی واضح ضابطہ سامنے آیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ چند مخصوص افراد اس عمل کو اپنی مرضی سے چلا رہے ہیں جو کہ ناقابل قبول ہے۔ پی ٹی آئی رہنماؤں نے مطالبہ کیا کہ پچھلے دس سالوں کے ترقیاتی فنڈز، سرکاری ملازمتوں اور دیگر مراعات کی تحصیل وار تفصیلات سامنے لائی جائیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ تمام تحصیلوں کے لیے ضابطہ اخلاق اور ہیڈکوارٹر کا مقام طے کیے بغیر بات آگے نہیں چلے گی۔ رہنماؤں نے خبردار کیا کہ اگر ان کے جائز مطالبات کو نظرانداز کیا گیا تو وہ اپنے حقوق کے تحفظ کے لیے عدالت کا دروازہ کھٹکھٹانے سے دریغ نہیں کریں گے۔

کہ تعلیم کسی بھی قوم کی ترقی، اور باوقار مستقبل کی بنیاد ہوتی ہے، وارث افغان

مہم محض تنظیمی سرگرمی نہیں بلکہ ایک ہمہ گیر فکری، سماجی تعلیمی تحریک کی حیثیت رکھتی ہے

سکول داخلہ مہم کا باقاعدہ آغاز کردیا ہے، والدین ساتھ دیں، افتتاحی تقریب سے زونل سیکرٹری کا خطاب

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کی جانب سے صوبہ بھر میں اسکول داخلہ مہم کا باقاعدہ آغاز کردیا گیا ہے، جس کے تحت ژوب، قلعہ سیف اللہ، لورالائی سمیت دیگر اضلاع میں مرحلہ وار سرگرمیاں جاری رہیں گی، جبکہ اس مہم کا افتتاحی جلوس کوئٹہ میں منعقد کیا جائے گا۔ یہ مہم محض ایک تنظیمی سرگرمی نہیں بلکہ ایک ہمہ گیر فکری، سماجی اور تعلیمی تحریک کی حیثیت رکھتی ہے، جس کا بنیادی مقصد صوبے کے ہر بچے تک تعلیم کی اہمیت کو پہنچانا اور انہیں تعلیمی عمل میں شامل کرنا ہے۔ اسی سلسلے میں آج سمنگلی اور نوحصار کے علاقوں میں ایک بھرپور، منظم اور پُرامن آگاہی ریلی کا انعقاد کیا گیا، جس کی صدارت زونل سیکرٹری وارث افغان نے کی۔ ریلی کے اختتام پر منعقدہ اجتماع سے زونل سیکرٹری وارث افغان، زونل اطلاعات سیکرٹری وحدت افغان، یونٹ اطلاعات سیکرٹری زکریا خان اور سمنگلی طالب زہرابی پی نے خطاب کیا۔ تقریب میں پشتونخوا ملی عوامی پارٹی نوحصار کے علاقائی سیکرٹری عبدالودود خان بازئی، پشتونخوامیپ سمنگلی کے علاقائی سیکرٹری عبداللہ جان اچکزئی، سمنگلی کے سینئر معاون ملک آصف کاسی، الفبرگ کے علاقائی سینئر معاون ماہت خان، پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے مالیات سیکرٹری سید بایزید آغا اور صوبائی ڈپٹی سیکرٹری شفیق دانشان بھی موجود تھے، جبکہ نظامت کے فرائض علاقائی معاون اجمل خان کاکڑ نے سرانجام دیے۔ مقررین نے اپنے خطاب میں تعلیم کی اہمیت پر تفصیل سے روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ تعلیم کسی بھی قوم کی ترقی، شعور، خودمختاری اور باوقار مستقبل کی بنیاد ہوتی ہے۔

پولیس فورس نے عوام کے تحفظ کیلئے جان کی پروا کیے بغیر ڈیوٹی دی ہے، ڈی آئی جی

ٹرانسفر پوسٹنگ معمول ہے آفیسران جہاں بھی تعینات ہوتے ہیں اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہیں

ایس ایس پی سیریس کرائم انویسٹی گیشن ونگ ڈاکٹر سمیع ملک کے تبادلے کے موقع پر تقریب سے خطاب

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس آف پولیس کوئٹہ لیفٹیننٹ (ر) عمران شوکت نے کہا ہے کہ پولیس آفیسران اور اہلکاروں نے ہمیشہ اپنی جان کی پرواہ کیے بغیر فرائض کی بجا آوری کو یقینی بنایا ہے ٹرانسفر پوسٹنگ ملازمت کا حصہ ہے آفیسران جہاں بھی تعینات ہوتے ہیں اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے اپنی ڈیوٹی سرانجام دیتے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایس ایس پی سیریس کرائم انویسٹی گیشن ونگ ڈاکٹر سمیع ملک کے تبادلے کے موقع پر ان کے اعزاز میں دی گئی چائے پارٹی کے شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ آصف خان، ایس ایس پی ایڈمن دوستین دشتی اور نئے تعینات ہونے والے ایس ایس پی انویسٹی گیشن ونگ ملک عثمان اصغر، ایس ایس پی سیکورٹی نعیم اچکزئی سمیت دیگر پولیس آفیسران شریک تھے۔

ڈاکٹر ایوب کاکڑ کے والد یار محمد لالا کو سپرد خاک کردیا گیا خانوزئی

(پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی تحصیل کاریزات کے تحصیل معاون سیکرٹری ڈاکٹر ایوب کاکڑ کے والد یار محمد لالا کو سینکڑوں سوگواروں کی موجودگی میں آبائی قبرستان کلی ختائی بابا میں سپرد خاک کیا گیا۔ نماز جنازہ میں پشتونخوامیپ کے ضلعی ڈپٹی سیکرٹری حاجی حسن خان کاکڑ، تحصیل کاریزات کے سیکرٹری اطلاعات محمد دین بازئی، تحصیل آفس سیکرٹری ہمایون خان وطنیار، تحصیل معاونین حاجی نقیب خان کاکڑ، سیکرٹری ولی وطنپال، ملک اسد خان پانیزئی، علاقائی صدر خانوزئی گل محب الرحمن پانیزئی، سینئر معاون سیکرٹری شرن دلسوز، غفار خان کاکڑ، ظہیر خان پانیزئی سمیت دیگر سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں، سماجی اور قبائلی عمائدین نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ دریں اثناء پشتونخوامیپ تحصیل کاریزات کے جاری کردہ بیان میں مرحوم یار محمد لالا کی وفات پر تعزیت کا اظہار کیا گیا ہے اور پشتونخوامیپ سوگوار خاندان کے ساتھ اس صدمے میں برابر کی شریک ہے بیان میں دعا کی گئی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوار رحمت میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن کا اجلاس 13 اپریل کو ہوگا

کوئٹہ (آن لائن) اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن، جامعہ بلوچستان کی جانب سے بائیومیٹرک حاضری کے حوالے سے اساتذہ کا ایک اہم جنرل باڈی میٹنگ/اجلاس 13 اپریل بروز سوموار 11 بجے یونیورسٹی کے مین آڈیٹوریم میں منعقد ہوگا۔ اجلاس کا مقصد یونیورسٹی انتظامیہ کا بائیومیٹرک حاضری کے حالیہ فیصلے پر تفصیلی غور و خوض کرنا اور اساتذہ برادری کی متفقہ رائے کی روشنی میں ایک جامع اور مشترکہ لائحہ عمل طے کرنا ہے۔ اس موقع پر تمام اساتذہ سے شرکت کی بھرپور توقع کی جاتی ہے تاکہ اجتماعی مشاورت کے ذریعے ایک مضبوط اور متوازن فیصلہ سامنے لایا جاسکے۔

ثالثی کا کردار ادا کرنے پر پاکستان دنیا کا ہیرو بن گیا ہے، محمد شفیق دولتزئی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام (س) کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا محمد شفیق دولتزئی نے کہا ہے کہ امریکہ، اسرائیل اور ایران کے درمیان جنگ بندی پر ثالثی کا کردار وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر نے مخلصانہ جدوجہد کرکے جنگ بندی کی گئی جس کے باعث خلیجی ممالک خصوصاً سعودی عرب، کویت، بحرین، قطر، عرب امارات اور دیگر ممالک بھی متاثر ہوئے جن کیلئے امریکہ، اسرائیل، بھارت نے سازش تاکہ اسلامی ممالک کے درمیان جنگ فسادات پیدا کررہے تھے مگر ثالثی کردار ادا کرنے والے مسلمانوں کے درمیان تمام سازشیں ناکام کردیئے بلکہ جنگ بندی سے ایران تمام خلیجی ممالک کے تحفظ یقینی ہوئی اور مملکت ایران کے بہادران جرات مندانہ مجاہدانہ جنگ کرنے سے اسرائیل، امریکہ کو تاریخی شکست ہوئی ثالثی کا کردار ادا کرتے پر پاکستان دنیا بھر میں مقبول اور ہیرو بن گیا۔

مسائل کے حل کی یقین دہانی پر اسپیشل سیکرٹری ہیلتھ کے مشکور ہیں، شفا مینگل

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیرامیڈیکل اسٹاف ایسوسی ایشن بلوچستان کے صوبائی صدر حاجی شفا مینگل اور سول ہسپتال یونٹ جنرل سیکرٹری حاجی جان کاکڑ نجیب کاکڑ ودیگر نے بدھ کو اسپیشل سیکرٹری محکمہ صحت شیک بلوچ سے ملاقات کی۔ اس ملاقات میں لواحقین کے نوٹیفکیشن کے معاملے پر تفصیلی گفتگو کی گئی، جس پر صوبائی صدر نے اپنے تحفظات اور مطالبات پیش کیے۔ مزید برآں، ملاقات میں پیرامیڈیکس کو درپیش دیگر مسائل پر بھی ضلع اور صوبائی سطح پر تفصیلی بات چیت ہوئی۔ اسپیشل سیکرٹری صحت میر شیک بلوچ نے تمام مسائل کو غور سے سنا اور ان پر مکمل عمل درآمد کی یقین دہانی کروائی۔

کوئٹہ: ملک میراں جان ترین پریس کانفرنس کر رہے ہیں

سردار محمد اسلم بزنجو کے بھائی میر فاروق بزنجو کی فاتحہ جاری

کوئٹہ (آن لائن) سابق صوبائی وزیر لالا رشید دشتی، سابق صوبائی وزیر میر عبدالرؤف رند، معروف شخصیات میر امداد رند، میر جاوید رند، میر زبیر رند اور میر طارق رند نے سابق صوبائی وزیر سردار محمد اسلم بزنجو کے گھر جاکر ان سے اور بزنجو خاندان کے دیگر شخصیات سے سردار محمد اسلم بزنجو کے بھائی میر فاروق بزنجو کی وفات پر تعزیت کی اور مرحوم کے روح کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی۔ انہوں نے سابق صوبائی وزیر سردار محمد اسلم بزنجو سے ان کے بھائی میر فاروق بزنجو کی وفات پر دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو یہ صدمہ صبر و حوصلے کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق دے۔ انہوں نے کہا کہ ہم دکھ اور غم کی اس گھڑی میں سوگوار خاندان کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔

بلوچستان پبلک سروس کمیشن کے چیئرمین کیلاش ناتھ کوہلی، سابق ایم پی اے ولیم برکت، امام جمعہ علامہ حسنین حسینی، سید داؤد آغا، نادر علی ہزارہ، ڈاکٹر نوروز، سردار داؤد خلجی، سرور علی ودیگر سردار نثار علی ہزارہ کی اہلیہ کی وفات پر سردار محمد علی اور سردار حیدر عباس سے فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب

ڈیرہ مراد جمالی: سیاسی جماعت کے دفتر سے چور سامان لے اڑے

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی ایک سیاسی جماعت کے دفتر میں ڈکیتی کی واردات نامعلوم چور دفتر سے اہم ریکارڈ بیٹری سولر پلیٹس پنکھے و دیگر سامان چوری کر کے فرار ہوگئے پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی میں گزشتہ شب نامعلوم چور ایک سیاسی جماعت کے ضلعی دفتر کے تالے توڑ کر بیٹری سولر پلیٹس لیپ ٹاپ دفتری ریکارڈ و دیگر سامان چوری کر کے فرار ہوگئے واقعے کی اطلاع پر پولیس جائے وقوع پر پہنچ گئی اور تحقیقات شروع کر دی گئی

محکمہ بی اینڈ آر ای اینڈ ایم ڈویژن میں درجنوں ملازمین کی پرموشن

چیف انجینئر مہر اللہ جوگیزئی کی زیر صدارت پرموشن کمیٹی کا اجلاس ایس او جنرل عبدالغفار محمد شہی و دیگر ممبران شریک

محکمہ کے افسران کی دلچسپی سے ای اینڈ ایم ورکشاپ میں سینئر ملازمین کا پرموشن کا دیرینہ مسئلہ حل ہوگیا، قاسم خان

صوبائی وزیر سلیم کھوسہ سیکرٹری بابر خان کی قیادت میں ملازمین کے مسائل حل کئے جا رہے ہیں، عابد بٹ و دیگر رہنما

کوئٹہ (آن لائن) پی ڈبلیو ڈی ایمپلائز یونین بلوچستان کے صدر قاسم خان جنرل سیکرٹری عابد بٹ۔ محمد الیاس یوسفزئی۔ محمد مسلم اور دیگر عہدیداروں نے محکمہ بی اینڈ آر کی ای اینڈ ایم ورکشاپ ڈویژن کے تمام سینئر ملازمین کی پرموشن کا عرصہ دراز سے دیرینہ مسئلہ حل کرنے پر پرموشن کمیٹی کے سربراہ و چیف انجینئر ای اینڈ ایم محکمہ سی اینڈ ڈبلیو مہر اللہ جوگیزئی کو خراج تحسین پیش کیا ہے جنہوں نے ملازمین کی پرموشن کے حوالے سے اجلاس طلب کر کے حقدار ملازمین کو جو عرصہ دراز سے اپنی پرموشن کے منتظر تھے انکی دادرسی کی گئی جس پر یونین اور محکمہ کے ملازمین و مزدور انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ یونین رہنماؤں نے کہا کہ ادارے میں ملازمین کی پرموشن کے شفاف عمل سے محکمہ کے دیگر جونیئر ملازمین بھی مطمئن ہو گئے کہ اب انہیں بھی سنیارٹی لسٹ میں مناسب اور اچھی درجہ بندی ملے گی۔ یونین رہنماؤں نے پرموشن کمیٹی کے سربراہ و چیف انجینئر ای اینڈ ایم محکمہ سی اینڈ ڈبلیو مہر اللہ جوگیزئی۔ محکمہ سی اینڈ ڈبلیو بلوچستان کے ایس او جنرل عبدالغفار محمد شہی اور دیگر پرموشن کمیٹی کے ممبران کا ملازمین کی پرموشن کے عمل کو سنیارٹی لسٹ کے مطابق مکمل کرنے پر شکریہ ادا کیا ہے انہوں نے کہا کہ صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات سلیم خان کھوسہ محکمہ کے سیکرٹری بابر خان کی قیادت میں ملازمین کے مسائل کے حل کیلئے موثر اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔ یونین رہنماؤں نے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ محکمہ مواصلات و تعمیرات کے دیگر شعبوں کے سربراہان اور ایگزیکٹو انجینئرز اپنے ماتحت ملازمین کی پرموشن کے عمل کو قواعد و ضوابط کے تحت مکمل کریں گے۔

پنجگور: درسی کتب کی فراہمی کا مرحلہ تاحال مکمل نہ ہوسکا

پنجگور (این این آئی) تعلیمی سال کو شروع ہوئے 40 دن ہونے کو ہیں مگر پنجگور میں کتابوں کی فراہمی کا مرحلہ مکمل نہیں ہو سکا ہے جس سے سرکاری اسکولوں میں زیر تعلیم بچے شدید پریشانی کا شکار ہو گئے ہیں محکمہ تعلیم پنجگور کے ذرائع کا کہنا ہے کہ آٹھویں اور نویں جماعت کی اہم کتابیں تاحال مسنگ ہیں اسی طرح پچھلی کی کتابیں بھی نامکمل ہیں واضح رہے کہ حسب سابق اس سال بھی سابقہ روایات کو برقرار رکھا گیا پنجگور کے والدین نے وائس آف مکران کو بتایا کہ ہمارے بچوں کی تعلیمی انحصار سرکاری اسکولوں پر ہے تاہم حکومتی دعووں کے برعکس سرکاری اسکولوں میں جدید دور کے دیگر سہولتوں کی فراہمی اپنی جگہ پر ہر سال انہیں کتابوں کے پیچھے بھاگنا پڑتا ہے والدین نے کہا کہ نجی اسکولوں میں باقاعدہ درس و تدریس کا عمل جاری ہے تاہم انکے پاس اتنی گنجائش نہیں ہے کہ وہ اپنے بچوں کو کسی پرائیویٹ اسکول میں جاکر داخلہ دلائیں حکومت اور محکمہ تعلیم اس گیپ کو پر کرنے کے لیے فوری اور مستقل بنیادوں پر اقدامات کریں تاکہ ہر شخص کو یکساں تعلیمی ماحول اور سہولتیں میسر آسکیں اس طرح کی روایتوں کو ہر سال برقرار رکھ کر کتابوں کی مکمل ترسیل نہ ہونے سے عام شہریوں کے بچے حصول علم سے محروم ہو رہے ہیں

جدید اصلاحات سے سرمایہ کاری کے مواقع بڑھیں گے، قائم لاشاری

مختلف سرکاری محکموں کی خدمات ایک ہی پلیٹ فارم پر فراہم کی جائیں گی

بین الاقوامی سرمایہ کاروں کے لیے بھی بلوچستان ایک پرکشش مقام بنے گا

لسبیلہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے زیر اہتمام لسبیلہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (LCCI) میں بزنس فسیلیٹیشن سینٹر کے حوالے سے ایک تعارفی سیشن منعقد کیا گیا۔ اس اہم تقریب میں مقامی صنعتکاروں، کاروباری شخصیات اور متعلقہ اداروں کے نمائندگان نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر قائم لاشاری نے بزنس فسیلیٹیشن سینٹر کے تحت متعارف کرائے گئے "ون ونڈو آپریشن" سسٹم کی خصوصیات پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ انہوں نے بتایا کہ اس نظام کے ذریعے سرمایہ کاروں اور کاروباری افراد کو مختلف سرکاری محکموں کی خدمات ایک ہی پلیٹ فارم پر فراہم کی جائیں گی، جس سے نہ صرف وقت کی بچت ہوگی بلکہ کاروبار کے آغاز اور توسیع کے مراحل بھی آسان ہو جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ڈیجیٹل کوآرڈینیشن فریم ورک کے نفاذ سے بلوچستان میں سرمایہ کاری کے مواقع بڑھیں گے اور شفافیت کو فروغ ملے گا۔ اس جدید نظام کے ذریعے مختلف اداروں کے درمیان رابطہ کاری کو مؤثر بنایا گیا ہے تاکہ کاروباری سرگرمیوں کو درپیش رکاوٹوں کو کم کیا جا سکے۔ لسبیلہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر یعقوب کریم، معروف صنعتکار اسماعیل ستار، اور لسبیلہ انڈسٹریل اسٹیٹس ڈیولپمنٹ اتھارٹی (LIEDA) کے منیجنگ ڈائریکٹر لیاقت کشانی نے BBoIT کی کاوشوں کو سراہا۔ انہوں نے اس اقدام کو صوبے میں کاروباری ماحول کی بہتری کی جانب ایک اہم پیش رفت قرار دیا۔ مقررین کا کہنا تھا کہ بزنس فسیلیٹیشن سینٹر کے قیام اور ڈیجیٹل نظام کے نفاذ سے نہ صرف مقامی بلکہ بین الاقوامی سرمایہ کاروں کے لیے بھی بلوچستان ایک پرکشش مقام بنے گا۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ اس اقدام سے صنعتی ترقی کو فروغ ملے گا، روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے اور صوبے کی معیشت مستحکم ہوگی۔ شرکاء نے BBoIT کی جانب سے کیے گئے اقدامات کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ مستقبل میں بھی ایسے اقدامات کی بھرپور حمایت جاری رکھیں گے۔

لسبیلہ: بی آئی ٹی کے سی ای او قائم لاشاری تعارفی سیشن سے خطاب کر رہے ہیں

جمعیت نے قومی مفاد کیلئے ہمیشہ جرأت مندانہ موقف اختیار کیا، عبدالرحمن رفیق

موجودہ پیچیدہ حالات میں جماعت کی قیادت نے بصیرت دور اندیشی اور حکمت عملی کا مظاہرہ کیا ہے، حاجی عین اللہ شمس

کارکنان جماعت کا اصل سرمایہ اور قوت، ذمہ دارانہ سرگرمیاں ہی جماعت کے وقار میں اضافے کا باعث ہیں، مولانا خورشید

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، حاجی بشیر احمد کاکڑ، سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد، عبدالصمد ہلیار، مفتی محمد ابوبکر، عبدالباری شہزاد، مولانا جمال الدین حقانی، مفتی رشید احمد حقانی، حاجی عطاء محمد شمشوزئی اور دیگر رہنماؤں نے کہا ہے کہ جمعیت علماء اسلام نے ہمیشہ ملک کی عزت وقار اور سالمیت کو مقدم رکھا ہے قومی مفاد کے تحفظ کے لیے ہمیشہ اصولی اور جرأت مندانہ موقف اختیار کیا ہے۔ موجودہ نازک اور پیچیدہ حالات میں جماعت کی قیادت نے جس بصیرت دور اندیشی اور حکمت عملی کا مظاہرہ کیا ہے وہ قابل تحسین ہے۔ انہوں نے کہا کہ معاشرے میں بڑھتی ہوئی بداخلاقی بدتہذیبی نفرتوں دوریوں اور نفاق نے نہ صرف سماجی اقدار کو متاثر کیا ہے بلکہ سیاسی ماحول کو بھی آلودہ کر دیا ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ سیاسی اختلاف کو ذاتی دشمنی میں تبدیل کرنے کے بجائے دلیل برداشت اور شائستگی کے دائرے میں رہ کر آگے بڑھایا جائے کیونکہ مہذب رویہ ہی ایک باوقار سیاسی روایت کی بنیاد ہوتا ہے۔ انہوں نے کارکنان کو ہدایت کی کہ وہ اپنے کردار گفتار اور طرز عمل میں اعلیٰ اخلاقی اقدار کو اپنائیں اور ہر سطح پر نظم و ضبط دیانت اور اخلاص کا مظاہرہ کریں تاکہ عملی طور پر یہ ثابت ہو کہ ان کا تعلق ایک عظیم دینی اور نظریاتی جماعت سے ہے۔ انہوں نے کہا کہ کارکنان جماعت کا اصل سرمایہ اور قوت ہیں ان کی مثبت اور ذمہ دارانہ سرگرمیاں ہی جماعت کے وقار میں اضافے کا باعث بنتی ہیں۔

آئی جی اسلام آباد کا چیف کمشنر اسلام آباد کے ہمراہ ریڈزون کا دورہ

سرکاری و نجی اداروں کے حفاظتی اقدامات کا جائزہ لیا گیا، اہم فیصلے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کا چیف کمشنر اسلام آباد سہیل اشرف کے ہمراہ ریڈزون کا دورہ۔ آئی جی اسلام آباد نے ریڈزون میں غیر ملکی وفود کی آمد و رفت کے پیش نظر سیکورٹی انتظامات، داخلی و خارجی راستوں اور اہم سرکاری و نجی اداروں کے حفاظتی اقدامات کا جائزہ لیا۔ تمام افسران کو سیکورٹی اقدامات کو مزید سخت اور موثر بنانے کے احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے چیف کمشنر اسلام آباد سہیل اشرف کے ہمراہ ریڈزون کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے ریڈزون میں غیر ملکی وفود کی آمد و رفت کے تناظر میں سیکورٹی انتظامات کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران داخلی و خارجی راستوں، اہم سرکاری و نجی عمارات، سفارتی مراکز اور دیگر حساس مقامات پر کیے گئے حفاظتی اقدامات کا معائنہ بھی کیا گیا۔ آئی جی اسلام آباد نے ڈیوٹی پر مامور پولیس افسران اور جوانوں کو ہدایات جاری کرتے ہوئے

کہا کہ ڈیوٹی کی نوعیت اور حساسیت کو مدنظر رکھتے ہوئے سیکورٹی کو مزید موثر، مربوط اور سخت بنایا جائے۔ مزید برآں، شہریوں کی سہولت کو مدنظر رکھتے ہوئے ایک جامع اور مربوط ٹریفک پلان بھی ترتیب دیا گیا ہے، جس کا مقصد ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنا اور عوام کو ممکنہ مشکلات سے بچانا ہے۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ سیکورٹی اداروں کے ساتھ مکمل تعاون کریں اور جاری ہدایات پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں۔ آخر میں آئی جی اسلام آباد نے اس عزم کا اظہار کیا کہ اسلام آباد پولیس اپنے تمام تر وسائل بروئے کار لاتے ہوئے غیر ملکی وفود کو بہترین سیکورٹی فراہم کرے گی اور ملکی وقار، سلامتی اور تشخص کو برقرار رکھنے کے لئے ہر ممکن اقدامات کو یقینی بنایا جائے گا۔

جعفرآباد: غفلت برتنے پر سی آئی اے انچارج معطل

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈی آئی جی پولیس رینج نصیرآباد نے سی آئی اے انچارج جعفرآباد کو فرائض میں غفلت برتنے پر معطل کر دیا گیا پولیس کے مطابق ڈی آئی جی پولیس رینج نصیرآباد کیپٹن (ر) عاصم خان نے سی آئی اے انچارج جعفرآباد انسپکٹر غلام علی کنڈرانی کو فرائض میں غفلت برتنے پر معطل کر کے انکوائری کے احکامات جاری کر دیے گئے ہیں۔

خیبر پختونخوا میں ڈاکٹروں کی بھرتی کیلئے نیا میرٹ معیار جاری

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا میں ڈاکٹروں کی بھرتی کیلئے نیا میرٹ معیار جاری کر دیا گیا۔ محکمہ صحت خیبر پختونخوا کی جانب سے ڈاکٹروں کی بھرتی سے متعلق جاری نئے نوٹیفکیشن میں کہا گیا کہ ڈاکٹروں کی بھرتی میں تعلیمی نمبرز کو 60 فیصد وزن دیا جائیگا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق اعلیٰ تعلیم کیلئے امیدواروں کو 20 فیصد اضافی نمبرز ملیں گے اور انٹرویو کے لیے بھی 20 فیصد نمبرز مختص کیے گئے ہیں مجموعی اسکور 100 رکھا گیا۔ اس کے علاوہ میرٹ کو مزید شفاف بنانے کیلئے نئی درجہ بندی متعارف کرائی گئی ہے جس کے تحت فرسٹ، سیکنڈ اور تھرڈ ڈویژن ڈگریوں کے مطابق نمبرز کی مزید تقسیم کی جائیگی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ایک، دو اور تین اضافی ڈگریوں پر بالترتیب 10، 15 اور 20 نمبر دیئے جائیں گے۔ ڈاکٹروں کی بھرتی کے لیے جاری نئے میرٹ معیار کا اطلاق فوری طور پر ہوگا۔

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں فوری کم کی جائیں، مجلس وحدت مسلمین

عالمی منڈی میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے باوجود یہاں پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں پر تشویش ہے

عالمی منڈی میں قیمتوں میں کمی ہوئی ہے، عوام الناس کو 140 روپے کی ریلیف سے محروم کیوں رکھا جا رہا ہے، بیان

کوئٹہ (آن لائن) مجلس وحدت مسلمین بلوچستان کے جاری کردہ بیان میں عالمی منڈی میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے باوجود پاکستان میں پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ وفاقی حکومت پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بڑھنے پر فوراً قیمتیں بڑھا دیتی ہیں، تاہم قیمتیں کم ہونے کے باوجود عوام الناس کو مہنگا پیٹرول فروخت کیا جا رہا ہے جو سراسر زیادتی ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ حکومت ملکی اقتصاد کو مستحکم کرنے کے بجائے عوام الناس سے ٹیکس وصول کرنے کے مواقع تلاش کرتی ہے۔ جو ان کی نااہلی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ جلد از جلد پیٹرول کی قیمتوں میں کمی کا اعلان کیا جائے۔ بیان میں کہا گیا کہ عالمی مارکیٹ میں 10 سے 15 ڈالر فی بیرل اضافے پر حکومت پیٹرول کی قیمتوں میں 137 روپے کا اضافہ کر دیتی ہے، اب اگر عالمی منڈی میں قیمتوں میں اتنے ہی ڈالر کی کمی ہوئی ہے تو عوام الناس کو 140 روپے کی ریلیف سے محروم کیوں رکھا جا رہا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ اس وقت پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے باعث روزمرہ کی چیزیں بھی متاثر ہو رہی ہیں۔ جتنی جلدی پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کا اعلان کیا جائے گا مہنگائی کے اس تسلسل پر قابو پانے میں آسانی ہوگی۔ ورنہ عوام الناس مہنگائی کی چکی میں پستے رہیں گے۔ بیان میں تاجر برادری، ٹرانسپورٹرز، وکلا برادری اور سیاسی جماعتوں سے اپیل کی گئی کہ حکومتی اقدامات کے خلاف احتجاج کریں۔ اگر قیمتوں میں کمی نہ کی گئی تو مجلس وحدت مسلمین ملک بھر میں احتجاج کا راستہ بھی اپنا سکتی ہے۔ اس حوالے سے پارٹی کارکنوں کو تیار رہنے کی ہدایت دی گئی۔ بیان میں کہا گیا کہ مجلس وحدت مسلمین پاکستانی عوام کی ترجمان جماعت ہے۔ ہم عوام الناس کے حقوق کے لئے ہمیشہ آواز بلند کرتے رہیں گے۔ حکومت وقت کو بھی عوام کی آواز سنتے ہوئے جلد از جلد پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کا اعلان کرنا ہوگا۔

ایم پی اے سید ظفر آغا اسمبلی اجلاس میں قرارداد پیش کر رہے ہیں

امریکہ و ایران کا مذاکرات کی میز پر آنا خوش آئند ہے، احمد خان

پاکستان کی خلوص نیت سے امریکہ اور ایران کے درمیان مثبت ثالثی قابل تحسین ہے

کوئٹہ (پ ر) سیاسی ڈائیلاگ اور سیاسی و سفارتی حل نہ صرف امریکہ و ایران کیلئے ناگزیر ہے بلکہ پاکستان اور افغانستان دونوں کے بھی عظیم تر مفاد میں ہوگا پاکستان کی خلوص نیت سے امریکہ اور ایران کے درمیان مثبت ثالثی قابل تحسین ہے۔ افغان قومی موومنٹ کے مرکزی چیئرمین احمد خان نے کہا ہے کہ مشرق وسطیٰ میں حالیہ کشیدگی خطے کیلئے تشویشناک ہے جنگی جنونی طاقت کے بجائے سیاسی ڈائیلاگ اور سیاسی و سفارتی حل نہ صرف امریکہ و ایران کیلئے ناگزیر ہے بلکہ پاکستان اور افغانستان کے بھی عظیم تر مفاد میں ہوگی امریکہ اور ایران کے درمیان عارضی جنگ بندی کیلئے پاکستان کی مثبت کردار قابل تحسین ہے امید ہے کہ پر خلوص اور غیر جانبدار کوششوں سے تمام حل طلب مسائل کو مستقل طور پر حل کرنے کی کوشش ہوگی انہوں نے کہا کہ جنگی طاقت کی گھمنڈ اور طاقت کے بجائے طاقت کا استعمال کسی مسئلے کا حل نہیں ہے۔

سردار ذوالفقار کھوسہ ایک مدبر اور تجربہ کار سیاستدان تھے، بخت کاکڑ

مرحوم کی سیاسی و عوامی خدمات کو ہمیشہ قدر کی نگاہ سے دیکھا جائے گا، صوبائی وزیر

کوئٹہ (اے این این) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے سابق گورنر پنجاب اور سینئر سیاستدان سردار ذوالفقار احمد خان کھوسہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اپنے تعزیتی بیان میں انہوں نے کہا کہ سردار ذوالفقار احمد خان کھوسہ ایک مدبر، باوقار اور تجربہ کار سیاستدان تھے، جنہوں نے ملکی سیاست میں نمایاں خدمات سرانجام دیں۔ ان کی سیاسی و عوامی خدمات کو ہمیشہ قدر کی نگاہ سے دیکھا جائے گا اور انہیں طویل عرصے تک یاد رکھا جائے گا صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے مرحوم کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صدمہ صبر و حوصلے کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق دے۔

صوبائی وزیر میر شعیب نوشیروانی اور ایم پی اے شاہدہ رؤف گفتگو کر رہے ہیں

بلوچستان کے نوجوان ہمارا اصل سرمایہ ہیں، زرک خان مندوخیل

فنی تربیتی مراکز قائم کرینگے، نوجوان تعلیم کے ساتھ ہنر حاصل کرنے پر توجہ دیں

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان اسمبلی کے رکن شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا ہے کہ صوبے کے نوجوان ہمارا اصل سرمایہ ہیں اور ان کے بہتر مستقبل کے لیے تعلیم، روزگار اور کھیلوں کے مواقع فراہم کرنا حکومت اور عوامی نمائندوں کی مشترکہ ذمہ داری ہے یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے دور دراز علاقوں میں تعلیمی اداروں اور بنیادی ڈھانچے کی کمی سب سے بڑا چیلنج ہے وہ اسمبلی کے فورم پر مسلسل آواز بلند کر رہے ہیں تاکہ نوجوانوں کو معیاری تعلیم کے ساتھ ساتھ ہنر مند بنانے کے لیے فنی تربیتی مراکز قائم کیے جا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ بے روزگاری نوجوانوں کے لیے سب سے بڑا مسئلہ ہے، اور اس کا حل یہی ہے کہ صوبے میں ترقیاتی منصوبے شروع کیے جائیں، جن سے نہ صرف مقامی لوگوں کو روزگار ملے گا بلکہ معیشت بھی بہتر ہوگی۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ وہ اپنی سیاسی جدوجہد نوجوانوں کی خوشحالی اور عوامی مسائل کے حل کے لیے جاری رکھیں گے۔ شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا کہ کھیلوں کے فروغ سے نوجوانوں میں مثبت سرگرمیاں پروان چڑھتی ہیں، اسی لیے وہ اپنے حلقے میں کھیلوں کے میدانوں اور اسپورٹس کمپلیکس کے قیام کے لیے اقدامات کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ چاہتے ہیں بلوچستان کے نوجوان ملکی اور بین الاقوامی سطح پر اپنا لوہا منوائیں۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ تعلیم کو اپنی ترجیح بنائیں اور نوجوان نسل کو بہتر مستقبل کے لیے تیار کریں اگر آج ہم نے تعلیم اور روزگار پر سرمایہ کاری کی تو آنے والا بلوچستان ایک خوشحال اور ترقی یافتہ صوبہ ہوگا۔

جمعیت علما اسلام تحصیل نانا صاحب مفتی محمود یونٹ کا اجلاس

پارٹی اپنے مضبوط نظم و دستور کی بنیاد پر قائم ہے، مولوی امین اللہ

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام تحصیل نانا صاحب مفتی محمود یونٹ دلسورہ کا عمومی دستوری اجلاس زیر صدارت امیر یونٹ و ڈپٹی چیئرمین یونین کونسل دلسورہ مولوی امین اللہ منعقد ہوا۔ اجلاس کا آغاز حافظ عبدالنافع کی تلاوت کلام پاک سے ہوا، جبکہ جنرل سیکرٹری حافظ عبدالرحیم نے کارروائی چلائی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے مولوی امین اللہ نے کہا کہ جمعیت علما اسلام کا عظیم مقصد اللہ تعالیٰ کی رضا کا حصول اور زندگیاں دین کے لیے وقف کرنا ہے، ہمیں فخر ہے کہ ہم ایک عظیم دینی و سیاسی جماعت سے وابستہ ہیں۔ اجلاس سے تحصیل نانا صاحب کے سیکرٹری اطلاعات فضل الرحمن پانیزئی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یہ جماعت بڑی محنت، قربانیوں اور تکالیف کے بعد ہم تک پہنچی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ جے یو آئی پاکستان کی دیگر سیاسی جماعتوں سے اس لیے منفرد ہے کیونکہ یہ ایک اسلامی اور مذہبی جماعت ہے جو اپنے مضبوط نظم و دستوری بنیاد پر قائم ہے۔ انہوں نے اراکین پر زور دیا کہ جماعت کا دستور جاننا اور اس پر عمل کرنا ہر رکن کی بنیادی ذمہ داری ہے، کیونکہ دستوری اجلاس ہی وہ فورم ہے جہاں اراکین اپنی قیادت کا انتخاب کرتے ہیں۔ مقررین نے بعض اراکین کی عدم شرکت پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ کورم پورا نہ ہونے سے اہم فیصلے مؤخر ہو جاتے ہیں، لہٰذا ہر رکن جماعتی سرگرمیوں میں بھرپور حصہ لے۔ انہوں نے اس بات پر بھی تشویش کا اظہار کیا کہ کچھ لوگ ذاتی مفادات کی خاطر عظیم نظریاتی جماعت کو چھوڑ دیتے ہیں جو کہ افسوسناک ہے۔

ایران امریکہ جنگ بندی خوش آئند اقدام ہے، پی پی پی ڈبلیو

پائیدار امن کیلئے مزید سنجیدہ کوششوں کی ضرورت ہوگی، ڈاکٹر صفدر علی و دیگر

کوئٹہ (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی ورکرز کے صدر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، ناہید خان، فیاض علی خان، ایڈووکیٹ امجد بلوچ، کنور زاہد، رائے قیصر، حمید گولڑہ، ملک مظہر، نوید صادق، رانا عثمان و دیگر نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ ایران اور امریکہ کے درمیان جنگ بندی کشیدگی میں کمی کی جانب ایک خوش آئند قدم ہے، تاہم اسے ایک حتمی حل کی بجائے ابتدائی اقدام کے طور پر دیکھا جانا چاہیے اور پائیدار امن و استحکام کے لیے مزید سنجیدہ کوششوں کی ضرورت ہوگی۔ مذاکرات کے فروغ میں پاکستان کی سفارتی کاوشوں کو تسلیم کرتے ہیں۔ تاہم یہ بھی ضروری ہے کہ ان کوششوں کے ساتھ شفافیت اور وضاحت کو یقینی بنایا جائے تاکہ عوامی اعتماد مضبوط ہو اور بامعنی پیش رفت کو برقرار رکھا جا سکے۔ دیرپا امن اسی وقت ممکن ہے جب سفارتکاری کے ساتھ انصاف اور مساوات کے تقاضوں کو بھی مدنظر رکھا جائے۔ حالیہ جھڑپوں میں معصوم شہریوں، خصوصاً بچوں کی جانوں کا ضیاع نہایت افسوسناک اور باعث تشویش ہے۔ ایسے واقعات اس امر کی فوری ضرورت کو اجاگر کرتے ہیں کہ ضبط و تحمل کا مظاہرہ کیا جائے اور بین الاقوامی انسانی اصولوں کی پاسداری کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ان تمام واقعات کی مکمل تحقیقات کی جائیں اور بین الاقوامی قانون کے تحت احتساب کے تقاضوں کو یقینی بنایا جائے۔

جامعہ تربت میں رضا کار اساتذہ کیلئے تربیتی ورکشاپ

پروگرام کا مقصد طلبہ کو اساتذہ کے طور پر تیار کرنا ہے، مقررین

تربت (آن لائن) یونیورسٹی آف تربت میں وزیراعظم کے قومی خواندگی پروگرام ایچ ون ایچ ون EOTO کے تحت 7 سے 9 اپریل 2026 تک رضا کار اساتذہ کے لیے تین روزہ تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا، جس میں یونیورسٹی کے مختلف تعلیمی شعبہ جات کے طلبہ و طالبات نے بھرپور شرکت کی۔ ورکشاپ نیشنل کمیشن فار ہیومن ڈیولپمنٹ (این سی ایچ ڈی) اور تربت یونیورسٹی کے باہمی اشتراک سے منعقد کی گئی۔ اس سلسلے میں دونوں اداروں کے درمیان رواں سال اگست میں مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے گئے تھے، جس کا مقصد ایچ ون ایچ ون پروگرام کے تحت خواندگی کے فروغ کے لیے مشترکہ اقدامات کو فروغ دینا ہے۔ تربیتی سیشنز میں یونیورسٹی آف تربت کے فیکلٹی ممبران مہناز بشیر اور قمر الٰہی، جبکہ این سی ایچ ڈی کے نمائندے عبدالسلام نے بطور ریسورس پرسنز خدمات انجام دیں۔ یونیورسٹی آف تربت کے ڈپٹی رجسٹرار شاہد خالد نے پروگرام کے فوکل پرسن کے طور پر ذمہ داریاں نبھائیں۔ ورکشاپ کے دوران شرکاء کو اس بات کی ترغیب دی گئی کہ وہ اپنی متعلقہ کمیونٹیز میں خواندگی آگاہی مہم چلائیں، سیکھنے والوں کی نشاندہی کریں اور باقاعدہ تدریسی سرگرمیوں کا آغاز کریں۔ تربیتی ورکشاپ کے دوران این سی ایچ ڈی کے نمائندے نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اس پروگرام کا بنیادی مقصد یونیورسٹی کے طلبہ کو اساتذہ کے طور پر تیار کرنا ہے تاکہ وہ پروگرام کے مقاصد، اس پر عمل کرنے کی حکمت عملی اور ایوالویشن کے طریقہ کار کو بہتر انداز میں سمجھ سکیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ یہ تربیتی ورکشاپ ہائر ایجوکیشن کمیشن کی انڈر گریجویٹ ایجوکیشن پالیسی کے تحت لازمی کورس سوک اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ کے مطابق ترتیب دی گئی ہے

صوبائی ڈیجیٹل میڈیا پالیسی ہرگز قبول نہیں، پروفیسر حلیم صادق

ڈیجیٹل میڈیا پالیسی مقامی اخبارات کے خلاف سازش ہے، بیان

کوئٹہ (آن لائن) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری اور شال پبلشرز گروپ کے سی ای او پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے بلوچستان حکومت کی ڈیجیٹل میڈیا پالیسی کو مسترد کرتے ہوئے اسے مقامی اخبارات کو بند کرنے کی سازش قرار دیا ہے۔ اپنے جاری کردہ بیان میں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کا پرنٹ میڈیا پہلے ہی شدید مالی بحران کا شکار ہے اور اخبارات کو فنڈز کی کمی جیسے سنگین مسائل درپیش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ صورتحال میں اگر ڈی پی آر کے محدود فنڈز کو مزید تقسیم کیا گیا تو اس سے مقامی اخبارات کو ناقابل تلافی نقصان پہنچے گا اور پرنٹ میڈیا مکمل تباہی کے دہانے پر پہنچ جائے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ اس پالیسی کے نتیجے میں ہزاروں افراد کے بیروزگار ہونے کا خدشہ ہے، جو پہلے ہی معاشی مشکلات کا شکار ہیں۔ پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ ڈیجیٹل میڈیا کی ترقی کیلئے علیحدہ فنڈ مختص کیا جائے تاکہ پرنٹ میڈیا کے وسائل متاثر نہ ہوں۔ انہوں نے واضح کیا کہ مقامی میڈیا کو ڈیجیٹل میڈیا کی ترقی پر کوئی اعتراض نہیں، تاہم ڈی پی آر کے قلیل فنڈز کی مزید تقسیم کسی صورت قبول نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کو چاہیے کہ وہ پرنٹ میڈیا کو درپیش مسائل کا سنجیدگی سے نوٹس لے اور ایسے اقدامات کرے

قانون کی حکمرانی اور متفقہ آئین شہید بھٹو کی مرہون منت ہے، پیپلز پارٹی

1973 کے متفقہ آئین نے تمام اکائیوں کو برابر کے حقوق دیئے اور ان اکائیوں نے ملک پاکستان کو مضبوط بنایا ہے

10 اپریل وہ تاریخ ساز دن ہے جب قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو نے مملکت خداداد پاکستان کو پہلا متفقہ آئین دیا، سردار سربلند

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما سردار سربلند جوگیزئی نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ اس نے جمہوریت کی بالادستی، قانون کی حکمرانی اور متفقہ آئین دینے میں بنیادی کردار ادا کیا، 10 اپریل وہ تاریخ ساز دن ہے جب قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو نے مملکت خداداد پاکستان کو پہلا متفقہ آئین دیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے بانی شہید ذوالفقار علی بھٹو اور انکے ساتھیوں نے 10 اپریل 1973ء کو ایک متفقہ دیا آج کے دن ہم قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 1973 کے متفقہ آئین نے تمام اکائیوں کو برابر کے حقوق دیئے اور ان اکائیوں نے ملک پاکستان کو مضبوط بنایا۔ انہوں نے کہا کہ آج کا دن ہمیں یہ یاد دلاتا ہے کہ ہم ملک کی ترقی و خوشحالی کیلئے کام کریں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ آئین کی بالادستی کیلئے جدوجہد کی ہے جب بھی کسی آمر نے آئین میں ترامیم کیں تو پیپلز پارٹی نے 1973ء کے آئین کو اسکی اصل شکل میں دوبارہ بحال کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی جمہوریت کی مضبوطی، آئین کی بالادستی کیلئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کرے گی۔

ڈیرہ مراد جمالی: پولیس اہلکار موٹر سائیکل، نقدی و موبائل فون سے محروم

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی میں مسلح ڈاکو پولیس کانسٹیبل سے موٹر سائیکل نقدی، موبائل فون و دیگر سامان چھین کر فرار ہو گئے پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی سٹی پولیس تھانے کی حدود گزشتہ شب پکی پھاٹک کے مقام پر نامعلوم مسلح ڈاکو گن پوائنٹ پر پولیس کانسٹیبل سیف اللہ زہری سے 125 موٹر سائیکل نقدی اور موبائل فون چھین کر فرار ہو گئے واقعے کی اطلاع پر پولیس جائے وقوع پر پہنچ کر مزید تحقیقات شروع کر دیں۔

تربت: گرین بس سروس نے اپنے اسٹاف میں کمی کر دی

تربت (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان کی جانب سے گرین بس سروس کو مفت کرنے کے اعلان کے بعد تربت میں اس سہولت سے مستفید ہونے والے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ عوامی حلقوں نے شکایت کی ہے کہ گرین بس سروس نے اپنے اسٹاف میں کمی کر دی ہے، جس کے باعث نہ صرف سروس متاثر ہوئی ہے بلکہ مسافروں کو راستے میں اٹھانے سے بھی گریز کیا جا رہا ہے۔ شہریوں کے مطابق گوکدان، ڈھنک، بہمن اور شاہی تمپ سمیت مختلف علاقوں کے رہائشیوں کو بسیں نظر انداز کر کے گزر جاتی ہیں۔ گوکدان کے مکینوں کا کہنا ہے کہ وہاں سے گرین بس سروس کا عملہ بھی ختم کر دیا گیا ہے، جس کی وجہ سے لوگوں کو مزید مشکلات کا سامنا ہے۔ خواتین نے خاص طور پر شکایت کرتے ہوئے بتایا کہ گرین بسیں ان کے گھروں کے قریب سے گزرتی ہیں مگر انہیں سوار نہیں کیا جاتا، جس کے باعث انہیں مجبوراً 300 روپے تک کرایہ دے کر ٹیکسی کے ذریعے سفر کرنا پڑتا ہے۔ ان کے مطابق پہلے یہی سفر گرین بس کے ذریعے صرف 50 روپے میں ممکن تھا۔ علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ روزانہ کی بنیاد پر خواتین، بچے، بزرگ، مزدور اور ملازمین سڑکوں پر کھڑے ہو کر بسوں کا انتظار کرتے ہیں، مگر بس ڈرائیور رکنے سے گریز کرتے ہیں۔ ایک خاتون نے بتایا کہ اپنے بیمار بچے کے ہمراہ بس رکوانے کی کوشش کے دوران وہ حادثے سے بال بال بچ گئیں عوامی حلقوں نے اس صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر گرین بس سروس واقعی عوام کے لیے ہے تو اسے عوامی سہولت کے مطابق چلایا جائے

سریاب کے تمام علاقے گیس سے محروم ہیں، تنویر شاہوانی

بچے اور ملازم پیشہ افراد ناشتے کے بغیر سکول و دفاتر جانے پر مجبور ہیں

گیس کمپنی نے اپنا ناروا سلوک درست نہ کیا تو احتجاج پر مجبور ہونگے

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے سینئر رہنما تنویر احمد شاہوانی نے سریاب اور اس کے ملحقہ علاقوں میں گیس پریشر کی شدید کمی پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اسے سوئی سدرن گیس کمپنی کا عوام دشمن رویہ قرار دیا ہے۔ اپنے ایک جاری کردہ بیان میں انہوں نے کہا کہ سریاب کے مختلف علاقوں میں گیس پریشر نہ ہونے کے برابر ہے، جس کے باعث شدید سردی میں عوام کی زندگی اجیرن ہو چکی ہے۔ تنویر احمد شاہوانی نے کہا کہ اسکول کھل چکے ہیں لیکن گیس نہ ہونے کی وجہ سے بچے اکثر ناشتے کے بغیر ہی اسکول جانے پر مجبور ہیں۔ انہوں نے مؤقف اختیار کیا کہ ایک طرف گیس کی فراہمی معطل ہے تو دوسری جانب سوئی سدرن گیس کمپنی بھاری بھرکم بل بھیجنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑ رہی، جو کہ عوام کے ساتھ صریحاً ناانصافی ہے۔ انہوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور حلقے کے ایم این اے نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی سے مطالبہ کیا کہ وہ اس بنیادی انسانی مسئلے کا فوری نوٹس لیں اور حکام بالا کے ذریعے گیس پریشر کی بحالی کو یقینی بنائیں۔ پی ٹی آئی رہنما نے خبردار کیا کہ اگر سوئی سدرن گیس کمپنی نے اپنا ناروا سلوک درست نہ کیا اور گیس پریشر کا مسئلہ حل نہ ہوا، تو عوام کے پاس احتجاج کے سوا کوئی راستہ نہیں بچے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ پہلے ہی کمر توڑ مہنگائی نے عوام کا جینا محال کر رکھا ہے، ایسے میں بنیادی سہولیات سے محرومی عوامی غم و غصے میں مزید اضافے کا باعث بنے گی۔

درسی کتب کی عدم فراہمی سنگین غفلت ہے، پشتونخوامیپ

فروری میں بلند و بانگ دعوے کئے گئے، عملی اقدامات نظر نہیں آئے، بیان

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کوئٹہ کے بیان میں کہا گیا ہے کہ سرکاری اسکولوں میں درسی کتب کی عدم فراہمی ایک سنگین غفلت ہے جس نے تعلیمی نظام کی کارکردگی پر بڑے سوالات کھڑے کر دیئے ہیں۔ فروری میں محکمہ تعلیم کی جانب سے تمام اضلاع میں بروقت درسی کتب کی فراہمی کے بلند و بانگ دعوے کیے گئے مگر عملی طور پر اسے یقینی نہیں بنایا گیا۔ نتیجتاً والدین کو مجبوراً بازار سے مہنگی کتابیں خریدنی پڑیں جو ان پر ایک اضافی مالی بوجھ ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ کوئٹہ شہر کے وسطی علاقوں سمیت مضافاتی اسکولوں اور دیگر اضلاع میں بھی تاحال درسی کتب فراہم نہیں کی گئیں، جس کے باعث درس و تدریس کا عمل تعطل کا شکار ہے۔ اپریل کا وسط آ چکا ہے لیکن ابھی تک سلیبس کا باقاعدہ آغاز نہیں ہو سکا، جس سے سہ ماہی، ششماہی اور سالانہ امتحانات کی تیاری شدید متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ اس صورتحال سے طلبہ، والدین اور اساتذہ سب ہی ذہنی دباؤ اور غیر یقینی کیفیت کا شکار ہیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ یہ تاثر مضبوط ہو رہا ہے کہ سرکاری تعلیمی اداروں کو دانستہ طور پر نظر انداز کیا جا رہا ہے جس کے نتیجے میں تعلیم کا شعبہ محض ایک کاروبار بنتا جا رہا ہے اور والدین کو نجی اداروں کی طرف دھکیلا جا رہا ہے۔ یہ طرز عمل نہ صرف ناانصافی ہے بلکہ قوم کے مستقبل کے ساتھ کھیلنے کے مترادف ہے۔ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی اس کی شدید مذمت کرتے ہوئے مطالبہ کرتی ہے کہ تمام اسکولوں میں فوری طور پر درسی کتب کی فراہمی یقینی بنائی جائے اور اپنی ذمہ داریوں میں غفلت برتنے والے افسران کے خلاف سخت محکمانہ کارروائی کی جائے اور تعلیمی سرگرمیوں کے تسلسل کو بحال کر کے سلیبس کی بروقت تکمیل یقینی بنائی جائے اور بالخصوص وزیر تعلیم فوری نوٹس لے کر ذمہ دار عناصر کو قرار واقعی سزا دیں کیونکہ تعلیم کسی بھی معاشرے کی بنیاد ہوتی ہے، اور اس کے ساتھ اس قسم کی لاپرواہی ناقابل برداشت ہے۔ حکومت فوری اقدامات کرے تاکہ طلبہ کا قیمتی وقت ضائع ہونے سے بچایا جا سکے اور تعلیمی نظام کو مزید تباہی سے روکا جا سکے۔

جامعہ تربت میں تین روزہ تربیتی ورکشاپ سے مہناز بشیر اور عبدالسلام خطاب کر رہے ہیں

کوئٹہ، ہر بچہ سکول میں مہم 23 ہزار طلباء و طالبات کے داخلے مکمل

مڈل اسکولوں میں لڑکوں کے داخلوں کا تناسب زیادہ، لڑکیوں کے نئے داخلے بھی تسلسل کے ساتھ جاری ہیں، نصیر علی

تعلیم ہی ترقی کی ضمانت ہے اور ایک تعلیم یافتہ معاشرہ ہی ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کر سکتا ہے، شیر احمد سمالانی کی گفتگو

کوئٹہ (این این آئی) ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ڈاکٹر سید نصیر علی شاہ اور ڈی ای او میل شیر احمد سمالانی نے کہا ہے کہ کوئٹہ میں جاری داخلہ مہم تیزی سے کامیابی کی جانب گامزن ہے، جہاں 34 ہزار نئے طلباء و طالبات کے ہدف کے مقابلے میں اب تک تقریباً 23 ہزار بچوں کا داخلہ مکمل کیا جا چکا ہے۔ داخلہ مہم کے حوالے سے منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ مڈل اسکولوں میں بالخصوص لڑکوں کے داخلوں کا تناسب زیادہ ہے جبکہ لڑکیوں کے نئے داخلے بھی تسلسل کے ساتھ جاری ہیں، جو ایک خوش آئند پیش رفت ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسکول سربراہان، اساتذہ اور کمیونٹی مشترکہ طور پر داخلہ مہم میں بھرپور کردار ادا کر رہے ہیں، جس کے مثبت نتائج سامنے آ رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ تعلیم ہی ترقی کی ضمانت ہے اور ایک تعلیم یافتہ معاشرہ ہی ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کر سکتا ہے۔ ڈی ای اوز نے اس امر پر اطمینان کا اظہار کیا کہ سرکاری اسکولوں میں بچوں کے داخلوں میں اضافہ اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ عوام کا سرکاری تعلیمی اداروں کے ماحول اور معیار تعلیم پر اعتماد بحال ہو رہا ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ داخلہ مہم کو مزید مؤثر بنا کر ہدف کے حصول کو یقینی بنایا جائے گا۔

نہال ہاشمی کی حمزہ شہباز سے ملاقات

لاہور (بیورو رپورٹ) سندھ کے گورنر نہال ہاشمی ماڈل ٹاؤن میں مسلم لیگ ن کے مرکزی سیکرٹریٹ پہنچ گئے۔ لاہور کے وزٹ کے دوران گورنر نہال ہاشمی نے پہلے مسلم لیگ نون کے مینٹور میاں نواز شریف سے اور پنجاب کی وزیراعلیٰ مریم نواز سے ملاقات کی تھی۔ ماڈل ٹاؤن کے ایچ بلاک میں مسلم لیگ ن کے مرکزی سیکرٹریٹ پہنچنے پر سابق وزیراعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز شریف نے ان کا استقبال کیا۔ گورنر سندھ نہال ہاشمی کی 180 ایچ آمد پر حمزہ شہباز نے انہیں دروازے پر ریسیو کیا اور گلدستہ پیش کیا۔ گورنر سندھ نہال ہاشمی نے حمزہ شہباز شریف کے ساتھ ملاقات میں حالیہ سیاسی صورتحال، اپنی گورنر کا عہدہ سنبھالنے کے بعد کی مصروفیات پر بات چیت کی۔ حمزہ نے نہال ہاشمی کو گورنر کا منصب سنبھالنے پر مبارک باد دی اور کہا، میری تمام نیک خواہشات ہمیشہ آپ کے ساتھ ہیں۔ گورنر سندھ نہال ہاشمی نے ایران امریکہ جنگ میں ثالثی اور امن کے قیام میں وزیراعظم شہباز شریف کی کاوشوں کا ذکر کرتے ہوئے وزیراعظم کو خراج تحسین پیش کیا۔ گورنر نہال ہاشمی مسلم لیگ ن کے مرکزی سیکرٹریٹ میں موجود اسٹاف اور کارکنوں سے بھی گرم جوشی کے ساتھ ملاقات کی۔ سب نے انہوں سندھ کے گورنر کا منصب سنبھالنے پر مبارک باد دی۔

پولیو سے بچاؤ کیلئے اجتماعی کوششیں ناگزیر ہیں، یاسر اقبال دشتی

ٹیمیں گھر گھر جا کر پانچ سال تک کے بچوں کو پولیو کے قطرے پلائیں

علماء کرام بھی اس قومی فریضے میں اپنا کردار ادا کریں، ڈپٹی کمشنر کیچ

تربت (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی نے بچوں کو پولیو کے قطرے پلا کر ٹیچنگ ہسپتال تربت میں چار روزہ انسداد پولیو مہم کا باقاعدہ افتتاح کر دیا۔ اس موقع پر ڈی ایچ او کیچ ڈاکٹر عبدالرؤف رند، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر عبدالوحید بلیدی، ذوہیب حسن، پیرامیڈیکس کے جنرل سیکرٹری مول جان دشتی اور ظریف عالیان سمیت دیگر متعلقہ حکام بھی موجود تھے۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی نے کہا کہ پولیو ایک موذی مرض ہے جس سے بچاؤ کے لیے اجتماعی کوششیں ناگزیر ہیں۔ انہوں نے ہدایت دی کہ پولیو ٹیمیں گھر گھر جا کر پیدائش سے لے کر پانچ سال تک کے بچوں کو پولیو کے قطرے پلائیں تاکہ انہیں مستقل معذوری سے محفوظ بنایا جا سکے۔ اس موقع پر ڈی ایچ او کیچ ڈاکٹر عبدالرؤف رند نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ ضلع بھر میں مجموعی طور پر 392 موبائل ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں، جبکہ 85 فکسڈ پوائنٹس اور 11 ٹرانزٹ پوائنٹس بھی قائم کیے گئے ہیں تاکہ کوئی بھی بچہ پولیو کے قطرے پینے سے محروم نہ رہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ پولیو ٹیموں کے ساتھ مکمل تعاون کریں اور اپنے پیدائش سے لے کر پانچ سال تک کے تمام بچوں کو لازمی پولیو کے قطرے پلائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ علماء کرام بھی اس قومی فریضے میں اپنا کردار ادا کریں اور عوام میں آگاہی پیدا کریں تاکہ پولیو کا مکمل خاتمہ ممکن بنایا جا سکے۔ ضلعی انتظامیہ اور محکمہ صحت کی جانب سے اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ پولیو کے خاتمے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے اور ہر بچے تک رسائی یقینی بنائی جائے گی۔

چیف انجینئر ای اینڈ ایم سی اینڈ ڈبلیو مہر اللہ جوگیزئی پرموشن اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ریلوے اراضی پر قبضہ، 15 دکانیں مسمار کر دیں، رہائشی تجاوزات ختم

اینٹی انکروچمنٹ آپریشن سیل کے اقدامات سے پاکستان ریلوے کے مالی وسائل میں نمایاں اضافہ ممکن ہوا

آئی جی ریلوے کی ہدایت پر ٹریک کے اطراف رہائشی و کمرشل و دیگر تجاوزات کو بھی ختم کیا گیا، آئی جی ریلوے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی کے وژن کے مطابق اور آئی جی ریلویز پولیس محمد وصال فخر سلطان کی خصوصی ہدایات پر راولپنڈی ڈویژن میں غیر قانونی تجاوزات کے خلاف گرینڈ آپریشن کیا گیا۔ گڈز یارڈ پرچ روڈ راولپنڈی پر کامیاب اینٹی انکروچمنٹ آپریشن کے نتیجے میں تقریباً 12 کروڑ مالیت کی قیمتی ریلوے اراضی واگزار کروائی گئی۔ اینٹی انکروچمنٹ آپریشن میں سپرنٹنڈنٹ ریلویز پولیس کوثر عباس اور ایس ایچ او ریلویز پولیس سمیت بھاری نفری اور ریلوے کے انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ کے متعلقہ عملے نے بڑی تعداد میں حصہ لیا۔ کارروائی کے دوران پختہ کمرشل تجاوزات کے تحت قائم 15 دکانیں مکمل طور پر مسمار کر دی گئیں۔ اس کے علاوہ رہائشی و کمرشل نوعیت کی بعض دیگر تجاوزات کو بھی ختم کیا گیا۔ اس کامیاب آپریشن کے نتیجے میں پاکستان ریلوے کی کروڑوں روپے مالیت کی تقریباً دو کنال کمرشل اراضی واگزار کرائی گئی۔ آئی جی ریلوے پولیس محمد وصال فخر سلطان نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ریلوے اراضی پر کسی بھی قسم کا قبضہ ہرگز برداشت نہیں کیا جائیگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اینٹی انکروچمنٹ آپریشن نہ صرف سرکاری اراضی کے تحفظ کے لیے ناگزیر ہے بلکہ اس کے ذریعے پاکستان ریلوے کے مالی وسائل میں نمایاں اضافہ ممکن ہے۔ ریلوے پولیس اس قومی ذمہ داری کی ادائیگی کے لیے پرعزم ہے اور قبضہ مافیا کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رکھے گی تاکہ ریلوے کے اثاثوں کا مکمل تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

چیف ایگزیکٹو، پرنٹر و پبلشر سید ممتاز احمد نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایگزیکٹو سید ممتاز احمد

ٹیلی فون نمبر:۔2821626-2821538-2829164 فیکس نمبر:۔2835934-2830228

ای میل mashriqqta2008@gmail.com

ہفتہ 11 اپریل 2026ء

امن، تدبر اور اعتماد۔ پاکستان کی کاوشیں دنیا کے لئے روشن مثال!!

دنیا کی تاریخ میں کچھ لمحے ایسے ہوتے ہیں جو محض سیاسی واقعات نہیں رہتے بلکہ انسانیت کے مستقبل کا رخ متعین کرتے ہیں اور وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں امریکہ اور ایران کے مابین پاکستان کی میزبانی و ثالثی میں مذاکرات کا عمل بھی ایک ایسا ہی تاریخی لمحہ ہے جنگ کے سائے، عالمی بے چینی، توانائی کے بحران اور معیشتی اضطراب کے اس دور میں اسلام آباد میں ہونے والی یہ پیش رفت ایک ایسے چراغ کی مانند ہے جس کی روشنی سرحدوں سے آگے بڑھ کر پوری انسانیت کو روشن کر سکتی ہے۔ یہ کوئی معمولی واقعہ نہیں کہ کئی برسوں بعد دو بڑے مخالف فریق ایک ہی میز پر بیٹھنے پر آمادہ ہوئے ہیں۔ حالیہ جنگ نے نہ صرف ہزاروں جانیں نگلیں بلکہ عالمی معیشت کو ہلا کر رکھ دیا۔ توانائی کی منڈیوں میں بے یقینی، تجارت میں رکاوٹیں اور مشرق وسطیٰ میں بڑھتی کشیدگی نے دنیا کو ایک بڑے بحران کے دہانے پر لا کھڑا کیا تھا۔ ایسے ماحول میں پاکستان کی ثالثی کا کردار محض سفارتی کامیابی نہیں بلکہ ایک تاریخی کارنامہ ہے۔ جنگ بندی تک پہنچنا خود ایک بڑا مرحلہ تھا، لیکن اس سے بھی زیادہ اہم مرحلہ اسے مستقل امن میں تبدیل کرنا ہے۔ یہی وہ مقصد ہے جس کے لئے اسلام آباد مذاکرات ہو رہے ہیں۔ عالمی سطح پر اس پیش رفت کو جس امید کے ساتھ دیکھا جا رہا ہے، وہ اس بات کا ثبوت ہے کہ دنیا امن کی اس کوشش کو دل سے سراہ رہی ہے۔ عالمی رہنماؤں کی جانب سے پاکستان کی سفارتی کاوشوں کی تعریف و توصیف کی جا رہی ہے جو دراصل اس اعتماد کی علامت ہے جو پاکستان نے اپنی متوازن اور ذمہ دار خارجہ پالیسی کے ذریعے دوبارہ حاصل کیا ہے۔ اس کامیابی کا سہرا وزیراعظم شہباز شریف اور چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں پوری پاکستانی قوم کو جاتا ہے اسلام آباد کی فضاؤں میں آج جو سفارتی سرگرمی محسوس کی جا رہی ہے، وہ صرف چند روز ملاقاتوں کا نتیجہ نہیں بلکہ برسوں کی محنت اور اعتماد سازی کا ثمر ہے۔ غیر ملکی وفود کی آمد، عالمی میڈیا کی توجہ اور دنیا بھر کی نظریں اس شہر پر مرکوز ہیں یہ مذاکرات عالمی معیشت کے لئے بھی زندگی کی نئی سانس ثابت ہو سکتے ہیں۔ توانائی کی منڈیوں میں استحکام، بحری راستوں کی بحالی اور عالمی تجارت کی روانی کا انحصار اسی امن عمل کی کامیابی پر ہے۔ اگر یہ کوشش کامیاب ہوتی ہے تو نہ صرف مشرق وسطیٰ بلکہ پوری دنیا کو اس کے مثبت اثرات محسوس ہوں گے۔ اس لئے یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ اسلام آباد میں ہونے والی یہ پیش رفت عالمی امن کے ساتھ ساتھ عالمی خوشحالی کے لئے بھی اہم سنگ میل ہے۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ امن کے راستے ہمیشہ آسان نہیں ہوتے۔ مذاکرات کی میز پر بیٹھنا ایک پہلا قدم ہے، اصل کامیابی مستقل امن کے قیام میں ہے۔ لیکن یہ پہلا قدم ہی سب سے مشکل ہوتا ہے اور پاکستان نے یہ مشکل مرحلہ کامیابی سے طے کر لیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آج پوری دنیا کی نظریں اسلام آباد پر مرکوز ہیں اور سب اس امید کے ساتھ دیکھ رہے ہیں کہ یہ مذاکرات ایک نئے دور کا آغاز ثابت ہوں گے۔ پاکستان کی تاریخ گواہ ہے کہ اس نے ہمیشہ امن، استحکام اور تعاون کی حمایت کی ہے۔ آج بھی پاکستان نے اسی روایت کو برقرار رکھتے ہوئے دنیا کو یہ پیغام دیا ہے کہ جنگ مسائل کا حل نہیں بلکہ مذاکرات ہی واحد راستہ ہیں۔ یہی پیغام آج اسلام آباد سے پوری دنیا تک پہنچ رہا ہے۔ یہ لمحہ پاکستان کے لئے ایک نئے سفارتی باب کا آغاز ہے۔ یہ وہ موقع ہے جب دنیا پاکستان کو ایک ایسے ملک کے طور پر دیکھ رہی ہے جو تنازعات کو حل کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے، جو امن کا علمبردار ہے اور جو عالمی استحکام کے لئے سنجیدہ کردار ادا کر سکتا ہے۔ اگر یہ مذاکرات کامیاب ہوتے ہیں تو یہ صرف دو ممالک کی کامیابی نہیں ہوگی بلکہ پوری انسانیت کی جیت ہوگی۔ اور اس جیت کی بنیاد پاکستان کی سرزمین پر رکھی جا رہی ہے۔ یہی وہ حقیقت ہے جو آج پاکستان کو عالمی منظرنامے میں ایک منفرد مقام عطا کر رہی ہے۔ اسلام آباد سے اٹھنے والی یہ امن کی روشنی یقیناً دنیا کے کونے کونے تک پہنچے گی، کیونکہ جب نیت امن کی ہو، قیادت مخلص ہو اور قوم متحد ہو تو تاریخ کے دھارے بدل جاتے ہیں۔ آج پاکستان اسی تبدیلی کا استعارہ بن کر سامنے آیا ہے اور یہی اس کی سب سے بڑی کامیابی ہے۔ ایک ایسے وقت میں جب خطہ شدید کشیدگی، جنگی خدشات اور غیر یقینی صورتحال سے دوچار تھا، پاکستان نے جذباتیت یا محاذ آرائی کے بجائے تدبر، برداشت اور امن پسندی کو اپنا شعار بنایا پاکستان نہ صرف امن کا خواہاں ہے بلکہ اس کے قیام کے لئے عملی اقدامات کرنے کی صلاحیت بھی رکھتا ہے۔ وزیراعظم کی سفارتی بصیرت اور عالمی رہنماؤں سے مسلسل رابطوں نے اعتماد سازی کی فضا پیدا کی، جبکہ عسکری قیادت کی پیشہ ورانہ مہارت اور سیکیورٹی حکمت عملی نے یہ یقین دہانی کرائی کہ پاکستان عالمی سطح کے حساس ترین مذاکرات کے لئے ایک محفوظ اور قابل اعتماد میزبان ہے سول و عسکری قیادت کا وژن عزم اور عمل مستحسن اور قابل ستائش ہے۔ مشرق وسطیٰ بلکہ پوری دنیا میں بڑھتی کشیدگی کے باوجود پاکستان کا تحمل اور متوازن رویہ اس بات کا ثبوت ہے کہ ملک اپنی خارجہ پالیسی میں ذمہ داری اور دوراندیشی کو ترجیح دیتا ہے۔ یہی حکمت عملی مستقبل میں بھی پاکستان کو عالمی امن کے فروغ میں ایک کلیدی کردار ادا کرنے کے قابل بنائے گی۔ عالمی برادری کی جانب سے پاکستان کی سفارتی کوششوں کو سراہا جانا دراصل اسی اعتماد کا اظہار ہے جو اس قیادت کی سنجیدہ اور مثبت حکمت عملی نے پیدا کیا ہے۔ یہ قیادت اس حقیقت کی علامت بن کر ابھری ہے کہ اگر عزم مضبوط ہو اور وژن واضح ہو تو مشکل ترین حالات میں بھی امن، استحکام اور تعاون کی راہیں نکالی جا سکتی ہیں، اور پاکستان اسی روشن راستے پر ثابت قدمی سے آگے بڑھ رہا ہے۔ عالمی سطح پر بڑھتی کشیدگی اور تنازعات کے اس دور میں پاکستان کا کردار پوری دنیا کے لئے ایک روشن مثال بن کر سامنے آیا ہے طاقت کے استعمال کے بجائے مکالمے، تحمل اور سفارتکاری کو ترجیح دینا پاکستان کی خارجہ پالیسی کی وہ پہچان ہے جو اسے دیگر ممالک سے ممتاز کرتی ہے۔ حالیہ سفارتی سرگرمیوں نے یہ ثابت کیا ہے کہ اگر نیت امن کی ہو اور قیادت سنجیدہ ہو تو پیچیدہ ترین تنازعات میں بھی بات چیت کے دروازے کھولے جا سکتے ہیں۔ پاکستان نے نہ صرف مذاکرات کے لئے سازگار ماحول فراہم کیا بلکہ روابط اور اعتماد کی فضا بھی قائم کر دی ہے جو پوری انسانیت کے لئے غیر معمولی اہمیت کی حامل ہے۔

امریکہ ایران مذاکرات اور اچھے کی امید رکھیں

اسلام آباد مذاکرات میں رخنہ ڈالنے کی اسرائیلی سازشیں

شہباز، منیر: انسانیت کو بچانے والے ہیرو

ایک عبرتناک تصویر

ٹرمپ کا 15 نکاتی منصوبہ اور نیتن یاہو کی خواہش

ایران امریکہ جنگ کے متوقع اور غیر متوقع نتائج

امن مذاکرات، امیدیں اور خدشات

قلعہ عبداللہ، سکول داخلہ مہم تیز، 90 فیصد ہدف حاصل

وزیراعلیٰ بلوچستان اور وزیر تعلیم کے وژن تحت ضلع میں تعلیمی بہتری اور داخلہ مہم موثر بنانے کیلئے اقدامات تیز کیے گئے

ڈپٹی کمشنر منور حسین مگسی کی قیادت میں ڈی سی کمپلیکس سے ریلی نکالی گئی پولیس اور افسران کی بھرپور شرکت، اساتذہ نے شرکت کی

مختلف علاقوں میں آگاہی ریلیاں سیمینار منعقد کرکے والدین کو بچوں خصوصاً بچیوں کی تعلیم کی اہمیت سے آگاہ کیا جارہا ہے، منور حسین

پیجزئی اڈہ (نامہ نگار) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور صوبائی وزیر تعلیم محترمہ راحیلہ درانی کے تعلیمی وژن کے تحت ضلع بھر میں تعلیمی بہتری اور داخلہ مہم کو موثر بنانے کے لیے اقدامات مزید تیز کر دیے گئے ہیں۔ اس سلسلے میں ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ منور حسین مگسی، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر یوسف زرکون اور محکمہ تعلیم کے اعلیٰ افسران کی زیر نگرانی تعلیمی سرگرمیوں میں نمایاں تیزی دیکھی جارہی ہے۔ ڈی سی کمپلیکس میں داخلہ مہم کے سلسلے میں ایک شاندار ریلی کا انعقاد کیا گیا، جس کی قیادت ڈپٹی کمشنر منور حسین مگسی نے کی۔ ریلی میں ڈسٹرکٹ پولیس افسر اطہر رشید ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ جنرل ذیشان خان پانیزئی اسسٹنٹ کمشنر قلعہ عبداللہ اور دیگر اعلیٰ پولیس افسران نے بھی شرکت کی۔ اس کے بعد ایک اہم پریس کانفرنس بھی منعقد ہوئی، جس میں ڈپٹی کمشنر منور حسین مگسی، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر یوسف زرکون ڈسٹرکٹ کونسل کے ضلعی چیئرمین حاجی دین محمد سیکی ضلعی ڈپٹی چیئرمین محمد اکبر خان کاکڑ اسسٹنٹ کمشنر قلعہ عبداللہ ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے تمام افسران، یونیسف اور ترقی فاؤنڈیشن کے نمائندے شامل تھے۔ پریس کانفرنس میں ضلع میں جاری داخلہ مہم کے اہداف، بچوں کی تعلیم کو یقینی بنانے اور والدین میں شعور اجاگر کرنے کے اقدامات پر تفصیلی روشنی ڈالی گئی۔ ڈپٹی کمشنر منور حسین مگسی اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر یوسف زرکون کی قیادت میں مارچ کے آغاز پر داخلہ مہم کے سلسلے میں ضلع بھر کے سکولوں کے لیے واضح 5000 اہداف مقرر کیے گئے، جن کے مطابق اب تک تقریباً 90 فیصد ہدف حاصل کیا جا چکا ہے، جو ایک بڑی کامیابی قرار دی جا رہی ہے۔ ضلع کے مختلف علاقوں میں متعدد سکولوں کی سطح پر آگاہی ریلیاں نکالی گئیں اور والدین و عوام میں تعلیم کی اہمیت اجاگر کرنے کے لیے آگاہی سیشنز اور سیمینار منعقد کیے گئے۔ ان سرگرمیوں کا مقصد زیادہ سے زیادہ بچوں، بالخصوص بچیوں کو سکولوں میں داخل کروانا اور شرح خواندگی میں اضافہ کرنا ہے۔ مزید برآں، ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے اعلیٰ حکام نے بھی ضلع کا دورہ کیا اور تعلیمی ایمرجنسی کے نفاذ پر زور دیتے ہوئے افسران اور اساتذہ کو ہدایت کی کہ وہ اپنی ذمہ داریاں پوری ایمانداری اور جذبے کے ساتھ ادا کریں۔ انہوں نے واضح کیا کہ تعلیمی ایمرجنسی کے تحت کسی بھی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔

بھاگ، سیلابی پانی سے رابطہ منقطع، عوام شدید مشکلات کا شکار

جمعیت تحصیل بھاگ نے بارشوں کے بعد صورتحال پر تشویش کا اظہار کیا

تحصیل ہیڈکوارٹر بھاگ کا متعدد دیہاتوں سے رابطہ تاحال منقطع برقرار ہے، مولانا قاضی حماداللہ

بھاگ (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام تحصیل بھاگ کے امیر مولانا قاضی حماداللہ نے جاری بیان میں حالیہ بارشوں کیسیلابی پانی کے باعث تحصیل ہیڈکوارٹر بھاگ کے دیہی علاقوں سے رابطہ منقطع ہونے پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ تحصیل ہیڈکوارٹر بھاگ سینکڑوں دیہاتوں کے عوام کے لیے روزمرہ ضروریات کی خریداری کا مرکزی مقام ہے، مگر افسوس کہ حالیہ بارشوں کے سیلابی پانی کے باعث اس کا رابطہ متعدد دیہاتوں سے تاحال کٹا ہوا ہے۔ جس سے عوام شدید مشکلات سے دوچار اور آمد و رفت کی سہولت سے محروم ہو چکے ہیں۔ مریضوں، طلبہ، تاجروں اور عام شہریوں کو سخت اذیت کا سامنا ہے، جبکہ ذمہ داران بدستور خاموش اور بے حس نظر آتے ہیں۔ مولانا قاضی حماداللہ نے ڈپٹی کمشنر ضلع کچھی سے اپیل کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ وہ ہنگامی بنیادوں پر متعلقہ اداروں کو پابند کریں

حب، ڈی سی جمعہ دار خان مندوخیل پرائس کنٹرول کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

جعفرآباد، ڈیرہ اللہ یار سٹی سیوریج سسٹم کی تعمیر نو کے حوالے سے اجلاس

جعفرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان کی زیر صدارت ڈیرہ اللہ یار سٹی میں سیوریج سسٹم کی تعمیر نو کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں مختلف لائن ڈیپارٹمنٹس کے افسران نے شرکت کی جن میں ایگزیکٹو انجینئر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ محمد کاظم لونی، چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن احمد نواز جتک، کیسکو کے نمائندے محمد یاسین کھوسہ سمیت دیگر متعلقہ محکموں کے افسران شامل تھے۔ اجلاس کے دوران ڈیرہ اللہ یار شہر میں سیوریج سسٹم کی از سر نو تعمیر، نکاسی آب کے مسائل اور منصوبے کے دوران درپیش ممکنہ رکاوٹوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر اس امر پر خصوصی زور دیا گیا کہ سیوریج منصوبے پر عملدرآمد سے قبل تمام لائن ڈیپارٹمنٹس کے درمیان قریبی روابط اور مکمل ہم آہنگی کو یقینی بنایا جائے تاکہ سیوریج نالوں کی کھدائی کے دوران پینے کے پانی کی لائنوں، سڑکوں کی تعمیرات اور بجلی کی ترسیلی لائنوں کو کسی قسم کا نقصان نہ پہنچے۔

ڈی سی موسیٰ خیل کا ایک اور وعدہ وفا، سرونڈ ندی پل پر کام کا آغاز

موسیٰ خیل (خ ن) عوامی خدمت کا مشن ڈپٹی کمشنر موسیٰ خیل عبدالرزاق نجک کا ایک اور بڑا وعدہ وفا، سرونڈ ندی پل پر کام کا آغاز ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق نجک نے ایک بار پھر ثابت کر دیا کہ عوامی مسائل کا حل ان کی اولین ترجیح ہے شہوزئی روڈ سے وابستہ علاقوں کے مکینوں سے کیا گیا وعدہ پورا کرتے ہوئے سرونڈ ندی کے اہم پل کی بحالی کا کام ہنگامی بنیادوں پر شروع کر دیا گیا ہے بارشوں اور ڈیم کے ریلوں کے باعث ٹوٹنے، پرمزئی، چم، پستوک، تکڑی ایزی اور ملحقہ علاقوں کے مکینوں کو درپیش سفری مشکلات کے خاتمے کے لیے ڈپٹی کمشنر کے ایک حکم نے دیرینہ مسئلے کو حل کر دیا۔ ان کی خصوصی ہدایت پر آج ڈپٹی ڈائریکٹر پروجیکٹ حاجی احمد سعید جعفری کی نگرانی میں مشینری نے پل کی بھرائی کا کام شروع کر دیا ہے انشاء اللہ! یہ پل بہت جلد مکمل ہو کر عوام کی سہولت کے لیے کھل جائے گا جس سے علاقے میں تعمیر و ترقی اور رابطوں کا نیا دور شروع ہوگا۔ انتظامیہ کا عزم ہے کہ عوام کی راحت کے لیے ہر ممکن اقدام کا تسلسل جاری رہے گا۔

عوامی نیشنل پارٹی کے پارلیمانی لیڈر انجینئر زمرک خان اچکزئی سے ملک زمیر، سلیم احمد، مسعود خان اور پٹھان خان ملاقات کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر دکی محمد نعیم خان کا گورنمنٹ ڈگری کالج دکی کا تفصیلی دورہ

کالج ہال کا جائزہ لیا، جو گزشتہ بارشوں کے دوران نقصان زدہ ہوا تھا

متعلقہ حکام کو ہال کی فوری مرمت اور بحالی کے اقدامات یقینی بنانے کی ہدایت

دکی (خ ن) ڈپٹی کمشنر دکی محمد نعیم خان نے تحصیلدار سردار عبدالرازق دمڑ اور چیئرمین میونسپل کمیٹی ملک کلیم اللہ ترین کے ہمراہ گورنمنٹ ڈگری کالج دکی کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے کالج ہال کا جائزہ لیا، جو گزشتہ بارشوں کے دوران نقصان زدہ ہوا تھا، اور متعلقہ حکام کو ہال کی فوری مرمت اور بحالی کے اقدامات یقینی بنانے کی ہدایت دی۔ اس کے علاوہ، انہوں نے کالج میں طلبہ اور اسٹاف کے لیے پارکنگ کی نئی تعمیر کے لیے جگہ کا معائنہ بھی کیا تاکہ محفوظ اور منظم پارکنگ کی سہولت فراہم کی جا سکے۔ ڈپٹی کمشنر نے کالج انتظامیہ اور عملے سے ملاقات بھی کی اور انہیں تعلیمی معیار کو بہتر بنانے، سہولیات کو موثر بنانے، اور طلبہ کی تعلیمی و عملی تربیت کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کرنے کی ہدایات دیں۔ انہوں نے زور دیا کہ تعلیمی ماحول کو ہر لحاظ سے بہتر بنایا جائے تاکہ طلبہ کی تعلیم اور تربیت میں بہتری آئے۔

ڈپٹی کمشنر حب جمعہ داد مندوخیل کی ہندو پنچایت کے وفد سے ملاقات

حب (خ ن) ڈپٹی کمشنر حب کیپٹن (ر) جمعہ داد مندوخیل کی ہندو پنچایت کے وفد سے ملاقات، نانی مندر جانے والے یاتریوں کی سیکیورٹی اور سہولیات سے متعلق جامع اقدامات پر غور حب: ڈپٹی کمشنر حب کیپٹن (ر) جمعہ داد مندوخیل سے ہندو پنچایت کے ایک وفد نے ملاقات کی، جس کی قیادت نائب صدر لیلا رام جبکہ سیکیورٹی انچارج دھومل بھی ہمراہ تھے۔ ملاقات میں نانی مندر جانے والے ہندو یاتریوں کو درپیش سیکیورٹی خدشات، سفری سہولیات، رہائش، طبی امداد اور دیگر انتظامی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد نے ڈپٹی کمشنر کو آگاہ کیا کہ یاتریوں کی بڑی تعداد مختلف علاقوں سے نانی مندر کا رخ کرتی ہے، جس کے باعث راستوں کی سیکیورٹی، رہنمائی، پینے کے صاف پانی، عارضی قیام گاہوں اور طبی سہولیات کی فراہمی نہایت اہم ہے۔ انہوں نے خصوصی طور پر نشاندہی کی کہ دور دراز علاقوں سے آنے والے زائرین کو بعض اوقات رہنمائی اور بنیادی سہولیات کے فقدان کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

مختلف کیٹیگری کی آسامیوں پر بھرتیوں کیلئے ٹیسٹ، انٹرویو کا انعقاد

بارکھان (خ ن) بارکھان میں پی پی ایچ آئی کی جانب سے مختلف کیٹیگری کی آسامیوں پر بھرتیوں کے لیے ٹیسٹ اور انٹرویو کا انعقاد گورنمنٹ ماڈل ہائی اسکول کے ہال میں کیا گیا۔ اس عمل کی نگرانی پی پی ایچ آئی کے ڈائریکٹر (ہیڈ آفس کوئٹہ)، اسسٹنٹ کمشنر خادم حسین بھنگر اور ڈی ایس ایم جی آر کھیتران نے کی۔ ٹیسٹ کے آغاز سے قبل تمام امیدواروں کے اصل شناختی کارڈز کی سخت جانچ پڑتال کی گئی، جس کے بعد انہیں ہال میں داخلے کی اجازت دی گئی۔ شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے سوالیہ پرچوں کا سیل شدہ تھیلا تمام امیدواروں کے سامنے کھولا گیا اور بعد ازاں پرچے تقسیم کیے گئے۔ ٹیسٹ کا دورانیہ ایک گھنٹہ مقرر تھا، جس کے دوران امیدواروں نے مکمل نظم و ضبط کے ساتھ امتحان دیا۔ انتظامیہ کی جانب سے پورے عمل کو شفاف اور منصفانہ بنانے کے لیے موثر اقدامات کیے گئے، جسے امیدواروں نے سراہا۔

عوامی اشتہارات

MASHRIQ CLASSIFIED

☆۔ غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔

☆۔ اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" اسکو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

گمشدگی سی ڈی آرز

میرے تین عدد ڈپازٹ سی ڈی آر نمبر 726-sibi1015796 رقم تین ہزار روپے سی ڈی آر نمبر 296-sibi1016098 رقم پچیس ہزار روپے سی ڈی آر نمبر 830-sibi1015607 رقم چودہ ہزار روپے بینک الفلاح سبی برانچ بنام فاروق احمد موسیٰ ولد اللہ جن کے سی ڈی آر بھی موجود ہیں کہیں گر کر گم ہو گئے ہیں ملنے پر 03337893755 پر مطلع کریں المشتہر فاروق احمد سکنہ سبی

نمائندہ سبی ....

اطلاع عام

پلاٹ نمبر B-110 رقبہ 120 گز واقع چلتن ہاؤسنگ اسکیم جو کہ سید آصف حسین شیرازی ولد صابر حسین شیرازی کے نام پر ہے کی ٹرانسفر شمس الرحمن ولد عبدالظہور کے نام ہونا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں سات یوم کے اندر کیو ڈی اے سے رابطہ کیا جا سکتا ہے ورنہ کوئی عذر قابل قبول نہیں ہوگا

R.No.........62958

پاکستان نے ہمیشہ امن کی پالیسی کو فروغ دیا ہے، میر علی احمد

عالمی طاقتیں بھی پاکستان کے کردار کو قدر کی نگاہ سے دیکھ رہی ہیں، رہنما بی اے پی

حب (پ ر) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما میر علی احمد ابابکی نے کہا ہے کہ ایران اور امریکہ کے درمیان جنگ بندی میں پاکستان نے نہایت اہم اور موثر کردار ادا کیا ہے، جسے عالمی سطح پر بھی تسلیم کیا جا رہا ہے۔ پاکستان کی قیادت نے بروقت اور دانشمندانہ سفارتی حکمت عملی کے ذریعے خطے کو ایک بڑے بحران سے بچانے میں نمایاں کردار ادا کیا، جو قابل فخر ہے۔ انہوں نے وزیراعظم اور عسکری قیادت کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ حکومت نے عالمی سطح پر پاکستان کا مثبت تشخص اجاگر کیا ہے۔ وزیراعظم کی قیادت میں پاکستان نے نہ صرف خطے میں امن و استحکام کے لیے بھرپور کردار ادا کیا بلکہ بین الاقوامی برادری میں بھی ایک ذمہ دار ریاست کے طور پر اپنی ساکھ کو مزید مضبوط کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ فیلڈ مارشل اور مسلح افواج کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور حکمت عملی نے پاکستان کو عالمی سفارتی محاذ پر مضبوط بنایا ہے۔ پاکستان نے ہمیشہ امن، مذاکرات اور مفاہمت کی پالیسی کو فروغ دیا ہے، جس کا عملی مظاہرہ حالیہ پیش رفت میں بھی دیکھنے کو ملا۔ انہوں نے کہا کہ یہی وجہ ہے کہ عالمی طاقتیں بھی پاکستان کے کردار کو قدر کی نگاہ سے دیکھ رہی ہیں۔ موجودہ حکومت کی موثر خارجہ پالیسی اور متوازن حکمت عملی کے باعث پاکستان نہ صرف خطے بلکہ عالمی سطح پر ایک اہم سفارتی کردار ادا کر رہا ہے۔

ماربل انڈسٹری ضلع کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے، ڈی سی لورالائی

فیکٹری مالکان کو ہدایت کی کہ وہ دھول اور فضائی آلودگی کے خاتمے کے لیے موثر اقدامات کریں

ورکرز کے لیے حفاظتی آلات کی فراہمی یقینی بنائیں اور اپنی مشینری و نظام کو جدید خطوط پر استوار کریں

ضلعی صنعتی ترقی کے فروغ کے لیے ہر ممکن سہولت فراہم کرے گی، قوانین کی خلاف ورزی برداشت نہیں

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع کی زیر صدارت ماربل فیکٹری مالکان کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع میں ماربل انڈسٹری کو درپیش چیلنجز، ماحولیاتی آلودگی، لیبر سیفٹی اور جدید صنعتی تقاضوں سے ہم آہنگی کے امور پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ماربل انڈسٹری ضلع کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے، تاہم اس کی ترقی کو ماحولیاتی تحفظ اور حکومتی قوانین کی پاسداری کے ساتھ مشروط ہونا چاہیے۔ انہوں نے فیکٹری مالکان کو ہدایت کی کہ وہ دھول اور فضائی آلودگی کے خاتمے کے لیے موثر اقدامات کریں، ورکرز کے لیے حفاظتی آلات کی فراہمی یقینی بنائیں اور اپنی مشینری و نظام کو جدید خطوط پر استوار کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ضلعی انتظامیہ صنعتی ترقی کے فروغ کے لیے ہر ممکن سہولت فراہم کرے گی، تاہم کسی بھی قسم کی غفلت یا قوانین کی خلاف ورزی برداشت نہیں کی جائے گی۔ اس موقع پر ماربل فیکٹری مالکان نے بجلی کی غیر یقینی فراہمی، ٹرانسپورٹیشن مسائل، ٹیکسز اور دیگر درپیش مشکلات سے آگاہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ان مسائل کے حل کے لیے متعلقہ محکموں سے رابطہ کر کے عملی اقدامات اٹھانے کی یقین دہانی کرائی۔ اجلاس کے دوران یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ ضلع بھر میں ماربل فیکٹریوں کی باقاعدہ انسپکشن کا سلسلہ شروع کیا جائے گا، جس کے تحت ماحولیاتی معیار، سیفٹی پروٹوکول اور لیبر قوانین پر عملدرآمد کا جائزہ لیا جائے گا۔ اس کے علاوہ فیکٹری مالکان کے لیے ایک آگاہی مہم بھی شروع کرنے کی تجویز دی گئی، جس میں جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور ویسٹ مینجمنٹ کے موثر طریقوں پر رہنمائی فراہم کی جائے گی۔ ضلعی انتظامیہ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومتی پالیسیوں کے مطابق ایک متوازن حکمت عملی اپناتے ہوئے صنعت اور ماحول دونوں کا تحفظ یقینی بنایا جائے گا، تاکہ لورالائی میں پائیدار صنعتی ترقی کی راہ ہموار ہو سکے۔

حب، سردار صالح بھوتانی اور سابق رکن قومی اسمبلی محمد اسلم بھوتانی نیشنل سردار محمد اسلم بزنجو کے بھائی کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

انسداد پولیو مہم کامیاب بنانا ہم سب کی ذمہ داری ہے، اے ڈی سی

نوشکی میں چار روزہ انسداد پولیو مہم کا افتتاح تقریب میں بچوں کو قطرے پلائے گئے

13 سے 16 اپریل تک ضلع بھر میں 30985 بچوں کو پولیو قطرے پلائے جائیں گے

نوشکی (نامہ نگار) 4 روزہ قومی انسداد پولیو مہم کا آغاز، بچوں کو پولیو اور وٹامن کے قطرے پلا کر قومی مہم کا آغاز کر دیا گیا۔ 13 اپریل سے 16 اپریل تک ضلع بھر میں 30985 بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جائیں گے نوشکی میں 4 روزہ انسداد پولیو مہم کا باقاعدہ افتتاح ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفس میں ایک پروقار تقریب کے دوران کیا گیا۔ افتتاحی تقریب میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر عمر ستان جمالی، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عبدالرحمن شیرانی، ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر مشتاق مینگل، ایم ایس ٹیچنگ ہسپتال ڈاکٹر شیخ بلوچ اور پی پی ایچ آئی کے سیف اللہ مینگل نے بچوں کو پولیو اور وٹامن کے قطرے پلا کر مہم کا آغاز کیا۔ تقریب میں یونیسف کے نمائندے میر اللہ بادینی، مانیٹرنگ آفیسر آغا داود شاہ، ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر ظہور مینگل، ڈی ایس وی عطاء اللہ مینگل، پیرامیڈیکل اسٹاف ایسوسی ایشن کے رحمان خان مینگل، قاضی نعیم سمیت دیگر متعلقہ حکام اور عملہ بھی موجود تھا۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر عمر ستان جمالی اور ڈی ایچ او ڈاکٹر عبدالرحمن شیرانی نے کہا کہ انسداد پولیو مہم کو کامیاب بنانا ہم سب کی مشترکہ قومی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ معاشرے کے تمام طبقات اس مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں تاکہ اس موذی مرض کا مکمل خاتمہ ممکن بنایا جا سکے اور بچوں کو مستقل معذوری سے محفوظ رکھا جا سکے۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کے مطابق ضلع بھر میں پیدائش سے لے کر 5 سال تک کی عمر کے 30,985 بچوں کو پولیو اور وٹامن کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ اس مقصد کے لیے ضلع کی 16 یونین کونسلوں میں 167 موبائل ٹیمیں، 15 فکسڈ سینٹرز اور 12 ٹرانزٹ پوائنٹس قائم کیے گئے ہیں جہاں بچوں کو ویکسین فراہم کی جائے گی۔ یہ مہم 13 اپریل سے 16 اپریل تک جاری رہے گی۔

پولیو کا خاتمہ قومی فریضہ، عوام کا تعاون اہم ہے، عبدالرزاق ساسولی

خضدار میں انسداد پولیو قومی مہم کا افتتاح ڈپٹی کمشنر نے بچوں کو قطرے پلا کر کیا

13 سے 16 اپریل تک ایک لاکھ اکہتر ہزار آٹھ سو بیس بچوں کو قطرے پلائے جائیں گے

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار میں انسداد پولیو کی قومی مہم کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے افتتاحی تقریب کے دوران بچوں کو پولیو کے حفاظتی قطرے پلا کر مہم کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر عابد حسین بلوچ، کیمپیلیشن آفیسر رحیم جنگ، این اسٹاف آفیسر ڈاکٹر فرمان اللہ، محکمہ صحت کے افسران، لیڈی ہیلتھ ورکرز سمیت دیگر عہدیداران نے شرکت کی تقریب میں بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے گئے اور مہم کا باضابطہ آغاز کر دیا یہ مہم 13 اپریل سے 16 اپریل تک جاری رہے گی۔ جس کے دوران ضلع خضدار میں پانچ سال سے کم عمر کے ایک لاکھ 71 ہزار 820 بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔ اس مقصد کے لیے 542 ٹیمیں تشکیل دے دی گئی ہیں۔ جو گھر گھر جا کر اپنی خدمات سر انجام دیں گی پولیو کے قومی مہم کے افتتاح پر ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق ساسولی نے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک بھر میں پولیو کا خاتمہ قومی فریضہ ہے۔ اور اس میں عوام کا تعاون انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ پانچ سال سے کم عمر کے تمام بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے ہر صورت پلائیں جائیں تاکہ کوئی بھی بچہ اس موذی مرض سے ہمیشہ کیلئے اپاہج ہونے سے محفوظ رہیں انہوں نے پولیو ٹیموں کو ہدایت کی کہ پولیو مہم کے دوران کسی بھی بچے کو نظر انداز نہ کیا جائے اور دور دراز و دشوار گزار علاقوں میں بھی ٹیمیں پوری طرح سے اپنی ذمہ داری کے ساتھ خدمات انجام دیں۔ تاکہ پولیو جیسے موذی مرض سے ضلع کے تمام علاقے محفوظ رہ سکیں۔ ڈپٹی کمشنر خضدار نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ اس قومی مہم میں پولیو ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں تاکہ مشترکہ کوششوں سے پولیو کا مکمل خاتمہ ممکن بنائی جا سکے اور خضدار کو پولیو فری ضلع بنایا جائے۔ تقریب کے دوران کیمپیلیشن آفیسر رحیم جنگ نے بھی پولیو سے بچاؤ اور آگاہی کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ہر بچے تک ویکسین کی رسائی یقینی بنانا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، اور ہر والدین کو چاہیے کہ وہ اپنے بچوں کو پولیو کے قطرے ضرور پلوائیں۔ اور ہونہار مستقبل کے معماروں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر اپنا قومی اور اخلاقی فریضہ بہترین انداز میں ادا کریں۔

میر سکندر عمرانی کا امریکہ اور ایران جنگ بندی کا خیر مقدم

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) سابق صوبائی وزیر اور ممتاز سیاسی و قبائلی شخصیت میر سکندر علی خان عمرانی نے امریکہ اور ایران کے درمیان سیز فائر جنگ بندی کے اعلان کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے خطے میں امن و استحکام کے لیے ایک مثبت پیش رفت قرار دیا ہے۔ یہاں عمرانی ہاؤس ڈیرہ مراد جمالی سے جاری کردہ بیان میں میر سکندر علی خان عمرانی نے کہا کہ جنگ بندی سے نہ صرف کشیدگی میں کمی آئے گی بلکہ عالمی سطح پر امن کے قیام کی راہ بھی ہموار ہوگی۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان نے ہمیشہ امن، مذاکرات اور سفارتی حل کو ترجیح دی ہے، اور ایسے اقدامات پوری دنیا کے مفاد میں ہوتے ہیں انہوں نے سپہ سالار فیلڈ مارشل لا جنرل عاصم منیر کے کردار کو سراہتے ہوئے میر سکندر خان عمرانی نے کہا کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر کی قیادت اور بصیرت نے ملک کو مشکل حالات میں درست سمت دی ہے، اور ان کی خدمات قابل تحسین ہیں انہوں نے امید ظاہر کی کہ عالمی قوتیں اسی طرح امن کے قیام کے لیے اپنا مثبت کردار ادا کرتی رہیں گی تاکہ دنیا کو تنازعات کے بجائے ترقی اور خوشحالی کی طرف لے جایا جا سکے آج فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کی عظیم قائدانہ صلاحیتوں کی بدولت ایران امریکہ جنگ بندی ممکن ہوئی ہے امن و استحکام کی کوششوں سے پوری دنیا میں جنرل عاصم منیر کے کردار کو سراہا جارہا ہے پاک فوج اور فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر نے دنیا پر یہ ثابت کر دیا ہے کہ پاک فوج پوری دنیا میں امن کی خواہاں ہے

پاکستان نے ہمیشہ خطے میں امن کی پالیسی کو فروغ دیا ہے، میر اعجاز

نوکنڈی (نمائندہ مشرق) بلوچستان عوامی پارٹی کے صوبائی سینئر نائب صدر و سابق مشیر وزیراعلیٰ بلوچستان میر اعجاز خان سنجرانی نے وزیراعظم میاں شہباز شریف اور فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کی موثر سفارتکاری اور دانشمندانہ حکمت عملی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ ان کی کوششوں سے امریکہ اور ایران کے درمیان جنگ بندی ممکن ہوئی، جو مشرق وسطیٰ سمیت پوری دنیا کے لیے امن کا مثبت اور حوصلہ افزا پیغام ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ پاکستان نے ہمیشہ خطے میں امن، استحکام اور باہمی احترام کی پالیسی کو فروغ دیا ہے اور حالیہ سفارتی پیش رفت اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ پاکستان عالمی سطح پر ایک ذمہ دار اور امن پسند ملک کے طور پر اپنا کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مشکل حالات میں بروقت اور موثر سفارتکاری ہی بڑے تنازعات کو ٹالنے کا ذریعہ بنتی ہے

گوادر، سرکاری اراضی پر تجاوزات کیخلاف کارروائی

اے سی سعد کلیم ظفر نے موتڈی اور کلانچی پھاڑا میں غیر قانونی تعمیرات مسمار کیں

کارروائی میں ضلعی انتظامیہ پولیس اور اینٹی انکروچمنٹ سیل نے مشترکہ حصہ لیا

انتظامیہ نے سرکاری زمین پر قائم متعدد غیر قانونی ڈھانچے مکمل طور پر ختم کر دیے

گوادر (خ ن) ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر گوادر سعد کلیم ظفر نے موتڈی اور کلانچی پھاڑا کے علاقوں میں سرکاری اراضی پر قائم غیر قانونی تعمیرات اور ناجائز تجاوزات کے خلاف بھرپور اور فیصلہ کن آپریشن کیا۔ کارروائی کے دوران ضلعی انتظامیہ، پولیس اور گوادر ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے اینٹی انکروچمنٹ سیل نے مشترکہ طور پر متعدد غیر قانونی ڈھانچوں کو مسمار کرتے ہوئے سرکاری زمین کو قبضہ مافیا سے واگزار کروالیا۔ انتظامیہ نے واضح کیا کہ موتڈی اور کلانچی پھاڑا میں عرصہ دراز سے بعض عناصر سرکاری اراضی پر غیر قانونی قبضہ جما کر تعمیرات میں ملوث تھے، جس کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت بلاامتیاز کارروائی عمل میں لائی گئی۔ اسسٹنٹ کمشنر سعد کلیم ظفر نے موقع پر دوٹوک الفاظ میں خبردار کیا کہ سرکاری زمین پر کسی قسم کی غیر قانونی تعمیرات یا تجاوزات ہرگز برداشت نہیں کی جائیں گی، اور ایسے عناصر کے خلاف نہ صرف فوری کارروائی کی جائے گی بلکہ سخت قانونی چارہ جوئی بھی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ضلعی انتظامیہ سرکاری اراضی کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنائے گی اور قبضہ مافیا کے خلاف آپریشن بلاتعطل جاری رہے گا۔ آئندہ کسی بھی غیر قانونی سرگرمی میں ملوث افراد کے خلاف مقدمات کے اندراج سمیت سخت اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ کارروائی کے دوران بھاری مشینری کا استعمال کرتے ہوئے غیر قانونی تعمیرات کو مکمل طور پر ختم کیا گیا جبکہ علاقے میں امن و امان برقرار رکھنے کے لیے پولیس کی بھاری نفری تعینات رہی۔ ضلعی انتظامیہ نے عوام سے بھی اپیل کی ہے کہ وہ سرکاری اراضی پر کسی بھی قسم کی غیر قانونی سرگرمی سے اجتناب کریں اور قانون کی پاسداری کو یقینی بنائیں

اشتہار بنام عوام الناس

زمینداران ضلع قلعہ عبداللہ

بذریعہ ہذا ضلع قلعہ عبداللہ کے تمام زمینداران / کاشتکاروں کو مطلع کیا جاتا ہے کہ زرعی آمدن پر ٹیکس Agriculture Income Tax کی ادائیگی حکومت بلوچستان کے متعلقہ قوانین کے تحت لازمی ہے تمام ایسے زمینداران و کاشتکاران جنہوں نے تاحال زرعی آمدن ٹیکس جمع نہیں کروایا انہیں ہدایت کی جاتی ہے کہ نوٹس / اشتہار ہذا جاری ہونے کے چودہ (14) یوم کے اندر اندر اپنا بقایاجات متعلقہ ریونیو عملہ / تحصیلدار کے پاس جمع کروائیں مقررہ مدت کے اندر ادائیگی نہ کرنے کی صورت میں نادہندگان کے خلاف مروجہ قانون کے مطابق سخت کارروائی کی جائے گی۔ جس کے تحت ایف۔ آئی۔ آر کا اندراج بقایاجات کی وصولی بذریعہ محصولات اراضی بقایا ٹیکس کے مساوی اراضی / جائیداد کی ضبطی و قرقی۔ تمام متعلقہ افراد کو ہدایت کی جاتی ہے کہ اس معاملے کو نہایت سنجیدگی سے لیتے ہوئے بروقت ادائیگی کو یقینی بنائیں تاکہ قانونی کارروائی سے بچا جا سکے مزید معلومات کے لیے متعلقہ اسسٹنٹ کمشنر / تحصیلدار دفتر سے دفتری اوقات میں رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ

PRQ No4576/10-04-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

PEOPLE'S PRIMARY HEALTHCARE INITIATIVE, BALOCHISTAN

(Regd. Under Section 42 of Companies Ordinance, 1984)

ADDENDUM & CORRIGENDUM

With reference to the corrigendum published in Daily Jang, Daily Mashriq Quetta and Dawn on 4th April, 2026.

1. Provisioning of Satellite enabled Digital Health Solution for establishment of 150 Telehealth Centers and Integration with Command & Resource Center for PPHI, Balochistan Tender No: PPHI-B/H.O BLN/2026/01/PPHI– T.H/01 Submission & bid opening date is extended to 23rd April, 2026 at 11:00 AM.
2. Provisioning of IT Equipment (PC & Servers), Fire Safety, Solar & Genset, Video Wall, Networking and Electronics for PPHI Balochistan Tender No: PPHI-B/H.O BLN/2026/02/(IT) Submission & bid opening date is extended to 21st April, 2026 at 11:30 AM.

The updated Tender Documents with updated specifications, scope and terms& conditions are uploaded on the PPHI-Balochistan website **https://pphib.org/pphi-b/tenders**

MANAGER ADMIN

PPHI - BALOCHISTAN. TEL: 081-2863620 FAX: 081-2863642

TENDER NOTICE

The SP/ DISTRICT POLICE OFFICER- SHERANI invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-2526041013522 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. Tender Fee Rs.1000/-**

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Transportation and Storage and Mail Services (Total Item(s) Count: 3)	3 %

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 2 Assignments of Similar Nature and Complexity Worth PKR. 2,500,000 Million each in Previous 3 Years Accumulated Turn over of at least PKR.2,500,000 Million in 3 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List BRA Registration Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan GST **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of 3 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 27 April, 2026till 09:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 10:00 AM on EPPS System Address: SP/ DISTRICT POLICE OFFICER-SHERANI Phone no: 0333794837 Email: spwashuk@gmail.com

PRQ No.4575/10-4-2026

SUPERINTENDENT OF POLICE SHERANI

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

PEOPLE'S PRIMARY HEALTHCARE INITIATIVE, BALOCHISTAN

(Regd. Under Section 42 of Companies Ordinance, 1984)

JOB OPPORTUNITIES

The People's Primary Healthcare Initiative (PPHI) Balochistan, registered under Section 42 of the Companies Ordinance, 1984 (now the Companies Act, 2017), invites applications for the following vacancies on a purely temporary basis.

Name of Posts	No of Posts	Qualification/experience District Office	Age
Finance Officer	03 (Barshore, Upper Dera Bugti, Tump)	MBA finance, M-Com, BBA, or equivalent from any recognized university, with 2 years of relevant experience.	18-50
M&E Officer	03 (Barshore, Upper Dera Bugti, Tump)	Master's in Social Sciences, MBA, MBBS, or equivalent from any recognized university, with 2 years of relevant field experience.	18-50
M&E Assistant	03 (Barshore, Upper Dera Bugti, Tump)	Bachelor's in Social Sciences, MBA, MBBS, or equivalent from any recognized university, with 2 years of relevant field experience.	18-50
Admin Assistant	04 (Barshore, Upper Dera Bugti, Jafferabad Tump)	Bachelor's in Social Sciences, or equivalent from any recognized university, with 2 years of relevant field experience.	18-50
Assistant General	03 (Barshore, Upper Dera Bugti, Tump)	Bachelor's in Social Sciences, or equivalent from any recognized university, with 2 years of relevant field experience.	18-50
Social Organizers	06 (Barshore, Upper Dera Bugti, Tump)	Bachelor's of Arts (B.A) in Social Sciences, Statistics, Public Health, or a related discipline from a recognized university.	18-50
Medicine Store Keeper	04 (Barshore, Lower Dera Bugti, Jafferabad Tump)	Minimum Matriculation. Preferably Diploma/Certification of Medical Technician	18-50
Assistant Store Keeper	04 (Barshore, Upper Dera Bugti, Lower Dera Bugti, Tump)	Minimum Matriculation. Preferably Diploma/Certification of Medical Technician	18-50
Driver	03 (Barshore, Upper Dera Bugti, Tump)	Shall be Literate, Must possess a valid driving license (LTV/HTV as required), Basic knowledge of road signs and traffic regulations.	18-50
Cleaner	03 (Barshore, Upper Dera Bugti, Tump)	Shall be Literate. In case of the District Office, the candidate shall be from the same catchment population.	18-50
Peon	03 (Barshore, Upper Dera Bugti, Tump)	Shall be Literate. In case of the District Office, the candidate shall be from the same catchment population.	18-50
Watchman	03 ((Barshore, Upper Dera Bugti, Tump)	Candidates must be literate, and preference will be given to those with prior work experience. For positions at Basic Health Units (BHUs), candidates should belong to the same catchment population.	18-50

Terms and Conditions:

1. The positions will be filled purely on a temporary basis under the control and management of PPHI-B for one year initially, extendable on an annual performance report.
2. Applicants holding local domicile shall be given preference.
3. Only the short-listed candidates will be called for the written test & interview on a date and time to be communicated.
4. On detailed scrutiny of documents, if found ineligible, his/her candidature will be rejected.
5. No TA/DA is admissible for appearing in the test/interview.
6. The Company reserves the right to amend/cancel the hiring process or the number of posts at any stage.

How to apply:

1. **Application Submission:** Interested candidates are required to apply through the career portal (https://pphib.org/careers/) by completing the online application form no later than 27th April, 2026.
2. **Shortlisting & Assessment:** PPHI will contact shortlisted candidates to appear in the written Test/Interview.
3. **Selection:** Offer letters will be issued to candidates who successfully clear all stages of the process. However, candidates on the waiting list will be offered the positions in case of non-joining of selected candidates in due course of time.
4. **Note:** Applications submitted by hand or any other mode except the prescribed will not be accepted.

Manager HR PPHI Balochistan Address: 8-A Jinnah Town Samungli Road Quetta, Balochistan

For queries, feel free to contact on the followings Call: 081-2863620, 081-2862623 Fax: 081-2863642

TENDER NOTICE

The SP/ ADMN: CCPO- QUETTA invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-2526041016241 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. Tender Fee** 1,000 PKR

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Manufactured Vehicles & Accessories (Total Item(s) Count: 42)	2%

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 3 Assignments of Similar Nature and Complexity 1,000,000 in Previous 3 Years Turn over of at least 3,000,000 PKR in 3 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive Submission of the required Bidding document Fee Frame Work Agreement with rates, the firm has to supply Engine Overhauling parts of Vehicles and Motorcycles of Quetta District for the period of 12 months starting from date of issuance of work order in the line with rule 51-A(a) Frame Work Agreement of BPPRA Rules (a) Framework Agreement with rates: A procuring agency may enter into a frame work agreement with rates with a supplier or contractor following the procedure for open competitive bidding. The firm has to provide work orders only of government department. However, semi government and NGOs work order are not acceptable. **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,000 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 24 April, 2026during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 24 April, 2026till 10:30 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 11:30 AM Address: Deputy Inspector General of Police Office, Zarghoon Road Quetta Phone no: 0819201264Fax no: 0819202142 Email: mehatableashfaq19122000@gmail.com

PRQ No.4572/10-4-2026

SSP/ADMN Deputy Inspector General of Police office Quetta

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول / تحصیلدار صحبت پور

اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ تحریر ہے کہ مسمی عبدالستار ولد گوہر خان قوم عمرانی ساکن عمرانی محلہ صحبت پور تحصیل و ضلع صحبت پور متوفی مذکور کی دیہہ صحبت پور کھاتہ / کھتونی نمبر 154 رقبہ اراضی 5000 پانچ ہزار مربع فٹ جائیداد ہے متوفی مذکور کے پسماندگان میں پانچ بیٹے 1۔ علی رضا 2۔ قادر بخش 3۔ غلام فاروق 4۔ عبدالصمد 5۔ عبدالجبار اور دو بیٹیاں 1۔ زلیخاں حسین 2۔ سارہ دختران عبدالستار مرحوم اور ایک بیوہ زینت بیگم چھوڑے ہیں بمطابق تصدیقی سرٹیفکیٹ جاری شدہ وارثان چیف آفیسر میونسپل کمیٹی صحبت پور محررہ 08/04/2026ء متوفی مذکور کا مذکورہ بالا اشخاص کے علاوہ کوئی اور جائز وارث نہیں ہے اگر کسی کو کوئی اعتراض ہو تو اندر میعاد دس ایام زیر دستخطی کو پیش ہو کر ثبوت پیش کرے بعد میں کوئی عذر و اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج مورخہ 09/04/2026ء کو دستخط

میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا

نمائندہ صحبت پور

بعدالت اسسٹنٹ کلکٹر درجہ دوئم / تحصیلدار فرید آباد ضلع صحبت پور

اشتہار بنام عوام الناس

[illegible]

نمائندہ صحبت پور

روزنامہ مشرق کوئٹہ

فیفا سیریز، پاکستان ویمنز ٹیم کی تاریخی فتح وزیر اعظم اور فیلڈ مارشل کے نام

وزیر اعظم اور فیلڈ مارشل امن کیلئے تاریخی کردار ادا کر رہے ہیں، صدر پی ایف ایف محسن گیلانی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان فٹبال فیڈریشن کے صدر سید محسن گیلانی نے فیفا سیریز کے پہلے میچ میں پاکستان ویمنز ٹیم کی ریکارڈ ساز کامیابی وزیر اعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کے نام کر دی۔ اپنے بیان میں محسن گیلانی نے پوری قوم کو پاکستان ویمنز ٹیم کی کامیابی کی مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ ایک ایسے وقت میں جب ہمارے وزیر اعظم اور فیلڈ مارشل امن کے لیے تاریخی کردار ادا کر رہے ہیں، ہماری بیٹیوں نے فٹبال کے میدان میں تاریخ رقم کی ہے، ہم یہ کامیابی اپنی قیادت کے نام کرتے ہیں۔ محسن گیلانی نے کہا کہ ہم بھی اپنی ذمہ داری نبھاتے ہوئے پاکستان کا نام فٹبال کے میدان میں روشن کریں گے۔ پاکستان ویمنز فٹبال کے لیے سنہری دور کا آغاز ہو چکا ہے اور ہماری کھلاڑی دنیا کو دکھا رہی ہیں کہ وہ بہترین فٹبال کھیل سکتی ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ خواتین فٹبال کی ترقی کے لیے مزید اقدامات کیے جائیں گے

پاکستان ہاکی ٹیم کے دورہ انگلینڈ اور بیلجیم کیلئے فنڈز جاری، ہاکی فیڈریشن کا اظہار تشکر

دورے کے تفصیلی شیڈول اور میچوں کی تفصیلات کا اعلان جلد کر دیا جائے گا، پاکستان ہاکی فیڈریشن

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے پاکستان ہاکی فیڈریشن کو سینئر ہاکی ٹیم کے دورہ انگلینڈ اور بیلجیم (پرو لیگ) کیلئے درکار تمام فنڈز جاری کر دیے جبکہ پاکستان ہاکی فیڈریشن نے حکومت کے اس اقدام کو سراہتے ہوئے اسے قومی کھیل کی بحالی کے لیے ایک سنگ میل قرار دیا اور حکومت کے غیر متزلزل تعاون پر اس کا شکریہ ادا کیا ہے۔ پی ایچ ایف نے اپنے بیان میں کہا کہ فنڈز کی فراہمی سے قومی کھلاڑیوں کو بین الاقوامی پلیٹ فارم پر اپنی صلاحیتوں کے جوہر دکھانے کا بھرپور موقع ملے گا۔ پی ایچ ایف کی جانب سے حکومت کو یقین دلایا گیا ہے کہ ان وسائل کا شفاف اور موثر استعمال کیا جائے گا تاکہ عالمی سطح پر پاکستان ہاکی کا وقار بلند کیا جا سکے۔ بیان میں کہا گیا کہ ہمارے ہیروز قوم کا سر فخر سے بلند کرنے کے لیے پوری طرح تیار ہیں جبکہ دورے کے تفصیلی شیڈول اور میچوں کی تفصیلات کا اعلان جلد کر دیا جائے گا۔

ثانیہ اشفاق کا عماد وسیم پر بچوں سے بے رخی کا الزام، چونکا دینے والے انکشافات

میرا بیٹا زیان خود کو نظر انداز اور تنہا محسوس کرتا ہے اس کے والد نے کبھی اس سے ملنے کی کوشش نہیں کی، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) قومی کرکٹر عماد وسیم کی سابقہ اہلیہ ثانیہ اشفاق نے حالیہ بیان میں اپنے سابق شوہر پر بچوں سے لاتعلقی اور بے رخی کے سنگین الزامات عائد کر دیے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ثانیہ اشفاق نے انکشاف کیا ہے کہ طلاق کے بعد سے اکیلے ہی اپنے 3 بچوں کی پرورش کر رہی ہوں جبکہ عماد وسیم کی جانب سے کسی قسم کی مالی معاونت نہیں کی جا رہی۔ انہوں نے کہا کہ عماد وسیم نے اپنے نومولود بیٹے سے صرف ایک بار ملاقات کی، وہ بھی اس وقت جب میں خود زبردستی بچے کو ان سے ملوانے لے کر گئی تھی۔ ثانیہ اشفاق نے کہا کہ میرا بیٹا زیان خود کو نظر انداز اور تنہا محسوس کرتا ہے کیونکہ اس کے والد نے کبھی اس سے ملنے کی کوشش نہیں کی۔ انہوں نے ایک سوال و جواب کے سیشن کے دوران اپنی موجودہ زندگی پر بات کرتے ہوئے کہا کہ میں تمام تر مشکلات کے باوجود اپنے بچوں کی پرورش خود کر رہی ہوں اور اس صورت حال نے مجھے شدید صدمہ پہنچایا ہے۔

کوئٹہ، بلوچستان پولیس سپورٹس بورڈ کے انٹرنیشنل پلیئر زمان خان اچکزئی کو ایڈیشنل آئی جی ایڈمن / ڈائریکٹر سپورٹس جاوید علی مہر ہی سی ون بیسٹ ایوارڈ دے رہے ہیں

آئیوری کوسٹ، پاکستان ویمنز فٹبال ٹیم فیفا ویمنز سیریز میں ٹرکس اور کیکوس جزائر کو شکست دینے کے بعد جشن منا رہی ہیں

پی ایس ایل 11، پشاور زلمی کیخلاف میچ کے بعد گفتگو میں کراچی کنگز کے معین علی کی آواز رندھ گئی

کراچی (این این آئی) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) 11 میں پشاور زلمی کے خلاف میچ کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کراچی کنگز کے معین علی کی آواز رندھ گئی۔ گلے کی بہتری کے لیے انگلینڈ سے تعلق رکھنے والے بیٹر معین علی کو پانی طلب کرنا پڑا، ایک صحافی نے آگے بڑھ کر ان کو پانی کی بوتل پیش کی، پانی پینے کے بعد معین علی کی آواز میں بہتری پیدا ہوئی اور انہوں نے اپنی گفتگو جاری رکھی۔ واضح رہے کہ پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) 11 کے 17 ویں میچ میں پشاور زلمی کے آگے کراچی کنگز ریت کا ڈھیر ثابت ہوئی اور اسے ہوم گراؤنڈ پر 159 رنز سے بدترین شکست کا سامنا کرنا پڑا۔

کویت میں کھیلوں کی تمام سرگرمیاں معطل

کویت سٹی (این این آئی) کویت نے ملک بھر میں کھیلوں کی تمام سرگرمیوں کی معطلی کو آئندہ احکامات تک بڑھانے کا اعلان کر دیا ہے۔ غیر ملکی ذرائع ابلاغ کے مطابق کھیلوں کی تمام سرگرمیوں کی معطلی کو بڑھانے کا یہ اعلان وزیر مملکت برائے امور نوجوانان و کھیل نے گزشتہ روز کیا۔ وزارت کی جانب سے جاری بیان کے مطابق یہ فیصلہ ایک مشترکہ کمیٹی کی سفارشات کی بنیاد پر کیا گیا، جو ملک میں جاری حالات کے Sporting Activities پر اثرات کا جائزہ لے رہی ہے۔ وزارت نے کہا کہ صورتحال کا مسلسل جائزہ لیا جا رہا ہے اور عوامی تحفظ و استحکام کو ترجیح دیتے ہوئے معطلی برقرار رکھی جائے گی۔ نئی ہدایات تک کھیلوں کی سرگرمیاں بدستور معطل رہیں گی۔

پی ایس ایل 11: راولپنڈیز نے نسیم شاہ کے جزوی متبادل کا اعلان کر دیا

فاسٹ بولر نسیم شاہ کراچی کنگز کے خلاف میچ کے دوران سائیڈ انجری کا شکار ہوئے تھے

لاہور (یو این پی) پاکستان سپر لیگ میں شامل ٹیم راولپنڈیز نے آل راؤنڈر مبصر خان کو نسیم شاہ کے جزوی متبادل کے طور پر ٹیم میں شامل کر لیا۔ فرنچائز انتظامیہ کے مطابق نسیم شاہ کو کراچی کنگز کے خلاف میچ کے دوران سائیڈ انجری ہوئی تھی۔ ٹیم کے ڈاکٹرز ان کی صحت یابی پر قریبی نظر رکھے ہوئے ہیں اور امید ظاہر کی جا رہی ہے کہ وہ ٹورنامنٹ کے آخری مراحل میں واپسی کر سکتے ہیں تاہم حتمی فیصلہ فٹنس منظوری کے بعد ہوگا۔ احتیاطی اقدام کے طور پر مبصر خان کو نسیم شاہ کے جزوی متبادل کے طور پر ٹیم میں شامل کر لیا گیا ہے، مبصر خان اس سے قبل اسلام آباد یونائیٹڈ کی نمائندگی کر چکے ہیں جہاں انہوں نے 14 میچز میں 49 رنز بنائے اور 2 وکٹیں حاصل کیں۔ دوسری جانب راولپنڈیز نے اپنی گیند بازی مضبوط کرنے کے لیے نیوزی لینڈ کے فاسٹ بولر بین سیئرز کو بھی اسکواڈ میں شامل کیا ہے جو نسیم شاہ اور زمان خان کی انجری کے بعد ٹیم کا حصہ بنے ہیں۔ بین سیئرز ڈھائی کروڑ روپے میں شامل کیے گئے ہیں اور یہ ان کا پی ایس ایل میں پہلا میچ ہوگا۔ وہ اس سے قبل میجر لیگ کرکٹ میں واشنگٹن فریڈم کے لیے کھیل چکے ہیں۔ بین الاقوامی سطح پر بین سیئرز 27 ٹی ٹوئنٹی میچز میں 31 وکٹیں جبکہ 4 ایک روزہ میچز میں 10 وکٹیں لے چکے ہیں۔ ادھر زمان خان کو قومی ٹی ٹوئنٹی کپ کے دوران کندھے کی انجری کا سامنا کرنا پڑا جس کے بعد ان کی جگہ جلات خان کو ٹیم میں شامل کیا گیا ہے۔ محمد رضوان کی قیادت میں راولپنڈیز اپنا اگلا میچ کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے خلاف 10 اپریل کو کھیلیں گے۔

پیٹر سڈل کو اُن کی دوست نے بھی چاچا کہہ دیا

لیگ کے دوران پریس کانفرنس میں سڈل نے انکشاف کیا تھا کہ ملتان کے کھلاڑی بھی چاچا کہہ کر پکارتے

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) سابق آسٹریلوی فاسٹ بولر پیٹر سڈل کو اُن کی خاتون دوست نے بھی چاچا کہہ دیا ہے۔ پیٹر سڈل نے لاہور لیگ کے اختتام پر سوشل میڈیا پر پوسٹ شیئر کی تھی، جس پر فاسٹ بولر کی دوست نے کمنٹ کرتے ہوئے چاچا لکھا جو سوشل میڈیا پر وائرل ہو گیا۔ پیٹر سڈل کو چاچا کہنا آسٹریلوی لیگ بی بی ایل میں حارث رؤف نے شروع کیا، لاہور لیگ کے دوران پریس کانفرنس میں سڈل نے انکشاف کیا تھا کہ ملتان کے کھلاڑی بھی چاچا کہہ کر پکارتے ہیں انہوں نے مزید کہا کہ افتخار احمد لوکل اور وہ غیر ملکی چاچا ہیں۔ چند روز قبل ایک پوسٹ میچ گفتگو میں اسٹیو اسمتھ نے پیٹر سڈل کو چاچا کہہ کر مخاطب کیا تھا۔ پی ایس ایل 11 میں 41 سالہ پیٹر سڈل اور اسٹیو اسمتھ ملتان سلطانز کی نمائندگی کر رہے ہیں۔

کراچی میں وکٹ سلو ہے اور بیٹرز کو وکٹ پر رکنے میں دشواری کا سامنا ہے، مصباح الحق

افتخار احمد ایک تجربہ کار بولر ہیں، پاکستان کو ان کی خدمات سے فائدہ اٹھانا چاہیے، گفتگو

کراچی (این این آئی) پی ایس ایل 11 میں کراچی کنگز کو عبرت ناک شکست سے ہمکنار کرنے والی پشاور زلمی کے ہیڈ کوچ اور سابق ٹیسٹ کپتان مصباح الحق نے کہا ہے کہ لاہور کے مقابلے میں کراچی میں کھیلے جانے والے دوسرے مرحلے میں کراچی میں وکٹ سلو ہے اور بیٹرز کو وکٹ پر رکنے میں دشواری کا سامنا ہے، افتخار احمد ایک تجربہ کار بولر ہیں، پاکستان کو ان کی خدمات سے فائدہ اٹھانا چاہیے۔ میچ کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مصباح الحق نے کہا کہ پی ایس ایل 11 میں پشاور زلمی کی قیادت کرنے والے سابق قومی کپتان اور معروف بیٹر بابر اعظم اپنی کھوئی ہوئی فارم میں واپس لانے کی کوشش کر رہے ہیں، بابر اعظم اپنا اصل گیم کھیلنے کے لیے کوشاں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پشاور زلمی کی ٹیم کامیابی کی جانب رواں ہو گئی ہے، مجموعی طور پر کارکردگی سے بہت مطمئن ہوں، پی سی بی کے توسط سے قومی کرکٹ کے فروغ کے لیے اپنی خدمات دیں، میرا تجربہ افتخار احمد سے زیادہ ہے، افتخار احمد کو اپنی بولنگ پر بہت اعتماد ہے، وہ کھلاڑیوں کی خامیوں کو اچھی طرح جانتے ہیں، پاکستان کرکٹ ٹیم کو افتخار احمد کی خدمات سے فائدہ اٹھانا چاہیے۔ انہوں نے بتایا کہ لاہور کے مقابلے میں کراچی کی وکٹ قدرے مختلف ہے، لاہور میں وکٹ پر زیادہ دیر رکنا مشکل نہیں تھا۔

بابر اعظم ٹی ٹوئنٹی میں تیز ترین 12 ہزار رنز بنانے والے کھلاڑی بن گئے

کنگز کرس گیل کا ورلڈ ریکارڈ توڑ دیا، پاکستانی سٹار بیٹر نے یہ سنگ میل پی ایس ایل میں کراچی کنگز کے خلاف میچ کے دوران عبور کیا

کرس گیل مردوں کے ٹی ٹوئنٹی میں سب سے زیادہ رنز بنانے والے بلے بازوں کی فہرست میں اب بھی سرفہرست ہیں، رپورٹ

کراچی (آئی این پی) پاکستان کے اسٹار بیٹر بابر اعظم نے ٹی ٹوئنٹی کرکٹ کا ایک اور ورلڈ ریکارڈ اپنے نام کر لیا۔ پاکستان سپر لیگ میں پشاور زلمی کی نمائندگی کرنے والے بابر اعظم ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں تیز ترین 12 ہزار رنز مکمل کرنے والے بیٹر بن گئے۔ پاکستانی سٹار بیٹر نے یہ سنگ میل پی ایس ایل میں کراچی کنگز کے خلاف میچ کے دوران عبور کیا۔ بابر نے 338 اننگز میں 12 ہزار 20 رنز مکمل کیے۔ بابر اعظم نے 345 اننگز میں 12 ہزار رنز بنانے والے ویسٹ انڈیز کے سابق کرکٹر کرس گیل کا ورلڈ ریکارڈ توڑا ہے۔ ویرات کوہلی نے 360، ڈیوڈ وارنر نے 368 اننگز میں 12 ہزار رنز مکمل کیے تھے۔ واضح رہے کہ بابر اعظم 12 ہزار ٹی ٹوئنٹی رنز بنانے والے دنیا کے 12 ویں جبکہ دوسرے پاکستانی پلیئر ہیں۔ اس سے قبل پاکستان کے سابق ٹیسٹ کرکٹر شعیب ملک بھی یہ سنگ میل عبور کر چکے ہیں۔ دریں اثنا کرس گیل مردوں کے ٹی ٹوئنٹی میں سب سے زیادہ رنز بنانے والے بلے بازوں کی فہرست میں اب بھی سرفہرست ہیں انہوں نے 22 سنچریوں اور 88 نصف سنچریوں پر مشتمل 455 اننگز میں 14562 رنز بنا رکھے ہیں جب کہ ان کے ہم وطن پولارڈ 14482 رنز کے ساتھ دوسرے نمبر پر ہیں۔ پاکستان کے مایہ ناز آل راؤنڈر شعیب ملک 515 اننگز میں 13571 رنز کے ساتھ ساتویں نمبر پر ہیں۔ مردوں کے ٹی ٹوئنٹی میں 12000 سے زیادہ رنز بنانے والے بلے بازوں میں کرس گیل (ویسٹ انڈیز) 455 اننگز میں 14562 رنز، کیرون پولارڈ (ویسٹ انڈیز) 652 اننگز میں 14482 رنز، ایلکس ہیلز (انگلینڈ) 523 اننگز میں 14449 رنز، ڈیوڈ وارنر (آسٹریلیا) 434 اننگز میں 14121 رنز، جوس بٹلر (انگلینڈ) 466 اننگز میں 13909 رنز، ویرات کوہلی (بھارت) 398 اننگز میں 13612 رنز، شعیب ملک (پاکستان) 515 اننگز میں 13571 رنز، جیمز ونس (انگلینڈ) 470 اننگز میں 13102 رنز، روہت شرما (بھارت) 452 اننگز میں 12361 رنز، کوئنٹن ڈی کاک (جنوبی افریقہ) 439 اننگز میں 12322 رنز، فاف ڈوپلیسس (جنوبی افریقہ) 431 اننگز میں 12041 رنز اور بابر اعظم (پاکستان) 338 اننگز میں 12031 رنز شامل ہیں۔

سیم بلنگز نے پی ایس ایل کو کیریئر کی ترقی اور عالمی معیار کی لیگ قرار دے دیا

انگلش کرکٹر کا پاکستان کی مہمان نوازی، مقامی ٹیلنٹ اور فرنچائز کرکٹ کے معیار کی بھرپور تعریف

لاہور (این این آئی) انگلینڈ کے مایہ ناز کرکٹر سیم بلنگز نے ایچ بی ایل پی ایس ایل میں اپنے تجربات کو یادگار قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ لیگ نہ صرف عالمی معیار کی کرکٹ پیش کرتی ہے بلکہ کھلاڑیوں کی پیشہ ورانہ ترقی میں بھی اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ انہوں نے پی سی بی ڈیجیٹل سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مجھے ایچ بی ایل پی ایس ایل کے ابتدائی سیزن کے پہلے میچ میں شرکت کا اعزاز بھی حاصل ہے۔ ایچ بی ایل پی ایس ایل پہلا فرنچائز ٹورنامنٹ تھا جس میں میں نے شرکت کی۔ 2016ء میں اسلام آباد یونائیٹڈ کی جانب سے ملنے والے ابتدائی موقع کا ہمیشہ شکر گزار رہوں گا۔ مجھے یہاں کی مہمان نوازی بہت پسند ہے اور پاکستان میں وقت گزارنا اچھا لگتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سال ایچ بی ایل پی ایس ایل میں اوور سیز کھلاڑیوں کا معیار بہت شاندار ہے، دنیا بھر سے بڑے کھلاڑی ایچ بی ایل پی ایس ایل میں شرکت کر رہے ہیں۔ ایچ بی ایل پی ایس ایل جیسے فرنچائز ٹورنامنٹس نے مجھے اپنے کرکٹ کیریئر کی ترقی میں اور اعلیٰ سطح کی کرکٹ کھیلنے کا موقع دیا۔ میں کوشش کرتا ہوں کہ مثبت رویہ رکھوں اور خود کو پاکستانی ثقافت میں ڈھالوں۔ مقامی زبان (اردو) سیکھنا مزیدار ہے اور اس سے ٹیم کے ساتھیوں کے ساتھ تعلق مضبوط ہوتا ہے۔ گزشتہ سال اسلام آباد میں باربی کیو کے لیے جانا بہت اچھا تجربہ تھا، مقامی ثقافت اور کھانوں سے لطف اندوز ہوا ہوں۔ سیم بلنگز نے کہا کہ ایچ بی ایل پی ایس ایل پلیئرز آکشن نے مقابلے کو مزید متوازن بنا دیا ہے، ایچ بی ایل پی ایس ایل کے اس سیزن میں ایڈم زمپا جیسے اعلیٰ معیار کے اوور سیز کھلاڑیوں کی شمولیت ہوئی ہے جو کہ ٹورنامنٹ کے لیے بڑی بات ہے۔ ایچ بی ایل پی ایس ایل آن فیلڈ مہارت اور مقابلے کی نوعیت میں ایک مضبوط لیگ ہے۔ پاکستان میں ٹیلنٹ کا معیار ہمیشہ کی طرح شاندار ہے۔ عبداللہ فضل، سعد مسعود اور یاسر خان راولپنڈیز کے دو نوجوان کھلاڑی ہیں

لورالائی، ڈی سی ریٹائرڈ محمد حسیب شجاع BSDI کے تحت سرکاری باغ میں زیر تعمیر لائبریری، فٹسال گراؤنڈ کا معائنہ کر رہے ہیں

تاریخ رقم: پاکستان ویمنز ٹیم کی فیفا سیریز میں 0-8 سے ریکارڈ ساز فتح

ویمن فٹبال ٹیم نے فیفا سیریز کے آغاز میں شاندار کارکردگی دکھاتے ہوئے ترکس اینڈ کیکوس آئی لینڈز کو 0-8 سے شکست دی

پاکستان میں ویمن فٹبال کے نئے دور کا آغاز ہے اور امید ہے ٹیم اسی جذبے کے ساتھ فیفا سیریز میں آگے بڑھے گی، صدر پی ایف ایف

اسلام آباد / عابد جان (این این آئی) پاکستان نے فیفا سیریز میں تاریخ رقم کرتے ہوئے ترکس اینڈ کیکوس آئی لینڈز کو 0-8 سے ہرا دیا۔ پاکستانی ویمن فٹبال ٹیم نے فیفا سیریز کے آغاز میں شاندار کارکردگی دکھاتے ہوئے ترکس اینڈ کیکوس آئی لینڈز کو 0-8 سے شکست دی۔ یہ پاکستان ویمنز کی تاریخ کی سب سے بڑی فتح ہے، جس نے ستمبر 2022 میں مالدیپ کے خلاف 0-7 کی کامیابی کو بھی پیچھے چھوڑ دیا۔ میچ کے پہلے ہاف میں چار مختلف کھلاڑیوں نے گول کر کے ٹیم کو برتری دلائی۔ زمیعہ ملک نے پہلا گول کیا، جبکہ اقصیٰ مشتاق، لیلا بنارس اور مریم محمود نے بھی گول بنائے۔ دوسرے ہاف میں نادیہ خان نے ہیڈر کے ذریعے پانچواں گول کیا، اقصیٰ نے ایک اور شاندار گول کر کے اسکور 0-6 کیا۔ لیلا نے اپنا دوسرا گول دوسرے ہاف میں کیا اور آخر میں اسرا خان نے 81 ویں منٹ میں آخری گول کر کے فتح کو تاریخی بنا دیا۔ پاکستان ویمنز کی تاریخی کامیابی پر صدر پی ایف ایف محسن گیلانی نے ٹیم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ میں کھلاڑیوں اور کوچنگ اسٹاف کو مبارکباد دیتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ یہ پاکستان میں ویمن فٹبال کے نئے دور کا آغاز ہے اور امید ہے ٹیم اسی جذبے کے ساتھ فیفا سیریز میں آگے بڑھے گی۔

پی سی بی نے کھلاڑیوں کی فٹنس بہتر بنانے کیلئے بڑا فیصلہ کر لیا

امیدواروں سے 24 اپریل تک درخواستیں طلب، بھرتیوں کا مقصد قومی کھلاڑیوں کو عالمی معیار کی طبی سہولیات فراہم کرنا ہے

سینئر اسپیشلسٹ فزیوتھراپسٹ، اسپیشلسٹ فزیوتھراپسٹ اور جونیئر اسپورٹس ڈاکٹرز کی آسامیوں پر تقرریاں کی جائیں گی

لاہور (یو این پی) پاکستان کرکٹ بورڈ نے کھلاڑیوں کی فٹنس اور طبی سہولیات کو مزید بہتر بنانے کے لیے میڈیکل شعبے میں نئی بھرتیوں کا اعلان کر دیا۔ اس حوالے سے باقاعدہ اشتہار بھی جاری کر دیا گیا ہے جس کے تحت سینئر اسپیشلسٹ فزیوتھراپسٹ، اسپیشلسٹ فزیوتھراپسٹ، سینئر منیجر آرتھوپیڈک اسپورٹس اینڈ ایکسرسائز میڈیسن اور جونیئر اسپورٹس ڈاکٹرز کی آسامیوں پر تقرریاں کی جائیں گی۔ پی سی بی کے مطابق ان بھرتیوں کا مقصد قومی کھلاڑیوں کو عالمی معیار کی طبی سہولیات فراہم کرنا اور ان کی فٹنس کو مزید بہتر بنانا ہے۔ دلچسپی رکھنے والے امیدواروں سے 24 اپریل تک درخواستیں طلب کی گئی ہیں۔

ل، جانوروں کا مفت علاج و ویکسینیشن، محکمہ حیوانات کا اہم اقدام

نوشکی سرل اور ماکلی میں چار روزہ ویٹرنری کیمپ کا باقاعدہ انعقاد کیا گیا

صوبائی وزیر لائیوسٹاک اور اعلیٰ حکام کی خصوصی ہدایات پر مہم شروع ہوئی

ل (نامہ نگار) ل کے یونین کونسلوں سرل اور ماکلی میں جانوروں کے علاج معالجہ اور ویکسینیشن کے لیے محکمہ حیوانات کی جانب سے چار روزہ مفت ویٹرنری کیمپ کا انعقاد صوبائی وزیر لائیوسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی، سیکریٹری لائیوسٹاک محمد دوا خان بازئی، ڈائریکٹر جنرل لائیوسٹاک ڈاکٹر محمد فاروق ترین اور ڈپٹی کمشنر نوشکی محمد حسین ہزارہ کی خصوصی ہدایات پر ڈسٹرکٹ لائیوسٹاک آفیسر نوشکی ڈاکٹر محمد یعقوب لانگو نے ضلع نوشکی کے علاقہ یونین کونسل سرل اور ماکلی میں جانوروں کے علاج معالجے اور ویکسینیشن کیلئے چار روزہ مفت ویٹرنری کیمپ 06 اپریل 2026 تا 09 اپریل 2026 کا انعقاد کیا جس میں کیمپ انچارج ڈاکٹر میر یاران بلوچ، ڈاکٹر سعد عظیم بلوچ، اسٹاک اسسٹنٹ سید مدثر شاہ، کیمل مین نوروز خان مینگل اور کیمل مین محمد شاہد بادینی نے ہزاروں جانوروں کا مفت علاج معالجہ اور ویکسینیشن کیا علاقے کے مالداروں نے محکمہ حیوانات کے اس اقدام کو سراہتے ہوئے شکریہ ادا کیا ہے اور محکمہ حیوانات کے علاج معالجے کے اس مہم کو خوش آئند قرار دیا ہے۔

لورالائی، غیر قانونی افغان مہاجرین کی ملک بدری کا عمل تیز

عوام غیر قانونی افغان مہاجرین کے بارے میں فوری اطلاع دیں

اطلاع فراہم کرنے والوں کی شناخت خفیہ رکھی جائے گی، انہیں انعام دیا جائے گا

ٹرانسپورٹرز اور ڈرائیورز بغیر قانونی دستاویزات والے افراد کو سفر کی اجازت نہ دیں، ڈی سی حسیب شجاع

لورالائی (ن ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی، کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع نے کہا ہے کہ حکومت پاکستان اور حکومت بلوچستان کی ہدایات کے مطابق ایسے تمام افغان مہاجرین جو قانونی دستاویزات یا ویزہ کے بغیر [illegible] دستاویزات رکھنے والے افراد کو اپنی گاڑیوں میں سفر کی اجازت نہ دیں۔ چیکنگ کے دوران اگر کوئی غیر قانونی مہاجر کسی گاڑی یا علاقے میں پایا گیا تو متعلقہ مکان مالک، ٹرانسپورٹر یا ڈرائیور [illegible]

نصیر آباد، گرلز کالج کا نمایاں کارکردگی، تعلیمی معیار بہتر سہولیات میں اضافہ

نصیر آباد (نامہ نگار) گورنمنٹ انٹر گرلز کالج ڈیرہ مراد جمالی تعلیمی میدان میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے علاقے کے بہترین تعلیمی اداروں میں شمار ہونے لگا ہے کالج میں لیکچرارز اور اساتذہ کی باقاعدہ حاضری کو یقینی بنایا گیا ہے جس کے مثبت اثرات طالبات کی تعلیم پر واضح طور پر نظر آ رہے ہیں۔ طالبات نہایت لگن، محنت اور دلچسپی کے ساتھ اپنی تعلیمی سرگرمیوں میں حصہ لے رہی ہیں جس سے تعلیمی معیار میں نمایاں بہتری آئی ہے۔ کالج میں حال ہی میں سولر سسٹم کی تنصیب مکمل کی گئی ہے، جو طالبات کا ایک دیرینہ مطالبہ تھا بجلی کے مسائل کے خاتمے سے تدریسی عمل میں تسلسل آیا ہے اور طالبات کو بہتر ماحول میسر آیا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ طالبات کے لیے روزانہ کی بنیاد پر پک اینڈ ڈراپ بس سروس بھی فراہم کی جا رہی ہے جس سے دور دراز علاقوں سے آنے والی طالبات کو بڑی سہولت حاصل ہوئی ہے گرلز کالج کی صفائی ستھرائی کے نظام کو بھی موثر انداز میں بہتر بنایا گیا ہے صاف ستھرا اور خوشگوار تعلیمی ماحول نہ صرف طالبات کے لیے پرکشش بنا ہے بلکہ ادارے کی مجموعی کارکردگی میں بھی اضافہ ہوا ہے ان تمام مثبت اقدامات کا کریڈٹ کالج کی پرنسپل سعدیہ کو جاتا ہے جن کی انتھک محنت، بہترین قیادت اور تعلیمی بہتری کے عزم [illegible]

پولیو موذی مرض، والدین تعاون کریں، عبدالرزاق گرانی

نصیر آباد میں محکمہ صحت اور یونیسیف کے تعاون سے آگاہی سیشن منعقد

ماہرین نے پولیو کو خطرناک مرض قرار دے کر ویکسین کی اہمیت اجاگر کیا

نصیر آباد (نامہ نگار) محکمہ صحت نصیر آباد کے زیر اہتمام اور یونیسیف کو منیٹ کے تعاون سے ڈیرہ مراد جمالی کے گرانی محلہ میں پولیو کے خلاف شعور و آگاہی سیشن کا انعقاد کیا گیا اس سیشن کا مقصد عوام میں پولیو کے خاتمے کے حوالے سے شعور اجاگر کرنا تھا تقریب میں میونسپل کمیٹی کے کونسلر سردارزادہ عبدالرزاق گرانی سمیت علاقے کے معتبرین سفید ریش بزرگ علماء کرام طلباء اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی تقریب سے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر ایاز جمالی این اسٹاف ڈاکٹر یسین واجلی ڈویژنل افیسر ای پی آئی ڈاکٹر رومان الحق کومنیٹ کے صدام حسین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پولیو ایک موذی مرض ہے جو بچوں کو عمر بھر کی معذوری کا شکار بنا سکتا ہے مگر خوش قسمتی سے اس کا مکمل علاج ویکسین کی صورت میں موجود ہے انہوں نے والدین پر زور دیا کہ وہ اپنے بچوں کو ہر پولیو مہم میں لازمی قطرے پلائیں پولیو سے بھرپور تعاون کر کے قومی فریضہ ادا کریں سیشن کے دوران کمیونٹی کے افراد میں پولیو ویکسین کے حوالے سے پائے جانے والے تحفظات کو دور کیا گیا اور انہیں آگاہی دی گئی کہ پولیو ویکسین مکمل طور پر محفوظ ہے اور اس کا مقصد بچوں کو معذوری سے بچانا ہے، اس کے کوئی نقصانات نہیں ہیں بلکہ صرف فائدہ ہی فائدہ ہے۔ شرکاء نے اس موقع پر مختلف سوالات بھی کیے جن کے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر ایاز جمالی این اسٹاف ڈاکٹر یسین واجلی ڈی سی او صدام حسین اور ڈاکٹر رومان الحق نے تسلی بخش اور مدلل جوابات دیے ان کی رہنمائی سے لوگوں کی غلط فہمیاں اور تشویش دور ہوئی

نصیر آباد، گرانی محلہ میں پولیو کے خلاف شعور و آگاہی سیشن کا انعقاد

نصیر آباد (نامہ نگار) محکمہ صحت نصیر آباد کے زیر اہتمام اور یونیسیف کومنیٹ کے تعاون سے ڈیرہ مراد جمالی کے گرانی محلہ میں پولیو کے خلاف شعور و آگاہی سیشن کا انعقاد کیا گیا اس سیشن کا مقصد عوام میں پولیو کے خاتمے کے حوالے سے شعور اجاگر کرنا تھا تقریب میں میونسپل کمیٹی کے کونسلر سردارزادہ عبدالرزاق گرانی سمیت علاقے کے معتبرین سفید ریش بزرگ علماء کرام طلباء اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی تقریب سے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر ایاز جمالی این اسٹاف ڈاکٹر یسین واجلی ڈویژنل افیسر ای پی آئی ڈاکٹر رومان الحق کومنیٹ کے صدام حسین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پولیو ایک موذی مرض ہے جو بچوں کو عمر بھر کی معذوری کا شکار بنا سکتا ہے مگر خوش قسمتی سے اس کا مکمل علاج ویکسین کی صورت میں موجود ہے

عوام کی جان و مال کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جائے گا، ایس ایچ او

جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن شروع متعدد افراد گرفتار کیے گئے

پولیس گشت میں اضافہ اور داخلی خارجی راستوں پر چیکنگ سخت کر دی گئی، ندیم بحرانی

اوستہ محمد (نامہ نگار) ایس ایچ او سٹی پولیس تھانہ اوستہ محمد ندیم بحرانی نے کہا ہے کہ عوام کی جان و مال کی تحفظ کو ہر صورت میں یقینی بنایا جائے گا اوستہ محمد کا چارج چیلنج سمجھ کر قبول کی ہے پولیس اور عوام مل کر جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کو یقینی بنایا جائے گا ان خیالات کا اظہار ایس ایچ او ندیم بحرانی نے نمائندہ مشرق حنیف بلوچ سے بات چیت کرتے ہوئے کہا ان کا کہنا تھا کہ آئی جی پولیس بلوچستان ڈی آئی جی نصیر آباد ایس ایس پی اوستہ محمد کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن کا سلسلہ شروع کر دیا گیا ہے اور اوستہ محمد پولیس نے مختصر عرصے میں متعدد جرائم پیشہ افراد کو گرفتار کرنے میں بڑی حد تک کامیابی حاصل کی ہے انہوں نے مزید کہا کہ عوام کی جان و مال کی تحفظ کو مزید بہتر کرنے کے لیے پولیس گشت میں اضافہ کر دیا گیا ہے اور داخلی و خارجی راستوں پر چیکنگ سخت کر دی گئی ہے ایس ایچ او ندیم نے مزید کہا کہ اوستہ محمد کی سرزمین جرائم پیشہ عناصر کے لیے تنگ کر دی گئی ہے بقول ان کے ایس پی اوستہ محمد نے جرائم پیشہ عناصر کو واضح پیغام دی ہے کہ وہ شرافت کی زندگی بسر کریں ورنہ علاقہ بدر ہو جائے کیونکہ اوستہ محمد کی سرزمین میں جرائم پیشہ عناصر کے لیے کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی

TENDER NOTICE

The Executive Engineer Public Health Engineering Division Naseerabad Invites Sealed percentage rats bested on Composite Schedule of rats ,2023Government of Balochistan And Non Schedule items On Prevailing Market rats from Interested Contractors for the works mentioned below **Bid Security 2% in Shape CDR, Tender Fee 2000/- and Bid Security 30-06-2026**

S.#	Name of Work	E/Cost
1	COMMUNITY BASE WSS UC SHAHPUR KAJAL PUR TSE-2526041014253	5.00 M

Procurement shall be made under BPPRA Rules 2023. ELIGIBILITY OF BIDDERS The Executive Engineer Public Health Engineering Division Naseer Abad invites sailed Bids /Tenders form Eligible Contractors / Farms /, manufacturers /Authorities Licensed By The Pakistan Engineering Council in the Relevant Category C6 & having Valdes NTN , Sales Tax /BRA/ Specialization in EE 04/ CE-06,CE-05-CE-04& above ,For The Mentioned Schemes Civil Works. Furthermore , the Solar System of Mentioned Schemes are in Invites Sealed bids / Tenders from the reputable Dealer Distributor Hiving Three Last year work Orders which holed (Thirty Million) Goods Declaration sleep, shipment Documents and its verification Letter ,Having Valde NTN, Seles Tax, BRA and PEC License till June 2026 with Specialization code CE-04,ME-06,EE-04,EE-11 for the whole or single item work which will be compiled in stipulated time . if any bidder not fulfilled the requirements are not eligible, the committee have authority to reject bidder . The Details are Given below : **ELIGIBILITY CRITERIA** : minimum three assignments of value not less than Estimated Cast and Turn over of value no less Estimated Cost **METHOD OF PROCUREMENT:** Single stage, one envelope. **BID SECURITY:** the bid must a company bid security in the form of call deposit of amount specified above in the name of the under signed from a scheduled bank, **TENDER DOCUMENTS:** The bidding documents can be obtained from the office of the under signed upon payment of bidding Documents fee (Non refundable) (Amount Mentioned Above) **Through Green Challan C-02725-02PHED The (Revenue Receipt) Deposited only in National Bank Of Pakistan Dera Murad Jamali Branch .(** The NIT and bidding documents can also be download from www.bppra.org.pk **ISSUANCE OF TENDER FORMS** :-From / Documents will be Issued to the bidders /Contractors on Publication of Notice in Newspapers on presentation of requisite Documents **LAST DATE OF BID SUBMISSION:** The tenders should be submitted on **-23-04-2026** till at **10:30 AM** at the office of under Signed. **TENDER OPENING** :All tenders will be opened on **Same day** at the office of undersigned at **11:30 PM** (In Case Public Hole Day Announced bye the Government (Due to any reason) the tender will be opined the next working day at the same time and venue **TENDER COMMITTEE** Reserves the right to change the Quantities or cancel, reject any or all offers without assigning any reason **ADDRESS: Public Health Engineering, Division NASEERABAD at Dera Murad Jamali**
Phone No: / Fax No: 0838711353

EXECUTIVE ENGINEER PUBLIC HEALTH ENGINEERING DIVISION NASEERABAD

PRQ No.4573/10-4-2026

NOTICE RE-INVITING TENDER

The Chief Officer Municipal **Committee Tump District Kech**, Re-invites sealed bids from eligible firms or persons licensed by the Pakistan Engineering Council in the appropriate category and duly qualified for the below mentioned Development works under **(Grant in Aid)** for the year **2025-26 on Composite Schedule of rate 2023 Government of Balochistan.**

A complete set of Bidding Documents may be purchased by the interested eligible bidder on submission of a written application to the office given below and upon payment of a non-refundable fee of Rupees **(1000/- Tender Fee)**. Bidders may acquire the Bidding Documents from the Office of the Chief Officer Municipal Committee Tump or can be downloaded from BPPRA site vide TSE No. mentioned against each scheme.

All bids must be accompanied by a Bid Security amount of **Rs. 2 % of Estimate cost in shape of call deposit** and must be delivered to **the office of the Municipal Committee Tump** at till **12:00 PM** on **27/04/2026** Bids will be opened on the same day at **01:00 PM** in the presence of bidders' representatives who choose to attend, at the same address.

S. No	Name of Schemes	Estimated Cost	Call Deposit
1	Missing facilities for Children Park Nazar Abad Tump TSE-2526041016883	7.00 M	2 %
2	Construction of Gul Mohammad Wapa Choke Tump TSE-2526041016873	5.50 M	2 %
3	Drilling and Development of Bore MC Area Tump TSE-2526041016863	4.50 M	2 %
4	Construction of Flood Protection Wall for Haji Bahoot Bazar Koonsh Kalat Tump TSE-2526041016853	3.80 M	2 %
5	Construction of Flood Protection Wall for Jaleel Ameen Mohallah Tump TSE-2526041016843	3.00 M	2 %
6	Construction of Flood Protection Wall for Musa Kareem Mohallah Dazin Tump TSE-2526041016833	2.50 M	2 %
7	Construction of Sewerage line for Dr.Nasir, M. Rafiq Mohallah Liary Bazar, Tump TSE-2526041016823	2.50 M	2 %
8	Supply/installation of home Solar for Nasir Rind Mohallah Asia Abad Tump TSE-2526041016813	2.50 M	2 %
9	Missing facilities for Noor Masjid Asia Abad Tump TSE-2526041016593	2.50 M	2 %
10	Construction of Boundary Wall for graveyard Zainab Mandi Bazar Kolawo Tump Tump TSE-2526041016573	2.50 M	2 %

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List. The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency in Pakistan. Balochistan Revenue Authority Registration is required. The bidder must have completed three Assignment of similar nature of work. Turnover of at least three subsequent previous years showing the financial capacity of the firm. The contractor must have valid registration with Pakistan Engineering Council in the relevant category (C-6 and above where applicable) **Procedure of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of a **Deposit at Call of** 2 % specified above in the name of the undersigned from a scheduled Bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the undersigned **1,000 PKR Account Title Municipal Committee Tump 4044847074 *Main Branch NBP Turbat* Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **27th April, 2026** during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **27th April, 2026 12:00 PM,** and all tenders will be opened on the same day at the office of the undersigned at **01:00 PM. Address:** Office of the Municipal Committee Tump District Kech
Mobile no: 03131199277 Email: abdulsattardashti1989@gmail.com

AB No.1092/10-04-2026

Chief Officer Municipal Committee Tump

ل، جانوروں کا مفت علاج و ویکسینیشن کیمپ کے موقع پر جانوروں کی ویکسینیشن کی جا رہی ہے

اوتھل، ایس ایس پی لسبیلہ کا اعلامیہ

اوتھل (نامہ نگار) ایس ایس پی لسبیلہ [illegible]

بعدالت جناب سول جج صاحب کوئٹہ

بمقدمہ 88/24 — تاریخ پیشی 13/4/2026

ولی محمد بنام حافظ نثار وغیرہ (دعویٰ دیوانی)

[illegible] 13/4/2026 [illegible] 6/4/2026 [illegible]

62956

بقیہ — ایران — 1

کے درمیان باہمی طور پر طے پانے والے دو نکات پر تاحال عمل درآمد نہیں ہو سکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان نکات میں سے ایک لبنان میں جنگ بندی اور دوسرا ایران کے منجمد اثاثوں کی بحالی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ مذاکرات شروع ہونے سے قبل ان دونوں شرائط کا پورا ہونا لازمی ہے۔ باقر قالیباف کا یہ بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب امریکا اور ایران کے درمیان کشیدگی کے خاتمے کے لیے پاکستان کی میزبانی میں اسلام آباد میں انتہائی اہم اور تاریخی مذاکرات منعقد ہونے جا رہے ہیں، جس کے نتائج مشرق وسطیٰ اور پورے خطے کے مستقبل کے لیے فیصلہ کن ثابت ہو سکتے ہیں۔ ایرانی صدر مسعود پزشکیان اور دیگر اعلیٰ حکام نے خبردار کیا ہے کہ اگر لبنان پر اسرائیلی حملے جاری رہے تو مذاکرات بے معنی ہو سکتے ہیں۔ دوسری جانب امریکا کا موقف ہے کہ لبنان جنگ بندی کا حصہ نہیں جب کہ پاکستان یہ واضح کر چکا ہے کہ یہ پورے خطے پر لاگو ہوتی ہے۔ یاد رہے کہ پاکستان کی میزبانی میں ہونے والے ان ہائی پروفائل مذاکرات کا بنیادی مقصد امریکا اور ایران کے درمیان جاری جنگ کو روکنے اور مستقل امن کی جانب پیش رفت ہے۔ اس کے علاوہ دیگر کئی اہم معاملات پر بھی بات چیت کا امکان ہے۔ دنیا بھر کی توجہ اس وقت اسلام آباد میں ہونے والے مذاکرات پر مرکوز ہے، جہاں ان تمام اختلافات کے باوجود اہم فیصلوں کی توقع کی جا رہی ہے۔ ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ لبنان میں اسرائیلی حملے جنگ بندی معاہدے کی خلاف ورزی ہیں۔ مسعود پزشکیان کا کہنا ہے کہ یہ دھوکا دہی اور ممکنہ معاہدوں سے وابستگی کی کمی کی خطرناک علامت ہے۔ انہوں نے کہا کہ لبنان پر حملے جنگ بندی مذاکرات کو بے معنی بنا دیں گے، ایران لبنانی عوام کو تنہا نہیں چھوڑے گا۔ ترک صدر اردوان کی ایرانی صدر مسعود پزشکیان سے ٹیلی فون پر گفتگو ہوئی، اس موقع پر ترک صدر نے کہا کہ پاکستان میں ہونے والے امریکا ایران مذاکرات کو پائیدار امن کے لیے استعمال ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ مذاکرات کو دیرپا امن کے حصول کے لیے انتہائی حد تک استعمال کیا جانا چاہیے۔ ترک صدر رجب طیب اردوان کا کہنا ہے کہ پاکستان میں ہونے والے امریکا ایران مذاکرات کو پائیدار امن کے لیے استعمال ہونا چاہیے۔ ترک صدارتی دفتر کے مطابق اردوان نے ایرانی صدر مسعود پزشکیان سے ٹیلیفون پر گفتگو کی۔ انہوں نے کہا کہ مذاکرات کو دیرپا امن کے حصول کے لیے انتہائی حد تک استعمال کیا جانا چاہیے۔ ترک صدر کا کہنا تھا کہ انتہائی اہم ہے کہ مذاکراتی عمل کو نقصان پہنچانے والوں کو موقع نہ دیا جائے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ نئے امن عمل میں ترکیے ہر طرح کی مدد کے لیے تیار ہے۔ واضح رہے کہ امریکا، اسرائیل اور ایران کی جنگ بندی کے بعد خلیجی ممالک پر جمعرات کے روز ایران کی جانب سے کوئی حملہ نہیں ہوا۔ عرب میڈیا کے مطابق سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، کویت، قطر اور عمان نے آج کوئی حملہ رپورٹ نہیں کیا۔

بقیہ — امن مذاکرات — 2

لیے اسلام آباد روانہ کرنے سے قبل امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے نائب صدر جے ڈی وینس کو ایران کے خلاف جاری جنگ سے نکلنے کا راستہ تلاش کرنے کی ہدایت کی۔ جے ڈی وینس کو ٹرمپ کے قریبی حلقے میں ایران جنگ کے حوالے سے نسبتاً محتاط آواز سمجھا جاتا ہے۔ وہ طویل عرصے سے بیرون ملک فوجی مداخلت کے ناقد رہے ہیں اور کھلی جنگ میں امریکی افواج کی شمولیت کے خلاف تحفظات کا اظہار کرتے رہے ہیں۔ ان کا دورہ ایسے وقت میں ہو رہا ہے جب جنگ بندی کمزور دکھائی دے رہی ہے اور اس کے ٹوٹنے کے خدشات بڑھ گئے ہیں۔ ایران کے مطالبات اور امریکا و اس کے اتحادی اسرائیل کے موقف کے درمیان خلیج کو ماہرین ناقابل مفاہمت قرار دے رہے ہیں۔ اسلام آباد میں ہونے والے مذاکرات میں اسٹیو وٹکاف اور جیرڈ کشنر بھی نائب صدر کے ہمراہ ہوں گے۔ دونوں شخصیات اس سے قبل ایرانی حکام کے ساتھ بالواسطہ مذاکرات کے تین ادوار میں شریک رہ چکی ہیں، جن کا مقصد ایران کے جوہری اور بیلسٹک پروگرام اور مشرق وسطیٰ میں اس کے حمایت یافتہ گروہوں سے متعلق امریکی خدشات کو دور کرنا تھا۔ یہ مذاکرات 28 فروری کو ایران کے خلاف شروع ہونے والی جنگ کے پس منظر میں ہو رہے ہیں، جس کے بعد امریکا اور اسرائیل نے مشترکہ کارروائیاں کی تھیں۔ تجزیہ کاروں کے مطابق یہ دورہ خطے میں کشیدگی کو کم کرنے کے لیے اہم ثابت ہو سکتا ہے، تاہم موجودہ صورتحال میں کسی بڑے بریک تھرو کے امکانات محدود دکھائی دیتے ہیں۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے آنے والے وفود کی مہمان نوازی اور سکیورٹی کیلئے ہر ممکن اقدامات یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ریڈزون کو مکمل سیل کیا جائے گا اور صرف متعلقہ افراد کو داخلے کی اجازت ہو گی۔ اسلام آباد مذاکرات کیلئے غیر ملکی وفود کی آمد کے حوالے سے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی زیر صدارت سکیورٹی و دیگر انتظامات سے متعلق خصوصی اجلاس ہوا جس میں امریکہ ایران مذاکرات کے حوالے سے تیاریوں اور سکیورٹی پلان کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے غیر ملکی مہمانوں کے لیے انتظامات کی ہدایت کی۔ محسن نقوی نے کہا کہ جنگ بندی کے بعد امریکہ ایران مذاکرات کا اسلام آباد میں انعقاد پاکستان کے لیے ایک اعزاز کی بات ہے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے آنے والے وفود کی مہمان نوازی اور سکیورٹی کیلئے ہر ممکن اقدامات یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ریڈزون کو مکمل سیل کیا جائے گا اور صرف متعلقہ افراد کو داخلے کی اجازت ہو گی، اس ضمن میں وزارت داخلہ میں کنٹرول روم قائم کر دیا گیا ہے۔ اجلاس میں وزیر مملکت داخلہ طلال چوہدری، وفاقی سیکرٹری داخلہ، چیف کمشنر، آئی جی اسلام آباد پولیس، کمشنر راولپنڈی، ڈی جی ایف آئی اے، ڈی سی اسلام آباد، رینجرز، فیڈرل کانسٹیبلری اور وزارت خارجہ کے نمائندوں نے شرکت کی۔ امریکا کے نائب صدر جے ڈی وینس نے کہا ہے کہ اگر ایران نے سنجیدگی کا مظاہرہ نہ کیا، چالاکی کی کوشش کی تو امریکی مذاکراتی ٹیم مثبت ردعمل نہیں دے گی۔ امریکا کے نائب صدر جے ڈی وینس نے ایران کے ساتھ مذاکرات میں امریکی وفد کی سربراہی کے لیے میری لینڈ سے پاکستان روانگی سے قبل ایئرپورٹ پر میڈیا سے گفتگو میں نائب صدر جے ڈی وینس نے کہا کہ امریکی صدر ٹرمپ کی گائیڈ لائن کے تحت مذاکرات میں حصہ لینے جا رہا ہوں، یقین ہے کہ ایران کے ساتھ مذاکرات مثبت رہیں گے۔ نائب صدر جے ڈی وینس نے کہا کہ اگر ایرانی قیادت نیک نیتی کیساتھ بات چیت پر آمادہ ہوئی تو امریکا بھی کھلے دل سے آگے بڑھنے کو تیار ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر ایران نے سنجیدگی کا مظاہرہ نہ کیا، چالاکی کی کوشش کی تو امریکی مذاکراتی ٹیم مثبت ردعمل نہیں دے گی۔ واضح رہے کہ وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت ایک اعلیٰ سطح کا مشاورتی اجلاس منعقد ہوا جس میں سیکورٹی حکام اور وفاقی کابینہ کے ارکان نے شرکت کی۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں عالمی تنازعات کے حل کے لیے پاکستان کی ثالثی کوششوں پر پیشرفت کا جائزہ لیا گیا اور ایران و امریکہ کے درمیان مذاکرات کی میزبانی کے لیے کیے جانے والے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اجلاس میں عالمی سطح پر ایران اور امریکہ کے مذاکرات کی میزبانی کے لیے تیاریوں پر اطمینان کا اظہار کیا اور کہا کہ پاکستان کی طرف سے کی جانے والی ثالثی کوششیں عالمی امن کے قیام میں اہم کردار ادا کر سکتی ہیں۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم نے اس اجلاس میں ایران اور امریکی وفود سے ملاقاتوں کے ایجنڈے پر بھی تبادلہ خیال کیا اور مختلف عالمی رہنماؤں سے ہونے والے رابطوں کے حوالے سے کابینہ کو اعتماد میں لیا۔ پاکستان کی جانب سے ایران۔امریکہ مذاکرات کی میزبانی کے انتظامات کو عالمی سطح پر سراہا جا رہا ہے، اور یہ فیصلہ پاکستان کی عالمی ثالثی کی کوششوں کو مزید مستحکم کرتا جا رہا ہے۔ پاکستان نے اسلام آباد مذاکرات 2026 کے شرکاء اور صحافیوں کے لیے ویزا پالیسی میں نرمی کا اعلان کر دیا ہے، جس کے تحت مندوبین اور صحافیوں کو پاکستان پہنچنے پر ویزا فراہم کیا جائے گا۔ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے اپنے ٹویٹ میں اس اہم فیصلے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان عالمی سطح پر مذاکرات کے شرکاء کا خیر مقدم کرے گا۔ پاکستان کی جانب سے تمام ایئر لائنز کو ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ وہ ویزا رکھنے والے مسافروں کو بورڈنگ کی اجازت دیں، اور اسلام آباد آمد پر ویزا جاری کیا جائے گا۔ مزید برآں، ایئرپورٹس پر شرکاء کے لیے خصوصی ڈیسک قائم کر دیے گئے ہیں تاکہ ان کے سفر میں آسانی پیدا کی جا سکے۔ حکام نے بتایا کہ اسلام آباد ٹاکس 2026 میں شریک ہونے والے تمام غیر ملکی مندوبین اور صحافیوں کے لیے خصوصی سفری سہولتیں فراہم کی جائیں گی، جبکہ متعلقہ اداروں کو ان کی مکمل معاونت کی ہدایت دی گئی ہے۔ پاکستان کی جانب سے یہ فیصلہ بین الاقوامی سطح پر آسان سفری سہولتوں کے ذریعے اسلام آباد میں ہونے والے مذاکرات کو کامیاب بنانے کے لیے کیا گیا ہے، اور یہ عالمی کمیونٹی کے لیے پاکستان کے مثبت قدم کو اجاگر کرتا ہے۔

بقیہ — تہنیتی قرارداد — 3

کرنے کی تحریک پیش کی قرارداد پیش کرنے کی اجازت ملنے پر صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو، صوبائی وزراء میر شعیب نوشیروانی، حاجی علی مدد جتک، حاجی نور محمد دمڑ، پارلیمانی سیکرٹریز محمد اصغر رند، حاجی ولی محمد نورزئی، بابو [illegible]، اراکین اسمبلی [illegible] بلوچ، اشوک کمار، فرح عظیم شاہ، شاہدہ رؤف کی جانب سے قرارداد پیش کرتے ہوئے کہا کہ یہ ایوان حالیہ بین الاقوامی تنازعہ میں ریاست پاکستان کی سفارتی اور حکومتی قیادت کی ثالثی کردار کو سراہتے ہوئے امریکہ اور ایران کے درمیان جنگ بندی کی خوش آئند پیش رفت پر اپنی دلی خوشی کا اظہار کرتا ہے اور اس سلسلے میں بروقت، متوازن، پر امن اور نتیجہ خیز کردار پر خراج تحسین پیش کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ایوان وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی اعلیٰ سفارتی بصیرت، بہترین قیادت اور عالمی امن کے لیے کی جانے والی بے مثال خدمات کو سراہتا ہے جنہوں نے تمام بین الاقوامی و علاقائی قوتوں سے مفاہمت اور پر امن حل کی راہ ہموار کی۔ انہوں نے کہا کہ یہ ایوان تسلیم کرتا ہے کہ پاکستان نے ایک ذمہ دار اور امن دوست قوم کی حیثیت سے عالمی قیادت کی توجہ حاصل کی جس کے نتیجے میں ممکنہ بڑے تنازعہ کو ٹالنے، بحران میں تبدیل ہونے سے روکا جس سے خطے اور دنیا میں امن و استحکام کا ماحول قائم ہوا بلوچستان اسمبلی کا یہ ایوان سفارتی اقدامات بلکہ وقار اور بین الاقوامی ساکھ میں اضافے کے لحاظ سے وزیراعظم پاکستان اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے کردار کو مثالی نمونہ قرار دیتے ہوئے نیز اس امر پر زور دیتا ہے کہ عالمی امن کے تحفظ کے لئے پاکستان کے سنجیدہ اور متوازن کردار کو مستقبل میں بھی مضبوطی سے جاری رکھا جائے۔

بقیہ — تھنک ٹینک — 4

میں پاکستان کے حوالے سے ایک بڑا اور مثبت یوٹرن دیکھنے میں آیا ہے۔ آئی پی ایس او ایس کی تازہ ترین رپورٹ کے مطابق، پاکستان کے ثالثی کردار کے باعث 70 فیصد عالمی رائے اب پاکستان کے حق میں مثبت ہو چکی ہے۔

بقیہ — وزیراعظم اعلان — 5

در پیٹرول کی قیمتوں میں کمی کا اطلاق آج رات 12 بجے سے ہوگا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج ہم جنگ بندی سے امن کی باتیں ہو رہی ہیں، جو فریقین کل تک میں آمنے سامنے تھے آج بات چیت پر تیار ہو چکے ہیں، اس پیش رفت پر برادر ملک ایران اور امریکی قیادت کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک میں میری جنگ بندی کی تجویز قبول کی، شکریہ ادا کرتا ہوں، دونوں ممالک کی قیادت اسلام آباد تشریف لا رہی ہے، اس میزبانی کا یہ شرف صرف پاکستان کیلئے نہیں عالم اسلام کیلئے باعث فخر ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ فیلڈ مارشل نے آگ کے شعلے بجھانے اور مذاکرات کرانے میں کلیدی کردار ادا کیا، فیلڈ مارشل عاصم منیر کی ان خدمات کو تاریخ ہمیشہ سنہری حروف میں یاد رکھے گی، درخواست ہے عوام دعا کریں کہ پاکستان مذاکرات کو کامیاب کرے۔ وزیراعظم نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے حوالے سے گفتگو میں کہا کہ وعدہ کیا تھا کہ جیسے ہی عالمی منڈی میں تیل کی قیمت کم ہوگی فائدہ عوام تک پہنچاؤں گا، آج عالمی منڈی میں تیل کی قیمت میں کمی ہوئی ہے

بقیہ — شہباز شریف — 6

ہاؤس کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق پاکستان کے ایک روزہ دورے پر آئے سعودی عرب کے وزیر خزانہ محمد بن عبداللہ الجدعان سے شہباز شریف نے ملاقات کی۔ اس ملاقات میں نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار اور چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر بھی شریک تھے۔ وزیراعظم نے سعودی مہمان کا خیر مقدم کرتے ہوئے خادم الحرمین الشریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز آل سعود اور ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان بن عبدالعزیز آل سعود کے لیے اپنے احترام اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ وزیراعظم نے ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان سے اپنی حالیہ گرمجوش اور خوشگوار ٹیلیفونک گفتگو کا تذکرہ کرتے ہوئے پاکستان کے لیے ولی عہد کی گہری محبت اور مملکت کی جانب سے پاکستان کو برسوں سے جاری اقتصادی و مالی معاونت کو سراہا اور کہا کہ اس محبت نے پاکستان کے معاشی استحکام میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

بقیہ — مولانا فضل الرحمٰن — 7

اکثریت کے باوجود ذوالفقار علی بھٹو نے قومی اتفاق رائے کو ترجیح دی۔ انہوں نے کہا کہ 1973 کا آئین حقیقی معنوں میں میثاق ملی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئین کے معماروں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مفکر اسلام مفتی محمود اور اپوزیشن قائدین کا کردار قابل فخر ہے۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ آئین کا اسلامی تشخص مذہبی جماعتوں کی دوراندیش قیادت کا مرہون منت ہے۔

بقیہ — بلاول بھٹو — 8

بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ ہماری پہلی ترجیح انعام نہیں بلکہ خطے میں پائیدار امن کا قیام ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی برادری کے پاس پلان بی کی گنجائش نہیں ہے، ہمیں ہر صورت پلان اے یعنی امن کو ہی کامیاب بنانا ہوگا۔ پی پی پی چیئرمین نے کہا کہ اس جنگ کے نتائج پوری دنیا کے لیے تباہ کن ہو سکتے ہیں۔

بقیہ — تشویش — 9

ندھیر جیسوال نے کہا کہ انڈیا کے لیے موجودہ صورتحال 'انتہائی پریشان کن' ہے، خصوصاً اس لیے کہ انڈیا اقوام متحدہ کی امن فوج یونیفل میں اپنے دستے تعینات کیے ہوئے ہے اور لبنان کے امن و استحکام میں براہ راست دلچسپی رکھتا ہے۔ ترجمان نے مزید کہا کہ لبنان میں جاری صورتحال پر انڈیا گہری نظر رکھے ہوئے ہے اور ملک کی اولین ترجیح وہاں موجود شہریوں کا تحفظ ہے۔

بقیہ — امریکی سینٹرل کمانڈ — 10

فوری میں بنیادی فوجی مقاصد حاصل کیے، ایران کی چار دہائیوں سے زیادہ کی فوجی تشکیل کو 40 دن سے کم عرصے میں تباہ کیا گیا۔

بقیہ — ہیکر گروپ — 11

بعد امریکا کے خلاف سائبر حملے عارضی طور پر روک دیے ہیں، تاہم دیگر اہداف کے خلاف اپنی کارروائیاں جاری رہیں گی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ہندالہ نامی اس گروپ نے اپنے ٹیلیگرام چینل پر جاری بیان میں کہا کہ اسے اعلیٰ قیادت کی جانب سے امریکا کے ساتھ براہ راست محاذ آرائی روکنے کی ہدایت دی گئی ہے۔

بقیہ — محدود کردیا — 12

ایک پرواز کی اجازت دے دی ہے۔ اس فیصلے کے بعد بھارتی ایئر لائنز کو بڑے مالی نقصان کا خدشہ پیدا ہو گیا ہے کیوں کہ انہوں نے دیگر ممالک کی ایئر لائنز کے مقابلے میں زیادہ پروازوں کی منصوبہ بندی کر رکھی تھی۔

بقیہ — سراہا — 13

نیدرلینڈز کے وزیر خارجہ نے دیرپا امن کیلئے پاکستان کی مسلسل کوششوں کی حمایت کا اظہار کیا۔ فریقین نے لبنان میں جنگ بندی کی سنگین خلاف ورزیوں پر تشویش کا اظہار کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق دونوں رہنماؤں کا پائیدار امن کیلئے جنگ بندی پر مکمل عملدرآمد یقینی بنانے پر زور دیا۔ دونوں ممالک نے تجارت، معیشت اور سرمایہ کاری کے شعبوں میں تعاون مزید مضبوط بنانے کے عزم کا بھی اظہار کیا۔

بقیہ — پاسداران انقلاب — 14

ہے کہ اگر حملے کی رپورٹس ہوئے تو یہ صیہونی حکومت یا امریکہ کا کام ہے۔ بیان میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ ایرانی افواج کسی ہدف کو نشانہ بنائیں گی تو جرات کے ساتھ اس کا اعلان کریں گی۔ قبل ازیں 8 اپریل کو امریکا اور ایران کے درمیان ہونے والی جنگ بندی کو عالمی سطح پر سراہا گیا ہے۔

بقیہ — وزیراعلیٰ — 15

کیا جو خستہ حالی کے باعث کھنڈرات کا منظر پیش کر رہا تھا حکومت بلوچستان کی جانب سے اس اہم روحانی، تاریخی اور ثقافتی ورثے کی بحالی کے لیے 18 ملین روپے کے خصوصی فنڈز فراہم کیے گئے۔ منصوبے کی تعمیر نو، بحالی اور تزئین و آرائش کی ذمہ داری ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کو سونپی گئی جس نے ملک کے ممتاز اداروں، خصوصاً والڈ سٹی لاہور اتھارٹی کی تکنیکی معاونت سے اسے قلیل مدت میں اعلیٰ معیار کے مطابق مکمل کیا۔ وزیر اعلیٰ نے منصوبے کی بروقت اور معیاری تکمیل پر ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے اسے ایک مثالی اقدام قرار دیا اور اعلان کیا کہ جھگڑو کے خداداد ان فورٹ اور تربت کے پنوں فورٹ سمیت دیگر تاریخی مقامات کی بحالی کی ذمہ داری بھی اسی ادارے کو سونپی جا رہی ہے

بقیہ — کرپٹو — 16

پیٹروکیمیکل مصنوعات برآمد کرنے والی یونین کے ترجمان حمید حسینی نے امریکی اخبار کو بتایا ہے کہ ایران اس اہم بحری گزرگاہ سے گزرنے والے ٹینکروں سے فی بیرل 1 ڈالر کے حساب سے فیس وصول کر رہا ہے۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ ایران چاہتا ہے کہ یہ ادائیگیاں کرپٹو کرنسی میں کی جائیں تاکہ پابندیوں کے باعث ان کی نگرانی نہ کی جا سکے اور انہیں ضبط نہ کیا جا سکے۔

بقیہ — وزیراعلیٰ — 17

پاکستان کے مؤثر، متوازن اور سفارتی کردار کے اعتراف میں منظور کی گئی مشترکہ تہنیتی قرارداد کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ یہ قرارداد ایوان بلوچستان کی سیاسی بصیرت، قومی یکجہتی اور ذمہ دارانہ طرز فکر کی عکاسی کرتی ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ پاکستان نے ایک امن پسند اور ذمہ دار ریاست کے طور پر عالمی سطح پر جس دانشمندانہ سفارت کاری کا مظاہرہ کیا ہے،

بقیہ — کروڑوں، چوری — 18

کے مطابق متاثرہ خاندان لیاقت بازار میں جیولر (سونار) کا کام کرتا ہے اور سکیورٹی خدشات کے پیش نظر روزانہ دکان بند کرتے وقت قیمتی زیورات اور نقدی اپنے ساتھ گھر لے آتا تھا۔ گزشتہ شب متاثرہ خاندان کے چھ گھرانے ایک کزن کی شادی میں شرکت کے لیے شادی ہال گئے ہوئے تھے۔ جب وہ صبح تقریباً 6 بجے واپس پہنچے تو دیکھا کہ گھروں کے بیرونی تالے درست تھے لیکن اندر داخل ہونے پر کمروں اور برآمدوں کے تالے ٹوٹے ہوئے تھے اور سارا سامان بکھرا ہوا تھا۔ متاثرہ شخص نذیر احمد کے مطابق ان کے گھر سے 50 کلو چاندی کے بلاکس، 60 لاکھ روپے نقدی اور 200 گرام سونا چوری ہوا۔ اسی طرح ان کے کزن شبیر احمد کے گھر سے 20 لاکھ نقدی، 78 گرام سونا اور لائسنس یافتہ پستول، خان محمد کے گھر سے 25 لاکھ نقدی اور 130 گرام سونا، جبکہ تیسرے کزن زبیر کے گھر سے 2 کلو چاندی اور 15 لاکھ روپے نقدی سمیت سونا چوری کر لیا گیا۔ متاثرہ خاندان کا کہنا ہے کہ چور اپنے ساتھ سی سی ٹی وی کی ڈی وی آر (DVR) بھی لے گئے، تاہم کالونی میں لگے دیگر کیمروں کی فوٹیج سے معلوم ہوا ہے کہ گھر والوں کے نکلنے کے تقریباً 17 منٹ بعد تین افراد موٹر سائیکل پر آئے اور واردات شروع کی۔ فوٹیج میں چار افراد چوری شدہ سامان کے ساتھ نکلتے ہوئے بھی دکھائی دیے ہیں۔

بقیہ — چین نے ایران — 19

ساتھ ساتھ پاکستان کے ساتھ مل کر جنگ بندی اور آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے کے لیے مشترکہ اقدام بھی پیش کیا گیا ہے، جس نے تہران کو ایک سفارتی راستہ فراہم کر دیا ہے۔ چینی حکام کے مطابق وانگ ای نے ثالثی کی کوششوں میں بیجنگ کی پوزیشن مضبوط کرنے کے لیے بین الاقوامی حکام کے ساتھ 26 ٹیلی فون کالز کیں۔

بقیہ — مالیاتی ادارے — 20

برج کو بھی بحال کر دیا گیا ہے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق مرمت اور تعمیر نو کے بعد کل شام پہلی ٹرین کاشان کے تاریخی یحییٰ آباد پل کے اوپر سے گزری۔ دوسری جانب ایرانی پاسداران انقلاب نے کہا ہے کہ جنگ بندی کے دوران کسی بھی ملک پر کوئی حملہ نہیں کیا۔ ایرانی پاسداران انقلاب گارڈز نے ایک بیان میں کہا ہے کہ اگر حملے کی رپورٹس ہیں تو یہ صیہونی حکومت یا امریکا کا کام ہے۔

بقیہ — ہائی الرٹ — 21

اقدامات، فول پروف سکیورٹی کو یقینی بنایا جا رہا ہے، سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کے احکامات کے مطابق ڈی پی او چکوال، ڈی پی او مری، ایس ایس پی آپریشنز، ایس ایس پی انویسٹی گیشن، چیف ٹریفک آفیسر، ڈویژنل ایس پیز، ایس ڈی پی اوز اور دیگر افسران خود فیلڈ میں موجود رہ کر ڈیوٹیز کی سپرویژن کر رہے ہیں، راولپنڈی پولیس کے 5 ہزار سے زائد افسران و اہلکار سکیورٹی کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں

بقیہ — موسم خوشگوار — 22

پنجگور، گوادر اور گردونواح میں بھی آندھی اور گرج چمک کے ساتھ بارش ہو سکتی ہے۔

بقیہ — ریسکیو کرلیا — 23

بحری جہاز ایم وی گولڈ آئم سے ہنگامی سگنل موصول ہوئے تھے۔ آئی ایس پی آر نے بتایا کہ ہنگامی سگنل کے بعد 18 افراد پر مشتمل عملے کو بحفاظت ریسکیو کر لیا گیا، ریسکیو کیے گئے افراد میں چین، بنگلا دیش، میانمار، ویتنام اور انڈونیشیا کے شہری شامل ہیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق پاک بحریہ کے جہاز پی این ایس تحسین نے انتہائی پیشہ ورانہ مہارت اور تجربے کا مظاہرہ کیا اور سرچ اینڈ ریسکیو آپریشن انجام دیا۔

بقیہ — مہنگائی — 24

9.12 فیصد سے بڑھ کر 12.15 فیصد ہو گئی۔ حالیہ ہفتے 28 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ ہوا، حالیہ ہفتے 8 اشیا سستی اور 15 کی قیمتیں مستحکم رہیں، ایک ہفتے میں ڈیزل 54.71 اور پیٹرول 17.86 فیصد مہنگا ہوا جب کہ حالیہ ہفتے ایل پی جی کی قیمتوں میں 8.61 فیصد اضافہ ہوا۔ ایک ہفتے کے دوران ٹماٹر کی قیمت میں 9.35، آلو 4.13، پیاز 3.84 اور انڈے کی قیمتوں میں 3.77 فیصد اضافہ ہوا جب کہ ایک ہفتے میں بیف، مٹن، بریڈ اور پکی ہوئی دال بھی مہنگی ہوئی۔ ادارہ شماریات کے مطابق چکن، آٹا، گھی اور کوکنگ آئل کی قیمتوں میں بھی کمی کی ریکارڈ کی گئی جب کہ لہسن 3.78 اور کیلے 3.39 فیصد سستے ہوئے ہیں۔

بقیہ — گورنر بلوچستان — 25

میر عاصم کرد گیلو، سینیٹر سعید الحسن مندوخیل اور طارق کھیتران سمیت صوبہ بھر سے سکھ برادری سے تعلق رکھنے والے مرد و خواتین کی بڑی تعداد نے شرکت کی، جس نے تہوار کو مزید پر مسرت بنایا۔ شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے گورنر مندوخیل نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستان میں تمام شہری خواہ ان کا تعلق اکثریت سے ہو یا اقلیت سے، کا ملک اور صوبے دونوں کی ترقی اور خوشحالی میں برابر کردار ہے۔

بقیہ — سینیٹر روبینہ خالد — 26

حقوق کی علامت ہے۔ 1973 کا آئین شہید ذوالفقار علی بھٹو کی قیادت میں قوم کو متفقہ آئینی ڈھانچہ فراہم کرنے کا تاریخی کارنامہ ہے، جمہوریت کا تسلسل آئین کی بالادستی سے مشروط ہے، ہر ادارے کو آئینی حدود میں رہ کر کام کرنا ہوگا۔

بقیہ — نماز جنازہ — 27

شریک ہوئے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق تہران میں کمال خرازی کے گھر پر یکم اپریل کو امریکا و اسرائیل نے فضائی حملہ کیا تھا، جس میں کمال خرازی شدید زخمی اور ان کی اہلیہ شہید ہو گئی تھیں۔

بقیہ — گھر مسمار — 28

میں فی الحال تقریباً 60 ہزار افغان مہاجرین مقیم ہیں، جن میں سے زیادہ تر کے پاس درست دستاویزات نہیں ہیں۔ انتظامیہ کا کہنا ہے کہ یہ مہاجرین سیکیورٹی خطرات، غیر قانونی رہائش اور مقامی وسائل پر دباؤ کا باعث بن رہے ہیں۔ ڈی ایس پی عنایت کا کہنا ہے کہ آپریشن کی نگرانی کرتے ہوئے میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ہم نے افغان مہاجرین کو واضح طور پر 24 گھنٹے کی مہلت دی تھی کہ وہ رضاکارانہ طور پر علاقہ چھوڑ کر واپس چلے جائیں، مہلت ختم ہونے کے بعد اب سخت کارروائی کا آغاز ہو چکا ہے۔ اب تک 100 سے زائد گھروں کو مسمار کیا جا چکا ہے۔ غیر قانونی ڈھانچوں کو مسمار کرنے کا سلسلہ جاری ہے کیونکہ غیر قانونی رہائش کا سلسلہ ہمیشہ کے لیے ختم ہو۔ عینی شاہدین کے مطابق، آپریشن کے دوران پولیس اور ضلعی انتظامیہ کی بڑی تعداد نے کاروائیاں کیں مختلف مقامات پر چھاپے مارے۔

بقیہ — ترسیلات زر — 29

، جو فروری کے مقابلے میں 17 فیصد زیادہ ہیں، مالی سال 2026 کے پہلے 9 ماہ میں مجموعی ترسیلات زر 30.3 ارب ڈالر ریکارڈ کی گئیں جو سالانہ بنیاد پر 8 فیصد زیادہ ہیں۔ خرم شہزاد نے بتایا کہ مالی سال 2025 کے 38 ارب ڈالر کے مقابلے میں مالی سال 2026 میں ترسیلات زر 41 ارب ڈالر سے تجاوز کرنے کی توقع ہے، بیرون ملک مقیم پاکستانی مسلسل ملکی معیشت کی ترقی اور مالی استحکام میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔

بقیہ — گیس شیڈول — 30

حکومت کی رٹ نہ ہونے کی وجہ سے گیس کی ترسیل کے نئے شیڈول سے قبل بھی کوئٹہ میں ایل پی جی گیس کا مصنوعی بحران پیدا کر کے اوگرا کی جانب سے 304.12 روپے فی کلو ایل پی جی کی فروخت کی بجائے دکانداروں نے 550 سے زائد میں فی کلو فروخت کر کے شہریوں کو لوٹنا شروع کر دیا ہے۔

بقیہ — قراردادیں منظور — 31

زئی تحصیل کربلا اور تحصیل سرانان پر مشتمل ایک نیا ضلع بنانے، پنشن بار بار کی بحالی کے لیے عملی اقدامات اٹھانے کی قراردادیں منظور جبکہ بلیلی میں قائم بحالی مرکز کو اے این ایف کے حوالے کرنے، گوادر سمیت دیگر علاقوں میں مشترکہ زمین کی کالونیوں کی زمین کے حوالے سے توجہ دلاؤ نوٹس کو نمٹا دیا گیا، پنجگور میں اسپورٹس کلبز کی زمین سے متعلق ڈپٹی کمشنر سے رپورٹ طلب۔ اجلاس کے آغاز پر اسپیکر نے ایوان کو آگاہ کیا کہ 7 اپریل کے اجلاس میں اسپیکر کی رولنگ کی روشنی میں آئی جی پولیس بلوچستان نے پارہ میں تین افراد کے قتل کے واقعہ جبکہ سیکرٹری صنعت و حرفت نے حب اور نصیر آباد میں چینی کی ترسیل میں حائل رکاوٹوں سے متعلق رپورٹس جمع کروا دی ہیں جو ارکان کو فراہم کر دی گئی ہیں۔

بقیہ — گیلپ سروے — 32

میں شامل 46 فیصد عوام نے کہا وہ ایک زبردست ڈیل کے بارے میں سن رہے ہیں۔ دوسری جانب اپسوس سروے میں کہا گیا کہ آٹھ اپریل کے بعد پاکستان سے متعلق عالمی تاثرات اکثر فیصد مثبت ہیں۔ پاکستان کی سفارتی کوششوں کو وسیع پیمانے پر سراہا جا رہا ہے۔ عالمی برادری جنگ بندی ممکن بنانے پر پاکستان کا شکریہ ادا کر رہی ہے۔

بقیہ — واپس چلے گئے — 33

چمن کیمپ میں افغان شہریوں کی رجسٹریشن کا عمل مکمل کیا جا رہا ہے۔

بقیہ — بھارتی آرمی چیف — 34

پر ہم اپنے اہداف کو تباہ کرنے کے وقت کا تعین کر رہے تھے۔ ان کا کہنا ہے کہ حملے کا وقت دو بجے، چار بجے یا کوئی بھی وقت ہو سکتا تھا۔ لیکن ہم نے یہ یقینی بنایا کہ ہم اس وقت عسکریت پسندوں کے کیمپوں پر حملہ کریں جب وہاں لوگ نماز پڑھ رہے ہوں کیونکہ سب کا خدا ایک ہی ہے۔

بقیہ — میزائل کا تجربہ — 35

کم بلندی پر پرواز اور تقریباً 7 ہیکٹر کے رقبے پر پھیلے اہداف کو راکھ میں تبدیل کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ ملک کی اکیڈمی آف ڈیفنس سائنس اور میزائل ایڈمنسٹریشن نے برقی مقناطیسی ہتھیاروں کے نظام، کاربن فائبر بموں اور مختصر فاصلے تک مار کرنے والے طیارہ شکن میزائل سسٹم کے تجربے بھی کیے ہیں۔

بقیہ — وزیراعلیٰ — 36

علامت ہے انہوں نے کہا کہ آئین پاکستان محض ایک قانونی دستاویز نہیں بلکہ ریاست اور عوام کے درمیان ایک مضبوط عمرانی معاہدہ ہے جو ہر شہری کے حقوق اور ریاست کی ذمہ داریوں کا تعین کرتا ہے

بقیہ — نذرانہ پیش — 37

آئین و قانون کی بالادستی کے قیام اور ملکی دفاع کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے سکیورٹی فورسز کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز اور عوام کی عظیم قربانیاں ہرگز رائیگاں نہیں جائیں گی

بقیہ — پاکستان کی کاوشیں — 38

اظہار صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی، صوبائی وزیر ریونیو میر عاصم کرد گیلو، حاجی ولی محمد نورزئی اور دیگر اسمبلی اجلاس کے بعد میڈیا سے الگ الگ بات چیت کرتے ہوئے کیا صوبائی وزراء نے کہا ہے کہ خطے میں جاری جنگ کے دوران وزیراعظم میاں شہباز شریف اور فیلڈ مارشل کے کردار کو سراہتے ہیں میاں شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے کردار کو اعلیٰ نمونہ قرار دیتے ہیں ایران امریکہ تنازعہ میں وزیراعظم اور فیلڈ مارشل نے بہترین سفارتی کاری کی پاکستان نے ایک ذمہ دار اور امن دوست ریاست کی حیثیت سے عالمی قیادت کی توجہ حاصل کی بلوچستان کا یہ ایوان وزیراعظم پاکستان اور فیلڈ مارشل کی سفارتی بصیرت اور بہترین قیادت کو سراہتا ہے آج پاکستان کے ملکی وقار اور بین الاقوامی ساکھ میں اضافہ میں وزیراعظم پاکستان اور فیلڈ مارشل ایک بہترین نمونہ عالمی امن کے تحفظ کیلئے پاکستان کے سنجیدہ اور متوازن کردار کو مستقبل میں بھی مضبوطی ملے گی امید ہے کہ پاکستان کی کاوشیں رنگ لائیں

بقیہ — توفیق دے — 39

طویل عرصے تک یاد رکھا جائے گا۔ حاجی علی مدد جتک نے مرحوم کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو یہ صدمہ صبر و حوصلے کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق دے۔

بقیہ — میں اعلیٰ مقام — 40

ئے کہا کہ وہ اس غم کی گھڑی میں سوگوار خاندان کے ساتھ برابر کے شریک ہیں اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے آمین۔

بقیہ — خریدنے پر مجبور ہیں — 41

ن آزادی۔ ہائیکورٹ نے حکم دیا کہ رات 12 بجے تک گیس بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنائے اب تو دن کو لوڈشیڈنگ شروع کر دیا سوئی سدرن گیس نے ہائیکورٹ کا حکم صرف رمضان المبارک تک حکم برقرار رکھا رمضان المبارک گزرتے ہی 10 بجے گیس بند اب دن میں صرف 12 گھنٹے گیس کی فراہمی جاری ہے اپنے وسائل پر بلوچستان کو سزا مل رہی ہے گیس لوڈشیڈنگ سے آئے روز حادثات رونما ہو رہے ہیں ان واقعات اور حادثات کی ذمہ دار گیس انتظامیہ ہے گیس حکام کی بار بار یقین دہانیوں کے باوجود مسئلے کو حل نہیں کر رہے ہیں گیس کی طویل لوڈشیڈنگ کے بعد لوگ ایل پی جی کے سلنڈر مہنگے داموں خریدنے پر مجبور ہیں۔

بقیہ — کے ساتھ برداشت — 42

انہوں نے کہا کہ مرحوم کی سیاسی بصیرت، قیادت اور عوامی خدمت کا جذبہ انہیں دیگر رہنماؤں سے ممتاز کرتا تھا ان کی خدمات کو ہمیشہ قدر و احترام کے ساتھ یاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ مرحوم نے اپنی طویل سیاسی زندگی میں جمہوری اقدار کے استحکام، عوامی حقوق کے تحفظ اور فلاحی سوچ کے فروغ کیلئے وقف کئے رکھی جو ان کے کردار کا نمایاں پہلو تھا۔ ان کی وفات سے پیدا ہونے والا خلا تادیر پُر نہیں ہو سکے گا انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، ان کی مغفرت فرمائے اور لواحقین کو اس صدمے کو صبر و جمیل کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق دے۔

بقیہ — کارروائی پولیس — 43

رہی ہے درین اثناء، سریاب پولیس کے عملے نے فائرنگ کے تبادلے کے بعد پولیس اہلکار اور راہگیر کو زخمی کرنے والے ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کر کے اسلحہ اور مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کر لی۔ پولیس کے مطابق گزشتہ روز سٹیلائٹ ٹاؤن کے علاقے نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے پولیس پر فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں ایک پولیس اہلکار اور راہگیر زخمی ہو گیا جس کی اطلاع ملنے پر ایس ایچ او سریاب نے علاقے کی ناکہ بندی کی جہاں ملزمان کو روکنے کی کوشش کی گئی تو انہوں نے پولیس پر فائرنگ کر دی پولیس کی جوابی فائرنگ میں ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کر کے اس کے قبضے سے ایک پسٹل اور مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کر لی جبکہ رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے ملزم کا دوسرا ساتھی فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا فرار ہونے والے ملزم کی گرفتاری کیلئے کوششیں شروع کر دی مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

بقیہ — اور پسماندگان — 44

ہوگیا ہے جو مدتوں تک پُر نہیں ہو سکے گا انہوں نے کہا کہ مرحوم ایک انتہائی شریف النفس باوقار اور اصول پسند شخصیت کے مالک تھے جنہوں نے اپنی پوری زندگی عوامی خدمت اور علاقے کی ترقی کے لیے وقف کر رکھی تھی میر سلیم احمد خان کھوسہ نے کہا کہ سردار ذوالفقار علی خان کھوسہ ایک مدبر اور زیرک سیاستدان تھے جنہوں نے اپنی سیاسی زندگی میں ہمیشہ عوام کے مسائل کے حل کے لئے آواز بلند کی بطور گورنر پنجاب اور ایک سینئر سیاسی رہنما، انہوں نے صوبے اور ملک کی خدمت میں نمایاں کردار ادا کیا ان کی سیاسی و سماجی خدمات کو ہمیشہ قدر کی نگاہ سے دیکھا جائے گا انہوں نے مزید کہا کہ مرحوم کی وفات سے پیدا ہونے والا خلا آسانی سے پُر نہیں ہو سکے گا اور ان کی کمی ہمیشہ محسوس کی جائے گی میر سلیم احمد خان کھوسہ نے مرحوم کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا کرے۔

بقیہ — طرح کھڑی رہے گی — 45

و اسلامی دنیا میں پاکستان کا وقار بلند کرنے جیسے تاریخی کارنامے بھی سرانجام دیے ان کا وژن ایک مضبوط، خودمختار اور عوام دوست پاکستان تھا۔ سینیٹر روزی خان کاکڑ نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ آئین کے تحفظ اور جمہوریت کی مضبوطی کیلئے کلیدی کردار ادا کیا۔ صدر آصف علی زرداری کے پہلے دور میں 18 ویں آئینی ترمیم کے ذریعے پارلیمان کو با اختیار بنایا گیا، صوبوں کو خودمختاری دی گئی اور آمریت کے باقی ماندہ اثرات کا خاتمہ کیا گیا، جو پاکستان کی جمہوری تاریخ کا ایک سنگ میل ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ 26 ویں اور 27 ویں آئینی ترامیم کے ذریعے بھی آئینی و جمہوری نظام کو مزید مستحکم کیا گیا، اداروں کے درمیان توازن کو بہتر بنایا گیا اور آئین کی بالادستی کو یقینی بنانے کیلئے اہم اقدامات کیے گئے۔ جو پاکستان پیپلز پارٹی کے آئین دوستی کے عزم کا تسلسل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج بھی پاکستان پیپلز پارٹی، بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں آئین کے تحفظ، جمہوریت کے استحکام اور عوام کے حقوق کے دفاع کیلئے بھرپور جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہے، اور کسی بھی قسم کی آئین شکنی کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔ سابق سینیٹر روزی خان کاکڑ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان پیپلز پارٹی شہید بھٹو کے مشن کی امین ہے اور ملک میں قانون کی بالادستی، پارلیمانی نظام کی مضبوطی اور وفاق کے استحکام کیلئے ہمیشہ چٹان کی طرح کھڑی رہے گی۔

بقیہ — یہاں سیاست — 46

ایک ناقابل تلافی نقصان ہے انہوں نے کہا کہ مرحوم نے اپنی پوری زندگی پشتونخوا میپ کے پلیٹ فارم سے جاری جدوجہد میں گزاری۔ وہ ایک ایسے رہنما تھے جنہوں نے مشکل حالات میں بھی حق کا ساتھ نہیں چھوڑا اور ہمیشہ مظلوم طبقے کی آواز بنے رہے۔ ان کا خاندان خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی کے وقت سے پارٹی کے ساتھ کھڑی رہی ہے جب یہاں سیاست کسی گناہ سے کم نہ تھی۔

بقیہ — بروئے کار لائیں — 47

سمارٹ فون فراہم کر دیا گیا ہے جس کا مقصد نوجوانوں میں تعلیمی رجحان کو فروغ دینا اور ان کی صلاحیتوں کی قدر افزائی کرنا ہے اسی طرح دو بیس اسکل ڈویلپمنٹ سنٹر کی پرنسپل اور عملے کے لئے ایک ملین روپے کی مالی معاونت بھی فراہم کر دی گئی ہے تاکہ ادارے کی کارکردگی کو مزید مؤثر بنایا جا سکے اور خواتین کو ہنر مند بنانے کے عمل کو تقویت دی جا سکے ضلعی انتظامیہ کا کہنا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان کی ہدایات پر عملدرآمد کو یقینی بناتے ہوئے عوامی فلاح و بہبود اور تعلیمی و سماجی ترقی کے منصوبوں کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جا رہا ہے ڈپٹی کمشنر [illegible] نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ضلعی انتظامیہ مستقبل میں بھی حکومت کی ہدایات کے مطابق ایسے اقدامات جاری رکھے گی تاکہ نوجوان اور باصلاحیت افراد کی حوصلہ افزائی ہو اور وہ اجتماعی بہبود کیلئے اپنی صلاحیتیں مزید بہتر طور پر عوامی خدمت کے لئے بروئے کار لائیں۔

بقیہ — کا مکمل خاتمہ ممکن — 48

1620 سیکورٹی اہلکار بھی ڈیوٹی سرانجام دیں گے۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی نے والدین، علماء کرام اور علاقے کے معززین سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنے بچوں کو پولیو کے قطرے ضرور پلوائیں تاکہ اس موذی مرض کا مکمل خاتمہ ممکن بنایا جا سکے۔

بقیہ — پورے کئے جارہے ہیں — 49

اور جمہوری آئین حاصل ہوا یہ دن پاکستان کی سیاسی تاریخ میں ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے جب تمام سیاسی جماعتوں نے مل کر ایک آئین کی منظوری دی جو نہ صرف اسلامی اصولوں پر مبنی تھا بلکہ جمہوری روایات کو بھی مستحکم کرنے کا عہد کرتا تھا۔ اس آئین نے پاکستان کو ایک مضبوط، مستحکم اور آئینی بنیاد فراہم کی جس نے ملک کے مستقبل کے لیے ایک واضح راستہ متعین کیا۔ میر علی حسن زہری نے مزید کہا کہ اس عظیم تاریخی لمحے میں قائد عوام کی قیادت میں پاکستان کے عوام کو ایک ایسا آئین ملا جو نہ صرف ان کے سیاسی حقوق کی ضمانت دیتا تھا بلکہ معاشرتی انصاف اور مساوات کے اصولوں پر بھی مبنی تھا۔ انہوں نے کہا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو کی جرات مندانہ قیادت اور سیاسی بصیرت نے پاکستان کو ایک ایسا آئین دیا جس میں عوام کے حق حکمرانی کو تسلیم کیا گیا اور ملک کو ایک جمہوری آئینی راستے پر گامزن کیا۔ ان کی جدوجہد اور عزم نے اس آئین کو تشکیل دینے میں کلیدی کردار ادا کیا جس کی بدولت پاکستان کی سیاست میں استحکام آیا اور عوام کو ایک متفقہ آئینی ڈھانچے کی شکل میں اپنی تقدیر کے فیصلے کرنے کا اختیار ملا۔ دریں اثناء اپنے بیان میں میر علی حسن زہری نے ترقیاتی کاموں کے حوالے سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ضلع حب میں حب ماسٹر پلان کے ذریعے سینکڑوں عوامی مفادات کے ترقیاتی منصوبوں پر عملدرآمد تیزی سے جاری ہے جن کی تکمیل سے عوام کو سہولیات کی فراہمی میں مزید بہتری آئے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ صدر آصف علی زرداری اور بلاول بھٹو زرداری کی مدبرانہ اور ولولہ انگیز قیادت اور سینئر رہنماؤں کے ساتھ مل کر پاکستان پیپلز پارٹی عوام میں اپنی جڑیں مزید گہری کر رہی ہے اور عوام سے کئے گئے وعدے پورے کئے جا رہے ہیں۔

بقیہ — تبدیلی دیکھیں گے — 50

کیلئے جامع منصوبہ بندی کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل اسٹاف کی کمی کو پورا کرنے کے لیے نئی بھرتیاں کی جائیں گی، جبکہ موجودہ عملے کی استعداد کار بڑھانے کے لئے خصوصی ٹریننگ پروگرامز شروع کئے جا رہے ہیں۔ وزیر صحت نے اس موقع پر صوبے میں حالیہ بیماریوں اور وبائی صورتحال پر قابو پانے کے لئے کئے گئے اقدامات کی تفصیلات سے آگاہ کیا انہوں نے کہا کہ ویکسینیشن مہمات کو تیز کیا جا رہا ہے، خاص طور پر بچوں اور خواتین کو مختلف بیماریوں سے محفوظ رکھنے کے لئے بڑے پیمانے پر آگاہی پروگرام بھی شروع کئے گئے ہیں بخت کاکڑ نے کہا کہ صوبائی حکومت صحت کے شعبے میں نجی اداروں کے تعاون کو بھی خوش آمدید کہتی ہے تاکہ عوام کو معیاری طبی سہولیات فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ بوجھ میں کمی لائی جا سکے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ آئندہ بجٹ میں صحت کیلئے خطیر رقم مختص کی جائے گی تاکہ صوبے کے ہسپتالوں میں جدید آلات، ایمبولینس سروس اور ادویات کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے وزیر صحت نے کہا کہ بلوچستان کے عوام صحت کے شعبے میں حقیقی تبدیلی دیکھیں گے۔

بقیہ — توفیق عطا فرمائیں — 51

مات سرانجام دیں وہ تاریخ کا معتبر حصہ رہیں گی ان کی سیاسی بصیرت عوامی وابستگی اور قومی سطح پر کردار ہمیشہ قدر و احترام کی نگاہ سے دیکھے جائیں گے اور انہیں طویل عرصے تک یاد رکھا جائے گا میر اسرار اللہ خان زہری نے آخر میں سوگوار خاندان سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کریں اور پسماندگان کو صبر و جمیل توفیق عطا فرمائیں۔ آمین۔

بقیہ — احمد خان لونی نے کی — 52

کزی کمیٹی کے رکن نعمت شیوزئی، صوبائی کمیٹی کے رکن شیر علی ناصر، پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے ضلعی سیکرٹری فرید خان کبزئی اور مولوی فضل کریم اخوند نے کہا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ عوام کی معاشی کمر توڑنے کے مترادف ہے مقررین نے کہا کہ پیٹرول، ڈیزل اور گیس کی قیمتوں میں اضافے کے باعث نہ صرف ٹرانسپورٹ بلکہ اشیائے خورد و نوش اور دیگر بنیادی ضروریات زندگی کی قیمتیں بھی بڑھ چکی ہیں، جس سے عام آدمی کی زندگی شدید متاثر ہو رہی ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت فوری طور پر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کرے، بصورت دیگر احتجاجی تحریک کو مزید وسعت دی جائے گی۔ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی ضلع سبی کے زیر اہتمام پارٹی ہدایات کے مطابق پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافے، امن و امان کی ابتر صورتحال، چوری ڈکیتی کی بڑھتی وارداتوں، بجلی و گیس کی طویل لوڈشیڈنگ، بلوں میں اضافے اور کرک تلی ٹنل روڈ کی بندش کے خلاف ایک بھرپور احتجاجی مظاہرہ منعقد کیا گیا۔ مظاہرہ پارٹی کے ضلعی دفتر سے شروع ہو کر ریڈیو پاکستان روڈ، جاکرو روڈ، لیاقت بازار اور نشتر روڈ سے ہوتا ہوا سبی پریس کلب پہنچا، جہاں احتجاجی جلسہ منعقد ہوا۔ مظاہرے کی صدارت صوبائی ڈپٹی سیکرٹری احمد خان لونی نے کی

بقیہ — اور لواحقین کو — 53

دیانتداری اور اصول پسندی کو ہمیشہ مقدم رکھا ان کی وفات سے پاکستان بالخصوص صوبہ پنجاب ایک باوقار، مخلص اور عوام دوست سیاسی شخصیت سے محروم ہو گیا ہے۔ پیر سردار بابا غلام رسول خان عمرانی نے مزید کہا کہ مرحوم کی سیاسی، سماجی اور عوامی خدمات کو ہمیشہ سنہری حروف میں یاد رکھا جائے گا انتقال سے پیدا ہونے والا خلاء مدتوں پر نہیں ہو سکے گا انہوں نے سوگوار خاندان سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

بقیہ — پر آواز بلند کریگی — 54

اسمبلی ممبران کی کوئی حیثیت نہیں۔ عوام کے اعتماد ووٹ سے محروم لوگوں کو فارم 47 کے ذریعے مسلط کر دیا گیا ہے وسائل سے مالامال بلوچستان کے عوام آج مسائل کے دلدل میں پھنس گئے ہیں۔ ان حالات میں ہر طرف پریشانی مایوسی اور مشکلات ہیں مسائل کے حل کا اختیار اسلام آباد کے طاقتور طبقات کے پاس ہیں مگر وہ مسائل کے حل میں کوئی دلچسپی نہیں لے رہا جس کی وجہ سے بدعنوانی، ناانصافی اور زیادتیوں میں کمی کے بجائے اضافہ ہو رہا ہے پارلیمانی جمہوری جدوجہد کی راہ میں مشکلات رکاوٹیں کھڑی کی جاری ہیں جماعت اسلامی اس ظلم و جبر و زیادتیوں کے خلاف خاموش نہیں رہے گی بلکہ بھرپور مزاحمت کرتے ہوئے عوام کے حقوق کیلئے ہر فورم پر آواز بلند کریگی۔

بقیہ — مصروف العمل — 55

مرحوم عصمت اللہ اچکزئی فخر باچاخان کے ایک مخلص نظریاتی اور ثابت قدم رکن تھے جنہوں نے اپنی پوری زندگی پشتون قومی تحریک کیلئے وقف کر رکھی تھی عصمت اللہ اچکزئی جنہوں نے اپنے سیاسی سفر کا آغاز زمانہ طالب علمی سے کیا اور پشتون سٹوڈنٹس فیڈریشن کے پلیٹ فارم سے سرگرم عمل رہے قید و بند کے ایام گزارے پشتون سٹوڈنٹس فیڈریشن کے صوبائی صدر رہے اس دوران انہوں نے طلبہ کے حقوق جمہوری اقدار اور قومی شعور کی بیداری کیلئے نمایاں کردار ادا کیا ان کی تنظیمی صلاحیتوں نظریاتی وابستگی نے انہیں نوجوانوں میں ایک نمایاں مقام دلایا طلباء سیاست میں فعال کردار ادا کرنے کے بعد وہ باقاعدہ طور پر عوامی نیشنل پارٹی کے پلیٹ فارم سے مصروف العمل رہے

بقیہ — مسلسل نگرانی — 56

ین نے کہا کہ ہم تمام ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کیلئے پرعزم ہیں اور اس سلسلے میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے ہدایت کی کہ پشین میں واقع اسکان خان ڈیم کو 15 اگست 2026 تک ہر صورت میں مکمل کیا جائے چیئرمین نے مزید کہا کہ صوبے کے تمام اضلاع میں جاری ڈیمز کی تعمیر مقررہ وقت کے اندر مکمل ہونی چاہئے، اور وہ خود ان منصوبوں کی تکمیل کو یقینی بنانے کیلئے مسلسل نگرانی کریں گے۔

بقیہ — محمود اچکزئی — 57

حالات میں یہ بیان ہے کہ ہم بحیثیت اس ملک کے رہنے والوں کے آپ کے ساتھ خیر اور نیکی کے کام میں غیر مشروط حمایت کرتے ہیں۔ قرآن کریم کا بھی حکم ہے خیر اور تقویٰ کے کاموں میں ایک دوسرے سے تعاون کرو۔ تو یہ خیر اور ضروری کام ہے اس کام میں ہم غیر مشروط حمایت کرتے ہیں۔ محمود خان اچکزئی نے کہا کہ ابن السلطور ٹرمپ نے کہہ دیا ہے کہ میں اپنے مقاصد حاصل کر چکا ہوں اس کی انا کا مسئلہ ہے ان کا خیال تھا بلکہ ہم سب کا خیال تھا اگرچہ میرا نہیں تھا کہ خدانخواستہ ایران ایک ہفتہ کے اندر شکست سے دوچار ہو کر تسلیم ہو جائے گا۔ ایران نے تمام اسلام کی لاج رکھی ہے۔ میر تقی میر کا شعر' لے سانس بھی آہستہ کہ نازک ہے بہت کام'۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ دنیا کا سب سے طاقتور ملک ہے اس وجہ سے امریکن صدر کو دنیا کے تمام ملکوں کے ساتھ ایک شستہ انداز میں بات کرنی چاہیے یہ سٹریٹ فائٹرز کی طرح کہتا ہے کہ تہذیب کو ختم کر دونگا، قیامت برپا کر دونگا۔ خدا کو مانو دماغ ٹھیک ہے تمہارا؟ پھر ہٹلر اور سوئیکی کو لوگ کیوں بُرا کہتے ہیں؟ ایک صدر بیٹھ کر یہ کہے کہ میں شہباز شریف، نواز شریف، زرداری کو مارنا ہے جب مار دیا کہتا ہے کہ میں نے آج مار دیا اس قسم کے لوگوں کے واسطے یہ شہباز اینڈ کمپنی کا۔ اس کے ساتھ بہت احتیاط کرنا ہوگا میں نے کل بھی کہا تھا ہمارے دوست ہم سے پیسہ واپس لے رہے ہیں ان کا حق ہے۔ سیکر ہم ایک ایٹمی ملک جو جہاز، ٹینک بناتے ہیں جس کے ساتھ بہترین فوج ہے 25 کروڑ عوام کی بہترین آبادی ہے ہم اتنے گئے گزرے کیوں ہیں کہ ہم لوگوں کو ہاتھ پھیلا کے کہیں۔ میرا ایمان ہے پاکستان کے عوام پر بھروسہ کریں اس پارلیمنٹ کو طاقت کا سرچشمہ بنائیں پالیسیوں کے بننے کا مرکز پارلیمان ہو۔ یہ ملک دنیا جہاں کی نعمتوں سے بھرا پڑا ہے پھر ہم کیوں بھیک مانگتے ہیں اس لیے کہ ہم نے اپنی عوام پر بھروسہ نہیں کیا ہے۔ محمود خان اچکزئی نے کہا کہ خواجہ آصف بھائی مذاکرات جاری رکھیں شاید امریکہ نے ہم پر اس لیے بھروسہ کیا ہے کہ انہیں یقین ہے کہ گڑبڑ نہیں ہوگی جو میں کہنا چاہتا ہوں وہاں تک پہنچ جائے گا۔ ایرانیوں نے بھی بھروسہ کیا ہے اور حالات نے ہمیں یہ موقع فراہم کیا ہے کہ یہ آسمان سے ہمیں موقع تحفہ میں ملا ہے ہم نے بڑے طریقے سے اس کو نبھانا ہے۔ میں پھر درخواست کرتا ہوں پارلیمنٹ کی طرف آئیں عوام کی طرف آئیں جو کچھ پچھلے الیکشن میں ہوا آپ بھی جانتے ہیں ہم بھی جانتے ہیں۔ کوششیں کی گئیں کہ عمران خان کو توڑا جائے وہ بہادر آدمی ہے نہیں ٹوٹا ڈٹا رہا اب اُس کو یہاں تک نہ پہنچائیں کہ اُس کے لیے اور مشکلات پیدا کی جائیں۔ محمود خان اچکزئی نے کہا کہ عمران خان اس ملک کا رہنے والا ہے۔

بقیہ — صدمہ برداشت — 58

گا۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ مرحوم کی وفات ملکی سیاست کے لیے ایک بڑا نقصان ہے اور ان کی کمی دیر تک محسوس کی جائے گی۔ انہوں نے مرحوم کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا بھی کی۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور پسماندگان کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی توفیق دے۔ آمین۔

بقیہ — [illegible] کاروائی — 59

تعمیل کے بغیر خدمات فراہم کر رہے ہیں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور منسٹر فنانس میر شعیب نوشیروانی کے وژن کے تحت بی آر اے نے ٹیکس بیس کو وسعت دینے اور ڈیجیٹل معیشت کی دستاویز بندی کیلئے اقدامات تیز کر دیے ہیں۔ اتھارٹی کا کہنا ہے کہ ڈیجیٹل شعبے کو ٹیکس نظام میں شامل کرنے سے شفافیت میں اضافہ اور محصولات میں بہتری ممکن ہوگی۔ بی آر اے نے خبردار کیا ہے کہ قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے غیر رجسٹرڈ کاروباروں کے خلاف BSTS ایکٹ کے تحت جرمانے اور دیگر قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اتھارٹی نے تمام ڈیجیٹل سروس فراہم کنندگان کو ہدایت کی ہے کہ وہ فوری طور پر رجسٹریشن مکمل کریں اور اپنی ٹیکس ذمہ داریاں ادا کریں تاکہ کسی بھی تادیبی کارروائی سے بچا جا سکے۔

بقیہ — عطا فرمائے۔ آمین — 60

سا ایک سلجھے ہوئے، بااصول، مدبر اور عوامی خدمت کے جذبے سے سرشار رہنما تھے، جنہوں نے اپنی پوری سیاسی زندگی میں دیانتداری، اصول پسندی اور عوامی خدمت کو ہمیشہ مقدم رکھا انہوں نے کہا کہ مرحوم کی وفات سے ملک بالخصوص صوبہ پنجاب، ایک باوقار، مخلص اور عوام دوست سیاسی شخصیت سے محروم ہو گیا ہے انہوں نے کہا سردار ذوالفقار کھوسہ کی سیاسی، سماجی اور عوامی خدمات کو ہمیشہ سنہری حروف میں یاد رکھا جائے گا اور مرحوم کی خلاء مدتوں تک پر نہیں ہوگا، نواب ثناء اللہ خان زہری اور نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے سوگوار خاندان سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین۔

بقیہ — رقم واپسی — 61

ہیں۔ خیال رہے کہ پاکستان نے متحدہ عرب امارات کا قرض واپس کرنے کا فیصلہ کیا ہے، پاکستان 2 ارب ڈالر اسی مہینے کے آخر میں ابوظہبی کو واپس کرے گا، یہ رقم پاکستان کے اکاؤنٹ میں سیف ڈپازٹ کے طور پر موجود تھی۔

بقیہ — خدشات برقرار — 62

جہاز جن میں 325 آئل ٹینکرز شامل ہیں، خلیج میں پھنسے ہوئے ہیں۔ یاد رہے کہ یہ آبی راستہ دنیا بھر میں تیل اور ایل این جی کی تقریباً پانچواں حصہ ترسیل کرتا ہے اور عام حالات میں یہاں سے روزانہ 120 سے 140 جہاز گزرتے ہیں۔ امریکی صدر ٹرمپ نے ایران پر الزام عائد کیا ہے کہ وہ جنگ بندی معاہدے کی پاسداری نہیں کر رہا اور جہازوں کو محفوظ گزرگاہ فراہم نہیں کر رہا۔ انہوں نے سوشل میڈیا پر بیان دیتے ہوئے کہا کہ ایران تیل کی ترسیل کی اجازت دینے میں ناکام ہو رہا ہے۔ دوسری جانب ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے امریکا پر معاہدے کی خلاف ورزی کا الزام لگاتے ہوئے کہا ہے کہ واشنگٹن کو جنگ بندی اور مزید کشیدگی کے درمیان انتخاب کرنا ہوگا۔ ادھر متحدہ عرب امارات کی سرکاری آئل کمپنی ایڈناک کے سربراہ سلطان احمد الجابر نے واضح کیا ہے

بقیہ — حاصل کیے جائیں — 63

رجسٹریشن کا عمل جلد از جلد مکمل کیا جائے تاکہ ٹیکس نظام کو مؤثر بنایا جا سکے۔ اجلاس میں یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ جو زرعی مالکان جو ایگری کلچر ٹیکس جمع نہیں کروائیں گے، ان کے لینڈ ریکارڈ کو قانونی کارروائی کے لئے روک دیا جائے گا۔ ضلعی انتظامیہ نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ وہ اس حوالے سے اقدامات کو تیز کریں اور مقررہ وقت میں اہداف حاصل کیے جائیں۔ ایگری کلچر ٹیکس جمع نہیں کروائیں گے، ان کے لینڈ ریکارڈ کو قانونی کارروائی کے لئے روک دیا جائے گا۔ ضلعی انتظامیہ نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ وہ اس حوالے سے اقدامات کو تیز کریں اور مقررہ وقت میں اہداف حاصل کیے جائیں۔

بقیہ — جانور محفوظ رہ سکیں — 64

نے بتایا کہ یہ مشاہدہ علاقے میں جنگلی حیات کی موجودگی کا اہم ثبوت ہے اور اس سے اس نایاب نسل کے تحفظ کی اہمیت مزید بڑھ گئی ہے۔ عمران لچکی کے مطابق محکمہ جنگلات و جنگلی حیات نے فوری طور پر ٹیمیں تعینات کر دی ہیں تاکہ اس نایاب جانور کی حفاظت کو یقینی بنایا جا سکے اور اس کی بقاء کیلئے مؤثر اقدامات کیے جا سکیں سیکرٹری نے مزید کہا کہ محکمہ اس قیمتی اور نایاب نسل کے تحفظ کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہا ہے تاکہ آئندہ بھی اس طرح کے نایاب جانور محفوظ رہ سکیں۔ جنگلی حیات نے فوری طور پر ٹیمیں تعینات کر دی ہیں تاکہ اس نایاب جانور کی حفاظت کو یقینی بنایا جا سکے اور اس کی بقاء کیلئے مؤثر اقدامات کیے جا سکیں سیکرٹری نے مزید کہا کہ محکمہ اس قیمتی اور نایاب نسل کے تحفظ کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہا ہے تاکہ آئندہ بھی اس طرح کے نایاب جانور محفوظ رہ سکیں۔

بقیہ — غلامی کا ثبوت دیا — 65

نہ اور نام نہاد دہشتگردی کی جنگ میں لاکھوں مسلمانوں کے خون بہائے گئے آج بھی دنیا کے کونے کونے میں امت مسلمہ کے عالمی استعماری قوتوں کے ظلم کے نشانے پر ہے آج دنیا بھر میں امت مسلمہ کو بے بسی، اذیت ناک، انسانیت سوز مظالم کا سامنا ہے مسائل کا حل مسلم ممالک کے مابین اتحاد اور بہتر تعلقات میں مضمر ہے انہوں نے کہا کہ امریکہ خطے میں امن تباہ کرنے کیلئے خطرناک کھیل کھیلنے جا رہا ہے امریکہ اپنی پروردہ عالمی دہشت گرد اسرائیل کے ذریعے جنگ کو طول دینا چاہتا ہے انہوں نے کہا کہ افسوس ہے کہ ہمارے وزیراعظم خونخوار ٹرمپ کو امن نوبل انعام کا مستحق سمجھتے ہیں حکمرانوں نے امریکی غلامی کا ثبوت دیا۔ آج دنیا بھر میں امت مسلمہ کو بے بسی، اذیت ناک، انسانیت سوز مظالم کا سامنا ہے مسائل کا حل مسلم ممالک کے مابین اتحاد اور بہتر تعلقات میں مضمر ہے انہوں نے کہا کہ امریکہ خطے میں امن تباہ کرنے کیلئے خطرناک کھیل کھیلنے جا رہا ہے امریکہ اپنی پروردہ عالمی دہشت گرد اسرائیل کے ذریعے جنگ کو طول دینا چاہتا ہے انہوں نے کہا کہ افسوس ہے کہ ہمارے وزیراعظم خونخوار ٹرمپ کو امن نوبل انعام کا مستحق سمجھتے ہیں حکمرانوں نے امریکی غلامی کا ثبوت دیا۔

بقیہ — لی ون کی ملاقات — 66

۔ تائیوان کی اپوزیشن رہنما چینگ لی ون نے اس موقع پر کہا کہ ہمیں مل کر ایک جدید چینی معاشرہ تعمیر کرنا چاہیے۔

بقیہ — آپریشن بحال — 67

موجودہ صورت حال کے باعث پاکستان میں فضائی آپریشن شدید متاثر ہوا ہے جس کے نتیجے میں ملک بھر سے مجموعی طور پر 37 پروازیں منسوخ کر دی گئی ہیں۔ سب سے پہلے اردن کی قومی ایئر لائن نے امان سے بغداد کی 2 پروازیں آپریٹ کیں، فلائی دبئی نے بھی دبئی سے طویل روٹ اختیار کر کے بصرہ کی 2 پروازیں چلادیں۔

بقیہ — پروازوں کی بحالی — 68

یشنز کا دوبارہ آغاز کیا جائے گا۔ اس تناظر میں ایئر لائن نے مسافروں پر زور دیا ہے کہ وہ ایئر پورٹ روانہ ہونے سے قبل اپنی پروازوں کی تازہ ترین صورتحال کی تصدیق کر لیں، ساتھ ہی یہ بھی واضح کیا کہ مزید اپ ڈیٹس کمپنی کے آفیشل ذرائع سے نشر کی جائیں گی۔

صوبائی اسمبلی کے اجلاس میں ٹریفک حادثے میں شہید عبدالحفیظ کیازئی کیلئے دعائے مغفرت کی جا رہی ہے

امریکہ و ایران نے ہم پر بھروسہ کیا، ہمیں احتیاط کرنی ہوگی، محمود خان اچکزئی

ہمیں یہ موقع تحفہ میں ملا، ہم بحیثیت اس ملک کے رہنے والوں کے آپ کیساتھ خیر اور نیکی کے کام میں غیر مشروط حمایت کرتے ہیں

زرداری، نواز شریف صاحبان، شہباز بھائی اور عمران خان صاحب 70 کے عشرے میں ہیں، کم سے کم جمہوریت پر متفق ہوں، گفتگو

اسلام آباد (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین و تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ اور قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی نے قومی اسمبلی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جن حالات میں ہمارا خطہ ہے ہمیں ایک دوسرے کی جانب انگشت نمائی بند کرنی چاہیے، میں نے درخواست کی تھی کہ ہمارے اکابرین زرداری صاحب، نواز شریف صاحب، شہباز بھائی، عمران خان صاحب 70 کے عشرے میں ہیں کم سے کم جمہوری نکات پر متفق ہو کر اپنی پارلیمنٹ کی طرف آئیں۔ پاکستان کو جو موقع ملا ہے کوئی پاگل ہوگا کہ وہ اس پر خوش نہ ہو۔ اختلافات بہت زیادہ ہیں ہماری میٹنگ بھی میٹنگ میں سخت ترین مخالفین ہیں تحریک انصاف کے ساتھ واقعی بہت برا ہوا ہے ان کا بھی ان...... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

سردار ذوالفقار کھوسہ عوامی خدمت کے جذبے سے سرشار رہنما تھے، سردار کھیتران

مرحوم کی عوامی فلاح و بہبود کیلئے خدمات ناقابل فراموش ہیں، صوبائی وزیر پی ایچ ای

کوئٹہ (خ ن) سابق گورنر پنجاب سردار ذوالفقار علی خان کھوسہ کے انتقال پر صوبائی وزیر سردار عبدالرحمان کھیتران کی جانب سے گہرے رنج و غم کا اظہار کیا گیا ہے۔ اپنے تعزیتی پیغام میں سردار عبدالرحمان کھیتران نے کہا کہ سردار ذوالفقار علی خان کھوسہ ایک مدبر سیاستدان، نفیس انسان اور عوامی خدمت کے جذبے سے سرشار رہنما تھے انہوں نے اپنی سیاسی زندگی میں عوام کی فلاح و بہبود کیلئے نمایاں خدمات انجام دیں، جنہیں ہمیشہ یاد رکھا جائے...... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

نان رجسٹرڈ کاروبار ٹیکس نیٹ میں لانے کیلئے مہم کا آغاز کر دیا، بی آر اے

کارروائی بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز ایکٹ کے تحت کی جا رہی ہے، ترجمان

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ریونیو اتھارٹی نے صوبے میں خدمات فراہم کرنے والے غیر رجسٹرڈ ڈیجیٹل کاروبار کو ٹیکس نیٹ میں لانے کیلئے انفورسمنٹ مہم کا آغاز کر دیا ہے۔ یہ کارروائی بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز (BSTS) ایکٹ کے تحت کی جا رہی ہے اتھارٹی کے مطابق اس مہم کے تحت ڈیجیٹل میڈیا پلیٹ فارمز، آن لائن سروس فراہم کنندگان، کانٹینٹ کریئیٹرز، پروڈکشن ہاؤسز اور دیگر متعلقہ اداروں کو ہدف بنایا گیا ہے جو رجسٹریشن یا ٹیکس قوانین کی...... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

سردار ذوالفقار کھوسہ منجھے ہوئے سیاستدان تھے، نواب زہری

وفات ناقابل تلافی نقصان، عوام دوست سیاسی شخصیت سے محروم ہو گئے، سابق وزیراعلیٰ

سردار ذوالفقار کھوسہ کی سیاسی، سماجی اور عوامی خدمات ناقابل فراموش ہیں، امیر حمزہ زہری

خضدار (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، سابق وزیراعلیٰ بلوچستان چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری اور صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے سابق گورنر پنجاب سردار ذوالفقار کھوسہ کے انتقال پر گہرے رنج و غم اور افسوس کا اظہار کیا ہے انہوں نے اپنے مشترکہ تعزیتی بیان میں کہا کہ سردار ذوالفقار کھو...... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

ٹریفک حادثات، خواتین سمیت 5 افراد جاں بحق، 3 زخمی

لاہور (آئی این پی) دو مختلف ٹریفک حادثات میں خواتین سمیت 5 افراد جاں بحق، 3 زخمی ہو گئے۔ عارف والا میں چوک مرلے کے قریب دو تیز رفتار موٹر سائیکلوں میں تصادم کے نتیجے میں خاتون سمیت 3 افراد جاں بحق، 3 شدید زخمی ہو گئے۔ ریسکیو 1122 ٹیم نے لاشوں اور زخمیوں کو فوری طور پر ہسپتال منتقل کر دیا۔ نشتر کالونی کے قریب روڈ کراس کرتے ہوئے ماں بیٹی نامعلوم گاڑی کی ٹکر سے جاں بحق ہو گئیں، جاں بحق ہونے والوں کی شناخت ماریہ بی بی اور عالیشہ کے نام سے ہوئی

سوات، اتروڑ میں جرگہ کے دوران جھگڑا، پتھر لگنے سے ایک شخص جاں بحق

سوات (این این آئی) سوات کی وادی کالام کے نواحی علاقے اوتروڑ میں مختلف اقوام کے درمیان جاری جرگہ اس وقت افسوسناک صورتحال اختیار کر گیا جب فریقین کے درمیان تلخ کلامی بڑھتے بڑھتے ہاتھا پائی میں بدل گئی اور دیکھتے ہی دیکھتے پتھراؤ شروع ہو گیا جس کے نتیجے میں علاقے کی معروف شخصیت محمد ایاز عرف ایاز ٹھیکیدار ولد جالندر خان سر پر پتھر لگنے سے شدید زخمی ہو گئے، انہیں فوری طور پر طبی امداد کے لیے کالام اسپتال منتقل کیا گیا تاہم وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہو گئے، پولیس کے مطابق واقعے کی ابتدائی رپورٹ درج کر لی گئی ہے

سردار ذوالفقار علی کھوسہ ایک دور اندیش سیاستدان تھے، ذوالفقار علی مگسی

مرحوم اپنے علاقے اور قبیلے کیلئے ایک مضبوط ستون کی حیثیت رکھتے تھے، سابق گورنر

کوئٹہ (این این آئی) سینئر سیاستدان اور سابق گورنر بلوچستان نواب ذوالفقار مگسی نے سابق گورنر پنجاب سردار ذوالفقار علی خان کھوسہ کے انتقال پر گہرے رنج و غم اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے اسے ناقابل تلافی نقصان قرار دیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں انہوں نے کہا کہ سردار ذوالفقار علی خان کھوسہ ایک مدبر، دور اندیش اور باوقار سیاستدان تھے، جو نہ صرف اپنے علاقے بلکہ اپنے قبیلے کے لئے بھی ایک مضبوط ستون کی حیثیت رکھتے تھے...... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

بلیدہ میں فائرنگ سے نوجوان ہلاک، پولیس اہلکار کو زخمی کرنے والا ملزم گرفتار

بلیدہ میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے چاکر کو قتل کر دیا، پولیس تحقیقات کر رہی ہے

کوئٹہ میں گرفتار ملزم سے پسٹل و مسروقہ موٹر سائیکل برآمد، ساتھی فرار ہونے میں کامیاب

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلیدہ کے علاقے میں نامعلوم ملزمان نے فائرنگ کر کے نوجوان کو قتل کر دیا اور فرار ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز بلیدہ مناز کے علاقے میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے چاکر نامی نوجوان کو قتل کر دیا اور فرار ہو گئے نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئی مزید کارروائی پولیس کر...... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن اسمبلی اجلاس میں قرارداد پیش کر رہے ہیں

سردار ذوالفقار علی کھوسہ کا انتقال ناقابل تلافی نقصان ہے، سلیم کھوسہ

انتقال سے پیدا ہونے والا خلاء مدتوں تک پُر نہیں ہو سکے گا، صوبائی وزیر

نصیرآباد (نامہ نگار) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر و صوبائی وزیر میر سلیم احمد خان کھوسہ نے سابق گورنر پنجاب اور کھوسہ قوم کے چیف سردار ذوالفقار علی خان کھوسہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اپنے تعزیتی بیان میں میر سلیم احمد خان کھوسہ نے کہا کہ چیف سردار ذوالفقار علی خان کھوسہ کے انتقال کی خبر سن کر دلی صدمہ پہنچا ان کی وفات سے نہ صرف کھوسہ قوم بلکہ ملکی سیاست اور عوامی خدمت کے میدان میں ایک بڑا خلا پیدا...... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

شہید بھٹو نے پاکستان کو جمہوری، اسلامی اور وفاقی نظام دیا، روزی خان کاکڑ

شہید کا وژن مضبوط، خودمختار اور عوام دوست پاکستان تھا، سینئر رہنما پیپلز پارٹی

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و سابق سینیٹر روزی خان کاکڑ نے 10 اپریل کے موقع پر اپنے بیان میں کہا کہ ذوالفقار علی بھٹو نے 1973 کا آئین دے کر پاکستان کو ایک متفقہ، جمہوری، اسلامی اور وفاقی نظام عطا کیا، جو آج بھی ملکی استحکام، عوامی حقوق اور پارلیمانی بالادستی کی بنیاد ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہید بھٹو نے نہ صرف آئین دیا بلکہ ملک کو ایٹمی پروگرام کی بنیاد، مزدوروں اور کسانوں کو حقوق، خارجہ پالیسی میں خودمختاری ا...... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

عبدالستار اتمانخیل کی وفات ناقابلِ تلافی نقصان ہے، عبدالرحیم زیارتوال

مرحوم نے مشکل حالات میں بھی حق کا ساتھ نہیں چھوڑا، نماز جنازہ کے موقع پر گفتگو

لورالائی (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال نے پارٹی رہنما حاجی عبدالستار اتمانخیل کی نماز جنازہ اور تجہیز و تدفین کے موقع پر مرحوم کی وفات پر پارٹی چیئرمین ملی مشر محمود خان اچکزئی اور تمام کارکنان کی جانب سے انتہائی دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پارٹی لورالائی میں ایک مخلص، باصول اور عوام دوست سیاسی رہنما سے محروم ہو گئی ہے اور ان کی وفات نہ صرف ان کے خاندان بلکہ پارٹی کیلئے...... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

پنجگور، وزیراعلیٰ کی ہدایت پر وومین اسکل ڈویلپمنٹ سینٹر کیلئے 1 ملین فراہم

نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والی طالبہ کی حوصلہ افزائی، سمارٹ فون سے نوازا گیا

پنجگور (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کی جانب سے ضلع پنجگور کے حالیہ دورے کے موقع پر جاری کردہ ہدایات پر فوری عملدرآمد کرتے ہوئے ضلعی انتظامیہ نے اہم اقدامات مکمل کر لئے ہیں ڈپٹی کمشنر پنجگور عبدالکبیر زرکون کے مطابق وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر ایک ذہین اور نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والی طالبہ کی حوصلہ افزائی کے طور پر...... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

امریکہ ایران تنازعہ ختم کرنے میں وزیراعظم و فیلڈ مارشل کا کردار اہم ہے، صوبائی وزراء

پاکستان کے ساتھ غداری کرنے والے آج بوکھلاہٹ کا شکار ہیں، صوبائی وزراء میر ضیاء اللہ لانگو، میر شعیب نوشیروانی

آج پاکستان نے ذمہ دار اور امن دوست ریاست کی حیثیت سے عالمی سطح پر شہرت حاصل کی، عاصم کرد گیلو، حاجی ولی نورزئی

آج پوری دنیا پاکستان کی امن کیلئے کوششوں کی معترف ہے، اسمبلی اجلاس کے بعد وزراء کی میڈیا سے گفتگو

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزراء نے کہا ہے کہ پاکستان نے ایران اور امریکہ جنگ میں کردار ادا کر کے یہ ثابت کر دیا کہ پاکستان ایک پرامن اور جمہوری ملک ہے وہ خطے میں امن برقرار اور بین الاقوامی سطح پر بھی جنگوں کے خلاف ہے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور وزیراعظم کی کوششوں کی بدولت آج ایران امریکہ اور اسرائیل کی سیز فائر روک دی گئی ہے جس پر ہم انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہیں پاکستان کے ساتھ غداری کرنے والے ممالک آج بوکھلاہٹ کے شکار ہیں پاکستان ایک مضبوط ریاست تھا اور تا حیات قائم و دائم رہے گا ان خیالات کا...... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

سردار ذوالفقار احمد کھوسہ باوقار سیاستدان تھے، علی مدد جتک

مرحوم کی عوامی خدمات ناقابل فراموش ہیں، صوبائی وزیر و رہنما پیپلز پارٹی

کوئٹہ (خ ن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک نے سابق گورنر پنجاب اور سینئر سیاستدان سردار ذوالفقار احمد خان کھوسہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اپنے تعزیتی بیان میں انہوں نے کہا کہ سردار ذوالفقار احمد خان کھوسہ ایک مدبر، باوقار اور تجربہ کار سیاستدان تھے، جنہوں نے ملکی سیاست میں نمایاں خدمات سرانجام دیں۔ ان کی سیاسی و عوامی خدمات کو ہمیشہ قدر کی نگاہ سے دیکھا جائے گا اور انہیں...... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

ڈیرہ مراد جمالی، ٹریفک حادثے کا زخمی نوجوان چل بسا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی قومی شاہراہ پر حادثے میں زخمی نوجوان جاں بحق ہو گیا پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے قریب نوتال بختیار آباد کے درمیانی ایریا قومی شاہراہ پر ایرانی پٹرول فروخت کرنے والا نوجوان عبدالرزاق کھوسو گزشتہ روز روڈ حادثے میں زخمی ہوا تھا دوران علاج مقامی ہسپتال میں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ دیا متوفی صحبت پور کا رہائشی، واقعہ کی تحقیقات مقامی پولیس کر رہی ہے۔

سردار ذوالفقار علی کھوسہ زیرک سیاسی رہنماء تھے، صوبائی وزیر داخلہ

مرحوم کا تجربہ ملک و قوم کیلئے قیمتی اثاثہ تھا، میر ضیاء اللہ لانگو

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے بزرگ و سینئر سیاستدان سردار ذوالفقار علی خان کھوسہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اپنے جاری کردہ تعزیتی بیان میں میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ سردار ذوالفقار علی خان کھوسہ کی سیاسی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا وہ ایک زیرک اور معاملہ فہم رہنماء تھے جن کی رہنمائی اور تجربہ ملک و قوم کا قیمتی اثاثہ تھے انہوں نے مرحوم کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہو...... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

تربت 2 افراد کی نعشیں برآمد

کوئٹہ (این این آئی) تربت کے علاقے سے پولیس نے 2 افراد کی نعشیں قبضے میں لے لی، پولیس کے مطابق جمعہ کو تربت کے علاقے کیچ کور حفاظتی بند کے قریب سے پولیس نے اطلاع ملنے پر 2 افراد کی نعشیں قبضے میں لیکر ہسپتال پہنچا دی جن کی شناخت مسلم ولد حاجی داد سکنہ بلیدہ اور صادق ولد نور اللہ کے نام سے ہوئی، جنہیں فائرنگ کر کے ہلاک کیا گیا تھا۔ پولیس نے نعشیں ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے اور مقدمہ درج کر کے مزید کارروائی شروع کر دی۔

کارکن گیس انتظامیہ کیخلاف احتجاج کی تیاری کریں، قاری مہر اللہ

گیس انتظامیہ کی ہٹ دھرمی حد سے زیادہ گزر چکی اب مزید خاموشی برداشت نہیں

کمپنی یقین دہانیوں کا سہارا لیتی جبکہ مسئلہ حل ہونے کا نام ہی نہیں لے رہی، رہنماء جمیعت

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری مہر اللہ نے کہا گیس لوڈشیڈنگ پر گیس انتظامیہ کے خلاف تمام یونٹس احتجاج کی تیاریاں کرے گیس انتظامیہ کی ہٹ دھرمی حد سے گزر چکی ہے اب مزید خاموشی برداشت نہیں عدلیہ گیس لوڈشیڈنگ پر فوری طور پر نوٹس لیا جائے سوئی سدرن گیس نے ہائیکورٹ کی حکم کی دھجیاں...... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

سپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی سے صوبائی وزراء و ارکان اسمبلی ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ: ڈی سی مہر اللہ بادینی انسداد پولیو مہم کے انتظامات کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

امارات کو رقم کی واپسی، اپٹما کا 2 ارب ڈالر اسٹیٹ بینک میں جمع کروانے پر غور

آل پاکستان ٹیکسٹائل ملز ایسوسی ایشن کی جانب سے متحدہ عرب امارات کو رقم کی واپسی کے بعد حکومت کو متبادل حل دے دیا

حکومت کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں، کوئی مسئلہ نہیں آنے دیں گے، سب سے پہلے پاکستان ہے، چیئرمین کامران ارشد کا بیان

لاہور (بیورو رپورٹ) آل پاکستان ٹیکسٹائل ملز ایسوسی ایشن (اپٹما) کے صنعت کاروں نے 2 ارب ڈالر کا فنڈ اسٹیٹ بینک میں جمع کروانے پر غور کر لیا۔ اپٹما نے متحدہ عرب امارات کی رقم کی واپسی کے بعد حکومت کو متبادل حل دے دیا۔ لاہور سے جاری بیان میں چیئرمین اپٹما کامران ارشد نے کہا کہ ہم حکومت کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں، کوئی مسئلہ نہیں آنے دیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ امن مذاکرات کے بعد وزیراعظم سے مل کر اس مسئلے کا حل نکال لیں گے، سب سے پہلے پاکستان، اپٹما نے ہمیشہ اس عہد کو نبھایا ہے۔ پاکستان نے متحدہ عرب امارات کا قرض واپس کرنے کا فیصلہ کر لیا انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان آئی ایم ایف کی تمام شرائط پوری کر چکا ہے، برآمدات تیزی سے بڑھ رہی...... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

پولیو مہم کا افتتاح، کوئٹہ میں 4 لاکھ بچوں کو ویکسین پلانے کا ہدف

ڈی سی نے بچوں کو قطرے پلا کر مہم کا افتتاح کیا، 1620 ٹیمیں حصہ لیں گی، 445 سپروائزر نگرانی کریں گے، افسران کی بریفنگ

موذی مرض کے خاتمے کیلئے والدین اپنے بچوں کو پولیو کے قطرے ضرور پلوائیں، زیر صدارت اجلاس سے مہر اللہ بادینی کا خطاب

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی نے بچوں کو پولیو کے حفاظتی قطرے پلا کر 13 اپریل سے شروع ہونے والی پانچ روزہ انسداد پولیو مہم کا باقاعدہ افتتاح کر دیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی زیر صدارت پولیو مہم کی سیکیورٹی اور دیگر انتظامی تیاریوں کے حوالے سے ایک اجلاس بھی منعقد ہوا، جس میں متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں 13 اپریل سے شروع ہونے والی پانچ روزہ انسداد پولیو مہم کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ اس مہم کے دوران ضلع کے 4 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو کے حفاظتی قطرے پلائے جائیں گے۔ اس مہم میں 1620 ٹیمیں حصہ لیں گی، جبکہ 445 سپروائزران ٹیموں کی نگرانی کریں گے۔ سیکیورٹی کے مؤثر انتظامات کے تحت...... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

سیکرٹری صحت مجیب الرحمٰن صوبہ بھر کے ایم ایس اور ڈی ایچ اوز کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

آبنائے ہرمز مکمل نہ کھل سکی، دنیا میں عالمی توانائی بحران کے خدشات برقرار

600 سے زائد بڑے بحری جہاز جن میں 325 بڑے آئل ٹینکرز شامل ہیں، خلیج میں پھنسے ہوئے ہیں

دو روز میں صرف 17 مال بردار اور آئل ٹینکر بحری جہاز آبنائے ہرمز سے گزر سکے، شپ بریکنگ ڈیٹا

تہران (م ڈ) امریکا اور ایران کے درمیان جنگ بندی کے اعلان کے باوجود آبنائے ہرمز میں بحری آمد و رفت تاحال انتہائی محدود ہے، جس کے باعث عالمی سطح پر توانائی کے بحران کے خدشات کم ہونے کے بجائے برقرار ہیں۔ شپ ٹریکنگ ڈیٹا کے مطابق جنگ بندی کے بعد بھی صرف چند جہاز ہی اس اہم گزرگاہ سے گزر سکے ہیں، بدھ کے روز 5 جہازوں نے آبنائے ہرمز عبور کی، جبکہ جمعرات کو صرف 7 جہاز گزرے۔ مارکیٹ انٹیلی جنس فرم کپلر کے مطابق صورتحال اب بھی غیر یقینی ہے اور جہاز مالکان محتاط رویہ اختیار کیے ہوئے ہیں، جس کے باعث یومیہ صرف 10 سے 15 جہازوں کی محدود آمد و رفت ممکن ہو سکتی ہے، وہ بھی اگر جنگ بندی برقرار رہتی ہے تو۔ رپورٹس کے مطابق 600 سے زائد...... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

رکھنی و گرد و نواح میں زلزلے کے جھٹکے، شدت 4.8 ریکارڈ

رکھنی (یو این اے) ضلع بارکھان کی تحصیل رکھنی اور اس کے گرد و نواح میں زلزلے کے شدید جھٹکے محسوس، جس کے باعث شہریوں میں شدید خوف و ہراس پھیل گیا۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق ریکٹر اسکیل پر زلزلے کی شدت 4.8 ریکارڈ کی گئی زلزلے کے جھٹکے محسوس ہوتے ہی لوگ خوفزدہ ہو کر اپنے گھروں اور دکانوں سے باہر کھلے مقامات پر نکل آئے۔ رپورٹس کے مطابق رکھنی شہر کے ساتھ ساتھ ملحقہ دیہی علاقوں میں بھی زمین لرزنے کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق زلزلے کے نتیجے میں فی الحال کسی جانی یا مالی نقصان کی اطلاع نہیں ملی ہے۔

کوئٹہ: ایم پی اے انجینئر زمرک اچکزئی لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

زرعی زمینوں کے مالکان کی رجسٹریشن کا عمل مکمل کیا جائے، اے ڈی سی ریونیو

اقدامات تیز اور مقررہ وقت میں اہداف حاصل کئے جائیں، حافظ محمد طارق

کوئٹہ (خ ن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) حافظ محمد طارق کی زیر صدارت کوئٹہ کی زرعی زمینوں پر ایگری کلچر ٹیکس کے حوالے سے ایک اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر سٹی، اسسٹنٹ کمشنر کچلاک، اور متعلقہ سب ڈویژنز کے تحصیلداران و پٹواریوں نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران کوئٹہ کی زرعی زمینوں سے متعلق تفصیلی رپورٹ مرتب کی گئی اور مختلف امور کا جائزہ لیا گیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) نے ہدایت کی کہ زرعی زمینوں کے مالکان کی...... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں 4 اراکین کی رخصت کی درخواستیں مسترد

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں چار اراکین کی رخصت کی درخواستیں مسترد، جمعہ کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں سیکرٹری اسمبلی نے ارکان اسمبلی عبدالمجید بادینی، حاجی محمد خان لہڑی، صمد گورگیج اور روی پاہوجہ کی رخصت کی درخواستیں ایوان میں منظوری کیلئے پیش کیں جنہیں ایوان نے مسترد کر دیا۔

جانوروں کی حفاظت کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں گے، سیکرٹری فاریسٹ

ہنگول نیشنل پارک میں شاندار پرشین چیتے کی موجودگی ریکارڈ کی گئی، عمران لچکی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ضلع لسبیلہ میں واقع ہنگول نیشنل پارک میں نایاب پرشین چیتے کی موجودگی دیکھنے میں آئی ہے سیکرٹری محکمہ فاریسٹ اینڈ وائلڈ لائف بلوچستان عمران لچکی نے بتایا ہے کہ ہنگول نیشنل پارک کے سپٹ کے علاقے کے قریب واقع ایک نیول کیمپ میں 6 اپریل 2026 کو تھرمل امیجنگ کے ذریعے ایک نایاب اور شاندار فارسی چیتے کی موجودگی ریکارڈ کی گئی ہے، جو خطے کے نہایت کم نظر آنے والے شکاریوں میں شمار ہوتا ہے۔ انہوں...... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر



لورالائی: پشتونخوا میپ کے رہنما حاجی عبدالستار اتمانخیل کی نماز جنازہ میں عبدالرحیم زیارتوال، ڈاکٹر حامد اچکزئی و دیگر شریک ہیں

امریکہ نے نام نہاد جنگ میں لاکھوں مسلمانوں کا خون بہایا، جمعیت نظریاتی

مسلمان متحد نہ ہوئے تو ہر ملک کو اس جنگ کا خمیازہ بھگتنا پڑیگا، مولانا عبدالقادر لونی، مفتی شفیع الدین، مولانا عبدالروف

مسائل کا حل مسلم ممالک کے مابین اتحاد اور بہتر تعلقات میں مضمر ہے، مولانا ڈاکٹر شمس الہدیٰ، نجیم خان ایڈووکیٹ

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے قائمقام امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین مرکزی نائب امیر مولانا عبدالروف سرپرست اعلیٰ مولانا ڈاکٹر شمس الہدیٰ مرکزی ڈپٹی جنرل سیکرٹری نجیم خان ایڈووکیٹ مرکزی جوائنٹ سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی مرکزی ناظم دعوت قاری مہر اللہ سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ مرکزی ڈپٹی سیکرٹری مالیات صوبائی امیر خیبر پختونخوا قاضی گل الرحمان نقیال صوبائی امیر پنجاب مولانا ثناء اللہ صوبائی امیر سندھ مولانا عزیز احمد شاہ امروٹی و دیگر نے کہا کہ عالم اسلام متحد نہ ہوا تو ہر ملک کو جنگ کا خمیازہ بھگتنا پڑیگا امریکہ کی جارحیت اور فساد کی جارحا...... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

10 اپریل پاکستان کی تاریخ میں سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے، علی حسن زہری

شہید ذوالفقار علی بھٹو کی بدولت وطن عزیز کو متفقہ اسلامی اور جمہوری آئین حاصل ہوا، رہنما پی پی

حب (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، ترجمان صدر آصف علی زرداری و پی پی پی کے سینئر نائب صدر بلوچستان میر علی حسن زہری نے قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ 1973 کے متفقہ آئین کی تیاری اور منظوری میں قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو کا کردار انتہائی اہم تھا۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ 10 اپریل 1973 پاکستان کی تاریخ کا وہ سنہرا دن ہے جب اس وطن عزیز کو اس کا متفقہ اسلامی...... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

صحت کے مسائل دہلیز پر حل کرنے کیلئے اقدامات اٹھا رہے ہیں، بخت کاکڑ

مراکز صحت کو جدید سہولیات سے آراستہ کرنے کیلئے جامع منصوبہ بندی جاری ہے، صوبائی وزیر

کوئٹہ (اے این این) وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ صوبے میں صحت کے شعبے کی بہتری حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، اور موجودہ حکومت عوام کو بنیادی طبی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کرنے کے لئے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں ہسپتالوں اور بنیادی مراکز صحت کو جدید سہولیات سے آراستہ کرنے...... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

سردار ذوالفقار کھوسہ کی سیاسی خدمات ناقابل فراموش ہیں، اسرار زہری

مرحوم ایک مدبر و باوقار سیاسی شخصیت تھے، سربراہ بی این پی (عوامی)

خضدار (بیورو رپورٹ) بلوچستان نیشنل پارٹی (عوامی) کے سربراہ و سابق وفاقی وزیر میر اسرار اللہ خان زہری نے چیف سردار تمندار کھوسہ اقوام سردار ذوالفقار احمد خان کھوسہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے انہوں نے اپنے تعزیتی پیغام میں کہا کہ خبر نہایت رنج و غم کے ساتھ موصول ہوئی ہے مرحوم نہ صرف ایک مدبر اور باوقار سیاستدان تھے بلکہ قبائلی روایات، ملنساری اور شرافت کے اعلیٰ اوصاف کے حامل انسان بھی تھے میر اسرار اللہ خان زہری کہا کہ سردار ذوالفقار احمد خان کھوسہ نے ملکی سیاست میں جو خد...... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کرے، پشتونخوا نیپ

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ متوسط طبقے پر مہنگائی مسلط کرنے کے مترادف ہے، اللہ نور کاکڑ، احمد خان لونی

سڑکوں کی ناگفتہ بہ حالت نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی، لورالائی، سبی، ہرنائی میں احتجاجی مظاہروں سے رہنماؤں کا خطاب

لورالائی، سبی، ہرنائی (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے زیر اہتمام پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافے کے خلاف ملک گیر جاری احتجاج کے سلسلے میں گزشتہ روز ضلع لورالائی کے زیر اہتمام موجودہ حالات، بے مثال مہنگائی، بڑھتی ہوئی بے روزگاری اور بالخصوص پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اور ظالمانہ اضافے کے خلاف ایک بڑا، منظم اور شاندار احتجاجی مظاہرہ اور جلسہ عام منعقد کیا گیا، جس میں ہزاروں افراد نے بھرپور شرکت کی جلسہ پارٹی کے مرکزی سیکرٹری چیئرمین اللہ نور کاکڑ کی صدارت میں منعقد ہوا جلسے سے خطاب کرتے ہوئے مرکزی سیکرٹری اللہ نور کاکڑ، ضلعی سیکرٹری مصطفیٰ کمال کاکڑ، صوبائی ڈپٹی سیکرٹریز نعمت جلالزئی، غنی فدائی، سلام ناصر، نظام کاکڑ، مر...... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

لورالائی، منشیات کے عادی افراد کے سینٹر پر فائرنگ کرنے والا ملزم اسلحہ سمیت گرفتار

لورالائی (خ ن) لورالائی پولیس کی بروقت کارروائی کے نتیجے میں گزشتہ رات منشیات عادی افراد کے سینٹر پر فائرنگ کرنے والے ملزم کو اسلحہ سمیت گرفتار ایس ایچ او تھانہ شہید محمد اشرف ترین سٹی لورالائی سب انسپکٹر محمد شریف موسیٰ خیل کی سربراہی میں پولیس ٹیم نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے فائرنگ کے واقعہ میں ملوث ملزم انور خان ولد شیر خان قوم تاترز ساکن ماڈل ٹاؤن لورالائی کو گرفتار کر لیا۔ ملزم کے قبضے سے واردات میں استعمال ہونے والی موٹر سائیکل اور پستول بھی برآمد کر لی گئی۔

کوئٹہ: صوبائی وزیر محمد خان لہڑی سے لوگ ملاقات کر رہے ہیں

آج پاکستان باوقار، مخلص شخصیت سے محروم ہو گیا، بابا غلام رسول عمرانی

ذوالفقار علی کھوسہ کے انتقال سے پیدا خلاء مدتوں پر نہیں ہو سکے گا، صوبائی مشیر لیبر

تمبو (اے این این) صوبائی مشیر برائے لیبر اینڈ مین پاور بیریسٹر چیف سردار بابا غلام رسول خان عمرانی نے اپنے ایک تعزیتی بیان میں پنجاب کے سینئر سیاستدان اور سابق گورنر پنجاب چیف سردار ذوالفقار علی خان کھوسہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے انہوں نے کہا کہ سردار ذوالفقار علی خان کھوسہ ایک منجھے ہوئے، بااصول، مدبر اور عوامی خدمت کے جذبے سے سرشار رہنما تھے، جنہوں نے اپنی پوری سیاسی زندگی میں عوامی خدمت...... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

حکمرانوں کو شاہی طرز زندگی ترک کر کے عوام کو ریلیف دینا ہوگا، مولانا ہدایت الرحمٰن

ایران، امریکہ کے درمیان ثالثی قابل تعریف، وفاق کو بلوچستان میں بھی حقوق و امن کی فراہمی کیلئے کردار ادا کرنا چاہئے، ایم پی اے

مہنگائی و بیروزگاری نے صوبے میں ڈیرے ڈال دیئے، امن و امان کا فقدان، روزگار نا پید، بارڈرز قبضہ ہے، صوبائی امیر جماعت اسلامی

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ حکمرانوں کو شاہی طرز زندگی مفت خوری ختم کر کے عوام کو ریلیف دینا ہوگا ایران، امریکہ، اسرائیل کے درمیان ثالثی کا کردار قابل تعریف ہے وفاق کو بلوچستان میں بھی مسائل کے حل حقوق و امن کی فراہمی زیادتیوں کو ختم کرنے کیلئے ایسا ہی کردار ادا کرنا چاہئے ان خیالات کا اظہار انہوں نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ حکمرانوں کی زندگی مغل بادشاہوں جیسا لوٹ مار و بدعنوانی عروج پر ہیں مہنگائی و بے روزگاری نے بلوچستان میں ڈیرے ڈال دیئے ہیں امن و امان کا فقدان، روزگار ناپید بارڈرز و تجارت پر قبضہ ہیں بلوچستان کے عوام سے جینے کا حق چھین لیا گیا ہے ...... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

چینی صدر سے تائیوان کی اپوزیشن رہنما چینگ لی ون کی ملاقات

آبنائے تائیوان کے دونوں اطراف رہنے والے لوگ چینی ہیں، صدر شی

بیجنگ (این این آئی) عوامی جمہوریہ چین کے صدر شی جن پنگ سے بیجنگ میں تائیوان کی اپوزیشن رہنما چینگ لی ون نے ملاقات کی ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق ملاقات میں چینی صدر نے کہا کہ دنیا میں صدیوں میں نہ دیکھے گئے بڑے تغیرات رونما ہو رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا ہے کہ چینی قوم کی تجدید کا رجحان تبدیل نہیں ہوگا۔ صدر شی جن پنگ نے یہ بھی کہا کہ آبنائے تائیوان کے دونوں اطراف رہنے والے لوگ چینی ہیں اور سب امن کے خواہاں ہیں...... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

عصمت اللہ اچکزئی کی وفات سے پیدا خلاء مدتوں پر نہیں ہو سکے گا، اے این پی

مرحوم عصمت اللہ اچکزئی فکر باچا خان کے مخلص نظریاتی اور ثابت قدم رکن تھے، بیان

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی بیان میں پارٹی کے صوبائی کونسل کے رکن اور پشتون سٹوڈنٹس فیڈریشن کے سابق صوبائی صدر عصمت اللہ اچکزئی کی قومی سیاسی اور وطنی خدمات پر انہیں خراج تحسین و خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ...... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

جمعیت کوئٹہ کے نمائندہ اجلاس سے مولانا عبدالرحمٰن رفیق اور حاجی عین اللہ شمس خطاب کر رہے ہیں

جنگ بندی کے بعد فضائی حدود کھلتے ہی عراق کا فلائٹ آپریشن بحال

بغداد، بصرہ اور اربیل ایئرپورٹس سے 12 پروازیں آپریٹ کی گئیں، ذرائع

بغداد (این این آئی) امریکا اور ایران کے درمیان جنگ بندی کے بعد فضائی حدود کھلتے ہی عراق کا فلائٹ آپریشن بھی فعال ہو گیا۔ ذرائع کے مطابق 24 گھنٹوں کے دوران بغداد، بصرہ اور اربیل ایئر پورٹس سے 12 پروازیں آپریٹ کی گئیں۔ مشرق وسطیٰ کی...... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

سعودی ایئر لائنز کی دبئی، ابوظہبی اور عمان کے لیے استثنائی پروازوں کی بحالی

مسافروں کو ایئر پورٹ جانے سے قبل اپنی پروازوں کی صورتحال چیک کرنے کی ہدایت

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کے ایئر لائنز گروپ 11 اپریل سنہ 2026 سے دبئی، ابوظہبی اور عمان کے لیے اپنی جزوی استثنائی پروازیں دوبارہ شروع کر رہا ہے۔ سعودی ایئر لائنز نے سماجی رابطے کے پلیٹ فارم ایکس پر اپنے آفیشل اکاؤنٹ کے ذریعے ایک ٹویٹ میں بتایا ہے کہ ان مقامات کے لیے روزانہ کی بنیاد پر استثنائی پروازیں چلا کر آپر...... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کیلئے پرعزم ہیں، چیئرمین پی اے سی

کوتاہی و سستی برداشت نہیں، اضلاع میں جاری ڈیمز کی تعمیر مقررہ وقت کے اندر مکمل ہونی چاہئے، اصغر علی ترین

خود ان منصوبوں کی تکمیل یقینی بنانے کیلئے مسلسل نگرانی کریں گے، 100 ڈیمز منصوبہ پروجیکٹ ڈائریکٹر کے اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی اصغر علی ترین نے اپنے دفتر میں 100 ڈیمز منصوبہ پراجیکٹ ڈائریکٹر کے ساتھ ایک اہم اجلاس منعقد کیا، جس میں منصوبے کی پیش رفت اور درپیش امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس ترمیم شدہ قواعد و ضوابط کے سیکشن 6 کے تحت طلب کیا گیا، جس میں چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نے سو ڈیمز کے پراجیکٹ ڈائریکٹر کو طلب کر کے منصوبوں کی رفتار اور شفافیت کا جائزہ لیا چیئرمین نے بالخصوص پیکیج تھری کی پیش رفت رپورٹ طلب کی، جس پر پراجیکٹ ڈائریکٹر اور ان کی ٹیم نے تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے اب تک کی کارکردگی، درپیش چیلنجز اور آئندہ کے لائحہ عمل سے آگاہ کیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی اصغر علی تر...... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر